ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | اتوار 18 رجب 1446ھ 19 جنوری 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 203
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2006@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان میں وہ ترقی نہیں ہے جو اس کا حق ہے نوجوان منفی پروپیگنڈوں پر یقین نہ کریں، سرفراز بگٹی

بندوق کسی بھی مسئلے کا حل نہیں

بندوق کے زور سے نظریے قائم نہیں کئے جاسکتے ہیں اور نہ بندوق کے ذریعے ریاستیں ٹوٹتی ہیں، ہم بحیثیت بلوچ کس طرح جا رہے ہیں ہمیں مثبت سوچ اپنانا ہوگی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے پاس اس وقت جو وسائل ہے وہ دو سو دس ارب روپے کے قریب ہیں ماضی میں یہ پیسے خرچ نہیں کئے گئے انشاء اللہ پہلی دفعہ ہماری حکومت ان پیسوں کو خرچ کریگی

ریاست سب سے مقدم ہے لاحاصل جنگ سے کچھ حاصل نہیں ہوگا بلوچستان کے عوام ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان ہی ہمارا بہتر مستقبل ہے، نوکنڈی میں اجتماع سے خطاب

ریکوڈک منصوبے کی ترقی نے بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو بڑھا دیا منصوبے سے حاصل ہونے والا ریونیو چاغی اور رخشان ڈویژن کی عوام پر خرچ ہوگا

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے روزنامہ کی بنیاد پر تحصیل نوکنڈی میں واقع پاک ایران کراسنگ پوائنٹ راجے گزر پر تیل والی گاڑیوں کو 250 سے بڑھا کر 350 تک کرنے کا اعلان کردیا

دالبندین، چاغی (نمائندہ خصوصی، رخ ن، آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوکنڈی عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا آج میں اس سرزمین پر کھڑا ہوں، بلوچستان میں جس طرح کے حالات رہے ہیں ان قبائل نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستانی ریاست سے جڑے رہے ہیں اور مضبوط کردار ادا کیا ہے۔ یہ جو بلوچستان کے موجودہ حالات ہیں ہمیں بحیثیت بلوچ کس منزل کی طرف دھکیلا جا رہا ہے کیا یہ منزل حاصل کی جا سکتی ہے جس جنگ کی طرف ہمیں مسلط کی جا رہی ہے جس جنگ کی بنیادی وجوہات بتائی جا رہی ہے یہ جنگ یہ بندوق کبھی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے بحیثیت بلوچ بحیثیت بلوچستان آج تک ہمیں جو حقوق ملے ہیں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی، چینی کمپنیوں میں 25 کروڑ ڈالرز کا معاہدہ

طبی ہیلتھ، انجینئرنگ اور منرلز شو کا انعقاد لاہور میں کیا جائے گا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور چین کی کمپنیوں نے میڈیکل، سرجیکل کے شعبہ جات میں تجارت کو فروغ دینے کیلئے تقریباً 25 کروڑ ڈالر کی مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیے، جا کا ا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمن چارسدہ میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

اگر آپ سمجھتے نہیں تو کل آپ کا گریبان اور ہمارا ہاتھ ہوگا، مولانا فضل الرحمن

ملک ہمارا اس میں امن چاہتے ہیں یہ کسی کی جاگیر نہیں اسے بناتے وقت اسلام کے نام پر لوگوں نے قربانیاں دیں' قائد جمعیت

ہم چاہتے ہیں آپ ہماری بات سمجھیں ایسے انتخابات سے ہمیں نہ ٹرخایا جائے الیکشن تو حسینہ واجد نے بھی کئے ان کا کیا حال ہوا

ہم نے آئین میں انسانی حقوق کا تحفظ کیا، موجودہ اسمبلیوں کی کوئی حیثیت نہیں ایسی اسمبلیاں تو میں خود ٹی سے بنا سکتا ہوں' چارسدہ میں تقریب سے خطاب

پشاور (م ڈ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا ہے کہ اگر آپ نہیں سمجھتے تو کل آپ کا گریبان اور ہمارا ہاتھ ہو گا چارسدہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ملک کسی کی جاگیر نہیں، ملک بناتے وقت۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ وصوبائی وزیر فیصل جمالی لائیو اسٹاک ایکسپو کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ انیشیٹو کو اپنانے والا پہلا ملک ہے، وزیر اعظم

ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ڈیجیٹائزیشن کو اپنانے، ڈیجیٹل سروسز پر مشتمل فریم ورک براہ راست سرمایہ کاری کیلئے ترغیب کا باعث بن سکتے ہیں

پاکستان جامع ڈیجیٹل معیشت کی طرف گامزن، اقدام معاشی ترقی کو فروغ دینے کیلئے حکومت پاکستان کے عزم کا عکاس ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ڈیجیٹائزیشن کو اپنانے، نئی ڈیجیٹل سرگرمیوں و برآمدات کی ڈیجیٹل سروسز پر مشتمل فریم ورک براہ راست بیرونی سرمایہ کاری کیلئے ترغیب کا باعث بن سکتے ہیں جو ملک میں سرمایہ کاری دوست ماحول کی فراہمی کی جانب انتہائی اہم سنگ میل ہے، شہباز شریف نے پاکستان کے ورلڈ اکنامک فورم اور ڈیجیٹل کوآپریشن۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

نوکنڈی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ریکوڈک مائننگ کمپنی کے تعاون سے قائم ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کا معائنہ کر رہے ہیں

علی گوہر کی آرمی چیف سے ملاقات کی تفصیلات کا علم ہے نہ ملاقات تھی نہ ہی مذاکرات کہا جاسکتا ہے، دو تین دور سے زیادہ مذاکرات نہیں چلتے، عرفان صدیقی

زیر سماعت کیسز میں حکومت کوئی رکاوٹ نہیں ڈالے گی

پی ٹی آئی کا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی چینل نہیں کھلا، رانا ثناء اللہ

جمہوریت ڈیڈلاک سے نہیں ڈائیلاگ سے آگے چلتی ہے، سیاسی مذاکرات سیاسی جماعتوں کے لیول پر ہی ہونے چاہئیں، اس کے سوا کوئی اور آپشن نہیں ہے، رکن مذاکراتی کمیٹی

"ملاقات" کی ساری تفصیلات اور مکالموں کا علم ہے لیکن اگر علی گوہر ایسا ہی سمجھتے ہیں اور اگر علیمہ خان صاحبہ بھی اسے خوش آیند قرار دے رہی ہیں تو مذاکرات ایسے کس طرح چلیں گے

اب چھوٹے چھوٹے دروازوں، کھڑکیوں اور روشندانوں میں جھانکنے کا کوئی فائدہ نہیں، ہمیں کچھ کہنے کے بجائے یہ اپنی مذاکراتی ٹیم کو سمجھائیں، مسلم لیگ ن کے سینیٹر کا بیرسٹر گوہر کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (زاہد احمد خان) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے رکن رانا ثناء اللہ نے دعویٰ کیا ہے کہ پی ٹی آئی کا اسٹیبلشمنٹ سے کوئی چینل نہیں کھلا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام 'نیا پاکستان' رانا ثناء اللہ نے کہا کہ جمہوریت ڈیڈلاک سے نہیں ڈائیلاگ سے آگے چلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کو لکھ کر دینے کو تیار ہیں کہ زیر سماعت کیسز میں حکومت کوئی رکاوٹ نہیں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بند لفافہ کھولے اس میں کیا لکھا ہے عوام کو بتائے، عمران خان

جب مقدمے کا مقصد محض پروپیگنڈہ کر کے صبح وشام جھوٹ بولنا ہو تو کوئی چیز پبلک نہیں ہو سکتی' بانی پاکستان تحریک انصاف

بشریٰ بی بی کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں' گھریلو خاتون کو سیاست میں گھسیٹ کر ان کا وقار مجروح کرنا ہماری معاشرتی، اخلاقی اور مذہبی روایات کے منافی ہے

نظریات پر سمجھوتہ وہ کرتے ہیں جو خوف کے سائے تلے رہتے ہیں، مجھے اللہ کی ذات کے سوا کسی چیز کا خوف نہیں' اڈیالہ جیل میں وکلاء و میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور سابق وزیراعظم عمران خان نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا ملنے پر مزید ردعمل دیا ہے کہ نام نہاد 'بند لفافے' کو حکومت اور تحقیقاتی ادارے کھولیں، اس میں کیا لکھا ہے عوام کو بتائیں تاکہ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

190 ملین پاؤنڈ کیس فیصلے سے دنیا کے سامنے شرمندگی ہوئی، علیمہ خان

فلاحی ادارہ گورنمنٹ کو دیدیا گیا، بانی پی ٹی آئی کی سزا کے خلاف ہائیکورٹ جائیں گے

رشوت کا کیس بانی پی ٹی آئی پر بنایا گیا، فلاحی ادارے کو گورنمنٹ کے حوالے کردیا گیا، وکیل

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم عمران خان کی بہن علیمہ خان نے 190 ملین پاؤنڈ کیس فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا پاکستان میں ہوتا رہا ہے جب جس کو دل کرے مقدمے میں نامزد کر دیں، دنیا کے سامنے شرمندگی ہوئی، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان نے کہا 9 مئی اور 5 اکتوبر کے 2 کیسز میں اے ٹی سی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

جیلیں انڈر ٹرائل ملزموں سے بھر گئیں، گنجائش سے زیادہ قیدی ہونے کا انکشاف

منشیات جرائم والے افراد کو جیل میں زیادہ قید میں رکھنا مسئلے کو مزید بڑھا دیتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جیلیں انڈر ٹرائل ملزموں سے بھر گئیں، گنجائش سے زیادہ قیدی ہونے کا انکشاف سامنے آگیا، رپورٹ میں نشاندہی کی منشیات جرائم۔۔۔۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عوام وکارکنان کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے' سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے دورہ چاغی کے دوران پی پی چاغی کے صدر کی قیادت میں وفد کی ملاقات' مسائل سے آگاہ کیا

چاغی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے دورہ چاغی کے دوران پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چاغی کے صدر ملک رحمت اللہ نوتیزئی کی قیادت میں پارٹی عہدیداروں کے وفد نے ملاقات کی ملاقات میں ضلعی عہدیداروں نے وزیر اعلیٰ کو کارکنان اور۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی صارفین کو 1 روپے 3 پیسے فی یونٹ واپس کرنے کی درخواست دائر

دسمبر میں ڈسکوز کو 7 ارب 51 کروڑ 60 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی، سی پی پی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے دسمبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت صارفین کو 1 روپے 3 پیسے فی یونٹ واپس۔۔۔۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان اپنے ہی کھودے گڑھے میں گر گئے، انگریزی اخبار کی شہ سرخی

اخبار کا ایک قدم آگے بڑھتے ہوئے شیکسپیئر کے پلے کا استعمال، خبر میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سنایا گیا فیصلہ تفصیل سے بیان کیا

جج ناصر جاوید رانا کی جانب سے سنایا گیا فیصلہ سابق وزیراعظم اور پی ٹی آئی کے بانی کو بدعنوانی کے مقدمے میں سنائی گئی پہلی سزا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان اور اہلیہ بشریٰ کو 190 ملین پاؤنڈ کیس (القادر ٹرسٹ کیس) میں سزائیں سنائی جا چکیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

نوکنڈی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ پیر کے روز چیلنج کرنے کا فیصلہ

سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں لیگل ٹیم کی بریفنگ، مذاکرات کے امور پر بھی تبادلہ خیال

اجلاس میں عمر ایوب، شبلی فراز، علی امین گنڈاپور، اسد قیصر، سلمان اکرم راجہ ودیگر شریک

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ پیر کے روز چیلنج کرنے کا فیصلہ کرلیا، چیئرمین بیرسٹر گوہر کی سربراہی میں پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں عمر ایوب، شبلی فراز، علی امین گنڈاپور، اسد قیصر، سلمان اکرم راجہ ودیگر شریک ہوئے، پی ٹی آئی ذرائع کے مطابق اجلاس میں القادر کیس کے فیصلے اور مذاکرات کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں لیگل ٹیم کی جانب سے القادر ٹرسٹ کیس پر بریفنگ دی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ قذاقوں کیخلاف سرگرم ٹاسک فورس کی قیادت پھر سنبھالے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاک بحریہ قذاقوں کے خلاف سرگرم ٹاسک فورس 151 کی قیادت 11 ویں بار سنبھالے گی، پاک بحریہ 22 جنوری کو ترکیہ سے سی ٹی ایف 151 کا چارج لے گی، سی ٹی ایف 151 کی کمان۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل نے 95 فلسطینی قیدیوں کی فہرست جاری کردی

فہرست میں 69 خواتین، 16 مرد اور 10 نابالغ شامل ہیں، فرانسیسی خبر ایجنسی

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیل نے جنگ بندی معاہدے کے تحت رہا ہونے والے 95 فلسطینی قیدیوں کی فہرست جاری کردی، اکثریت خواتین کی ہے، فرانسیسی خبر ایجنسی کے مطابق فہرست میں 69 خواتین، 16 مرد اور 10 نابالغ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

جامعہ اشرفیہ کا 190 ملین پاؤنڈ کیس میں پی ٹی آئی کے کردار پر اظہار تشویش

اسلام کے نام پر کھیل کھیلنا اور کرپشن کی پردہ پوشی کیلئے اسلامی اقدار کا استعمال نہایت افسوسناک ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) جامعہ اشرفیہ کی جانب سے القادر ٹرسٹ کیس میں پی ٹی آئی کے کردار پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا، بیان میں کہا گیا پی ٹی آئی کا اسلام کے نام پر کھیل کھیلنا اور کرپشن کی پردہ پوشی کیلئے اسلامی اقدار کا استعمال نہایت افسوسناک و قابل مذمت عمل ہے، دنیاوی مفادات کیلئے مذہب کو استعمال کرنا نہ صرف اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

موریطانیہ کشتی حادثے کی تحقیقات میں اہم پیشرفت، خاتون سمیت 2 سمگلر گرفتار

ملزمہ نے تفتیش کے دوران اپنے اور بیٹوں کے انسانی سمگلنگ میں ملوث ہونے کا اعتراف کرلیا، موبائل اور بینک اکاؤنٹ تفصیلات بھی حاصل

کشتی حادثے پر 3 مقدمات درج، چاروں ملزم واقعہ کے بعد سے روپوش، گھروں کو تالے لگے، نام سٹاپ لسٹ میں ڈال دیئے گئے، ایف آئی اے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی موریطانیہ کشتی حادثہ تحقیقات میں اہم پیشرفت، خاتون انسانی سمگلر سمیت 2 ملزموں کو گجرات سے گرفتار کرلیا گیا، واقعہ میں خاتون ملزمہ کا بیٹا بھی شامل ہے جبکہ ایک سمگلر کو آزاد کشمیر کے علاقے بھمبر سے گرفتار کیا گیا، ملزمہ نے تفتیش کے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

نئی ریگولیشن پالیسی، مہنگا حج کرنیوالوں کے نام ایف بی آر کو بھیجنے کا فیصلہ

30 لاکھ روپے سے زائد کا حج کرنے والوں کی سکیورٹی کلیئرنس لازمی قرار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے نئی سکیم کے ذریعے حج کرنیوالوں کیلئے نئی ریگولیشن پالیسی جاری کردی، مہنگا حج کرنیوالوں کے نام ایف بی آر کو بھیجے جائیں گے، 30 لاکھ سے زائد کا حج کرنے کے خواہشمندوں کی سکیورٹی کلیئرنس لازمی قرار دی گئی، پالیسی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی حکومت مدت پوری کریگی یا نہیں علم نہیں بس دعا کریں، خورشید شاہ

آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع حالات کی ضرورت تھی، پارلیمنٹ تکلیف دہ فیصلے بھی کرتی یہی بالادستی ہے

پی ٹی آئی حکومت کو عدم اعتماد سے نہیں ہٹانا چاہیے تھا، ن لیگی وزرا اور ایم این ایز اپنی پنجاب حکومت سے بہت پریشان ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما خورشید شاہ نے کہا ہے وفاقی حکومت مدت پوری کرے گی یا نہیں، علم نہیں، بس دعا کریں، اپنے بیان میں خورشید شاہ نے کہا تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی حکومت کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے نہیں ہٹانا چاہیے تھا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن

اعظم خان اور راجہ انعام امین منہاس کل ہونیوالی تقریب میں حلف اٹھائیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، کل حلف برداری تقریب ہوگی، صدر مملکت آصف زرداری۔۔۔۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا سیاست کیلئے مذہب کارڈ کا استعمال افسوسناک ہے، عطاء تارڑ

190 ملین پاؤنڈ اوپن اینڈ شٹ کیس، پی ٹی آئی والے خدا کا خوف کریں، مذہب کو درمیان میں نہ لائیں

بانی پی ٹی آئی کو رشوت اور ڈاکے کی سزا ملی، مذاکرات کا مقصد ملک میں سیاسی استحکام لانا ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے پی ٹی آئی کا سیاست کیلئے مذہب کارڈ کا استعمال افسوسناک ہے، لاہور میں علما کرام کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا 190 ملین پاؤنڈ اوپن اینڈ شٹ کیس تھا، عدالتی فیصلہ ملکی تاریخ کا اہم ترین فیصلہ ہے، پی ٹی آئی دور میں شہزاد اکبر نے ایسٹ ریکوری یونٹ بنایا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے 12 رکنی انسانی حقوق کمیٹی تشکیل دیدی

کمیٹی عالمی برادری کے سامنے انسانی حقوق کے خلاف ورزیوں کا معاملہ رکھے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف نے انسانی حقوق کمیٹی تشکیل دے دی، پارٹی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل فردوس شمیم نقوی نے کمیٹی کا نوٹیفکیشن جاری۔۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر کا تقریب میں قبائلی عمائدین استقبال کر رہے ہیں

بنوں پولیس سٹیشن پر شرپسندوں کا گرینیڈ حملہ، بم ناکارہ بنادیا گیا

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں میرا خیل پولیس سٹیشن پر گرینیڈ حملہ کیا گیا، ذرائع کے مطابق شرپسندوں نے بنوں میں میرا خیل پولیس سٹیشن کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، میرا خیل پولیس سٹیشن پر ہینڈ گرینیڈ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

کشتی حادثہ، ایف آئی اے، آئی بی، وزارت داخلہ کی تحقیقاتی ٹیم مراکش چلی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مراکش کے قریب کشتی حادثے کے معاملے پر ایف آئی اے، آئی بی اور وزارت داخلہ کی ٹیم تحقیقات کیلئے مراکش چلی گئی، ذرائع کے مطابق ٹیم کشتی حادثے کے معاملے کے حقائق جمع۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی چوک احتجاج' گرفتار 30 ملزموں کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ

کیس میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی، مقدمہ خصوصی افسر ہی درج کراسکتا ہے، وکیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے ڈی چوک احتجاج کیس میں گرفتار 30 ملزموں کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کرلیا، ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے ڈی چوک احتجاج کیس میں گرفتار 30 ملزموں کی ضمانت۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ریکوڈک منصوبے میں حائل ایک اور رکاوٹ ختم، سعودی عرب سے جلد معاہدے کا امکان

سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک منصوبے میں 10 فیصد حصص حاصل کرے گا اور مستقبل میں حصص بڑھا سکتا ہے

دونوں ممالک چند مہینوں میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طرف بڑھ رہے ہیں، نظر ثانی شدہ قیمت کا تخمینہ مکمل کرلیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ریکوڈک کے حکومتی حصص سعودی عرب کو بیچنے کے منصوبے کی تکمیل کی راہ میں حائل ایک اور بڑی رکاوٹ کے خاتمے کے بعد پاکستان، سعودی عرب آئندہ چند مہینوں میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طرف بڑھ رہے ہیں، ایک اور متعلقہ پیشرفت میں ریکوڈک منصوبے کی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ ہیلتھ الائنس کے رہنماؤں کی نظربندی قابل مذمت، عطاء اللہ لانگو

صوبائی حکومت فوری طور پر ڈاکٹرز کے جائز مطالبات تسلیم کرے، صدر ہائیکورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میر عطا اللہ لانگو نے گرینڈ ہیلتھ الائنس کے رہنماؤں کی 3 ایم پی او کے تحت غیر قانونی نظر بندی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسا افسوس ناک رویہ مسیحاں کے ساتھ اپنانا قطعاً نیک شگون نہیں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کموڈور عاصم سہیل ملک کمبائنڈ ٹاسک فورس کی کمان رائل نیوزی لینڈ نیوی کے حوالے کر رہے ہیں

گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کا احتجاج ینگ ڈاکٹرز کا ملک گیر 2 گھنٹے ہڑتال کا اعلان

مسائل حل کرنے کی بجائے انتقامی کارروائیوں پر اترنے والی حکومت کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا' ترجمان گرینڈ الائنس

ڈاکٹر بہار شاہ وڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی رہائی کے بعد ڈی سی کی جانب سے تھری ایم پی او کے تحت 1 ماہ کیلئے جیل میں نظر بند رکھنا قابل مذمت ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + آن لائن) گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے 6 ادارے بند، 4 کے انضمام کی منظوری

وزارت کے 6 اداروں کو کم افرادی قوت کیساتھ برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا

مختلف اداروں کی رائٹ سائزنگ کا عملدرآمد پلان 20 جنوری تک شیئر کرنے کے احکامات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے 6 ادارے بند کرنے اور 4 کے انضمام کی منظوری دے دی، ذرائع کے مطابق وزارت کے 6 اداروں کو کم افرادی قوت کے ساتھ برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا مختلف اداروں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا جان محمد روڈ پر سلینڈر دھماکے کے واقعے کا فوری نوٹس

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کوئٹہ کے علاقے جان محمد روڈ پر گیس سلینڈر دھماکے کے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز امن کیلئے جانیں قربان کر رہی ہیں، یوسف رضا گیلانی

پوری قوم، پارلیمنٹ اور حکومت شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے، خطاب

جسمانی و ذہنی صحت کسی بھی قوم کی ترقی کا بنیادی ستون ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ جسمانی و ذہنی صحت کسی بھی قوم کی ترقی کا بنیادی ستون ہے۔ صحت۔۔۔۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

عافیہ صدیقی جو بائیڈن سے صدارتی معافی ملنے کیلئے پرامید

ناانصافی کا شکار ہوں، ہر دن اذیت ناک، آزاد ہو جاؤں گی، عافیہ صدیقی

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی حراست میں قید پاکستانی نیورو سائنٹسٹ ڈاکٹر عافیہ صدیقی نے امید ظاہر کی ہے کے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

نواز شریف نے اپنی ٹیم کو مذاکرات ناکام بنانے کا مشن دیدیا' بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی اور عسکری قیادت کی ملاقات کے بعد نواز شریف کیمپ میں کھلبلی مچ گئی، بیان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے الزام عائد کیا ہے نواز شریف نے اپنی ٹیم کو مذاکرات ناکام بنانے کا مشن سونپ دیا، بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا پی ٹی آئی اور عسکری قیادت کی ملاقات کے بعد نواز شریف کیمپ میں کھلبلی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی مذاکرات ختم کرے، نواز شریف قومی حکومت قائم کریں، محمود خان اچکزئی

مذاکرات کا مطلب ہے آپ ناجائز حکومت کو جائز قرار دے رہے ہیں، سابق وزیراعظم کو اب کہنا چاہیے بس بہت ہوگیا

عمران خان سمجھوتہ نہیں کر رہا اگر وہ سمجھوتہ کرے تو دوبارہ ملک کا وزیراعظم بن جائے گا، سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور حکومت کے مذاکرات کی مخالفت کردی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں سپریم کورٹ کی عمارت کے باہر فائرنگ، 2 جج جاں بحق، ایک زخمی

فائرنگ کے واقعہ میں سپریم کورٹ کے 3 ججوں کو نشانہ بنایا گیا، حملہ آور نے خود کو بھی گولی مار کر ہلاک کرلیا

جج کا محافظ بھی زخمی، قتل کیے جانے کی وجہ واضح نہیں ہوسکی، مرنے والوں میں آیت اللہ مقیسہ اور علی رازینی شامل

تہران (بیورو رپورٹ) ایران کے دارالحکومت تہران میں سپریم کورٹ کی عمارت کے باہر فائرنگ کر کے 2 ججوں کو قتل کردیا گیا، غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سرکاری میڈیا نے رپورٹ کیا ایرانی عدلیہ کی ویب سائٹ میزان آن لائن نے بتایا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

معروف معالج ڈاکٹر ادیب رضوی کی طبیعت ناساز، اسپتال داخل

کراچی (بیورو رپورٹ) معروف معالج اور سندھ انسٹیٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹ (ایس آئی یو ٹی) کے سربراہ ڈاکٹر ادیب حسن رضوی کی طبیعت ناساز ہوگئی، ڈاکٹر ادیب رضوی کو اچانک طبیعت خراب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں بارشیں برفباری حسب معمول گیس وبجلی غائب

محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے کئی علاقوں میں آج رات اور کل اتوار کو بارشوں کے پیش نظر سیلاب کے خطرے کی گھنٹی بجادی

ڈپٹی کمشنر، پی ڈی ایم اے اور این ایچ اے کو الرٹ، موٹروے پولیس کی جانب سے این 25 قومی شاہراہ پر ایمرجنسی نافذ برف ہٹانے کیلئے نمک پاشی کا کام جاری

موسم کی پیشنگوئی کے بعد بلوچستان بھر میں متعلقہ قومی شاہراہوں پر بھاری مشینری و ریسکیو ٹیمیں تعینات' بارشوں و برف باری سے پیدا صورتحال سے نمٹنے کیلئے عملہ الرٹ

کوئٹہ + اندرون بلوچستان (سٹی رپورٹر + آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بارش اور صوبے کے مختلف علاقوں چمن، کوژک ٹاپ، شیلا باغ، مسلم باغ، زیارت، قلعہ سیف اللہ، خانوزئی سمیت دیگر علاقوں میں پہاڑوں پر برف باری اور موسلا دھار بارش سے تھی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

حملہ آور کو سیف پر بار بار حملہ کرتے دیکھا، کرینہ کپور کا پولیس کو بیان

حملہ آور موقع سے فرار ہوتے وقت گھر کی کوئی قیمتی چیز ساتھ لے کر نہیں گیا، اداکارہ

ممبئی (بیورو رپورٹ) بالی ووڈ اداکار سیف علی خان پر گھر میں ہونے والے حملے کے بعد اہلیہ کرینہ کپور نے پولیس کو بیان درج کرادیا، بھارتی میڈیا کے مطابق کرینہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

تربت، پولیس پر مسلح افراد کا حملہ اسلحے بھی ساتھ لے گئے

درجن بھر مسلح افراد نے حملہ کر کے پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنایا

تربت (آن لائن) پولیس پر مسلح افراد کا حملہ اسلحے بھی ساتھ لے گئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے شہر تربت میں مسلح افراد نے ایک پولیس چوکی پر حملہ کردیا، اہلکاروں کو یرغمال بنا کر مسلح افراد اسلحہ لے گئے پولیس ذرائع کے مطابق تربت میں پرانا چونگی پولیس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

حب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مزدور جاں بحق

حب (این این آئی) حب میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ہوٹل میں کام کرنے والا مزدور جاں بحق اس سلسلے میں ابتدائی ذرائع کے مطابق جمعہ کی شام کو حب میں ساکران روڈ پر قائم ہوٹل میں نامعلوم افراد نے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ایک دن کے چوزے کا ریٹ 60 روپے سے 220 کیسے ہوا؟

مسابقتی کمیشن نے ریکارڈ طلب کرلیا، پولٹری سیکٹر کی خرابی ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) مسابقتی کمیشن آف پاکستان نے ایک دن کا چوزہ مہنگا ہونے کا معمہ حل کرنے کیلئے ریکارڈ طلب کرلیا۔ ایک دن کے چوزے کا بھاؤ 60 روپے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان و بشریٰ بی بی کو سیرت النبیؐ پڑھانے کی سزا دی گئی ہے، داؤد شاہ کاکڑ

صوبائی سیکرٹریٹ و عہدیداران پر پولیس کیجانب سے چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں

سندھ پولیس نے پرامن مظاہرین کو گرفتار کرلیا ہے، بی بی دین بلوچ

تحریک انصاف کے رکن اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ و دیگر کا اظہار تعزیت

ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو گرفتار کرنا بدترین انتقامی کارروائی ہے، اپریکا

حکومت کی جانب سے سرکاری اداروں اور ملازمین کیخلاف ظالمانہ پالیسیاں اپنائی جارہی ہیں، ظہور بلوچ

بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل سے انکے بھائی کی وفات پر مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری تعزیت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سول ہسپتال کوئٹہ کی لیبارٹری کا معائنہ کررہے ہیں

عقیدہ ختم نبوت کے دفاع اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، مولانا حفیظ اللہ

امت مسلمہ کے دنیا اور آخرت کی کامیابی نبی کریمؐ کی سیرت پر چلنے میں مضمر ہے

اے سی سٹی کا گیس سلینڈر سے تباہ شدہ گھر کا دورہ، اہل خانہ کو ہر ممکن مدد کی یقین دہانی

کوئٹہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف نے جان محمد روڈ پر واقع گیس سلنڈر سے تباہ شدہ گھر کا دورہ کیا اور زخمی خاتون کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے خاتون کے اہل خانہ سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں ہر ممکن مدد کا یقین دہانی کرائی اور انہیں بتایا کہ کسی بھی قسم کی ضرورت درکار ہو تو اسسٹنٹ کمشنر سٹی سے رابطہ کرسکتے ہیں انہوں نے اس دوران تمام نقصانات کا جائزہ لیا اور نقصان کا تخمینہ بھی لگایا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کیس پر عمل درآمد کرانے کی یقین دہانی کرائی۔

مدرسہ دارالعلوم سیدنا علی المرتضیٰ گنداخہ میں علاقائی معززین شخصیات کی آمد

جام آف لسبیلہ فیملی کی تخلیق ملک کیلئے خدمات سنہری تاریخ کا حصہ ہیں، چوہدری شبیر

ریاست لسبیلہ کا پاکستان کے ساتھ الحاق جام غلام قادر کی مخلصانہ قیادت میں ہوا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات و ترجمان چوہدری شبیر نے کہا ہے کہ جام آف لسبیلہ فیملی کی تخلیق پاکستان اور تعمیر بلوچستان کے لئے خدمات سنہری تاریخ کا حصہ ہیں اور جام خاندان کے اپنے علاقے کے لیے مثبت سوچ اور تعمیری کردار کی وجہ ... بات انہوں نے حب جلسے میں وزیراعلیٰ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ نہ صرف ریاست لسبیلہ کا پاکستان کے ساتھ الحاق جام غلام قادر کی مخلصانہ قیادت میں ہوا بلکہ تخلیق پاکستان سے لے کر تعمیر بلوچستان اور بالخصوص حب اور ضلع لسبیلہ کے لیے جام خاندان ...

عبدالباقی سکنہ علی ملک کنا بقضائے الٰہی انتقال کرگئے ہیں، نماز جنازہ ادا کردی گئی

کوئٹہ: بی این پی کے مرکزی رہنما ساجد ترین ایڈووکیٹ ... سے ملاقات کررہے ہیں

اظہار تعزیت

میٹروپولیٹن کارپوریشن کی نااہلی نے شہر کو گندگی کا ڈھیر بنا دیا ہے، جلیل لانگو

میٹروپولیٹن کارپوریشن باقاعدہ سربراہ سے محروم ہے جس سے کوئٹہ لاوارث شہر بن گیا ہے

میر ظہور بلیدی رئیسانی مرحوم کے صاحبزادہ انتقال کرگئے

بارشوں کی پیشنگوئی، عوام احتیاطی تدابیر اختیار کریں، جمال شاہ کاکڑ

تیز بارشوں کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، رکن قومی اسمبلی

برفباری میں لوگ غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، جی ایم این اے نارتھ

ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ کو جیل میں نظر بند رکھنے کی مذمت کرتے ہیں، گرینڈ ہیلتھ الائنس

جمعیت علماء اسلام کی صدارت میں اجلاس منعقد ہورہا ہے

جام کمال کا کردار بلوچستان کی ترقی اور عوامی خدمت میں مثالی رہا ہے، مصلح الدین

وزیر صحت پر الزامات قابل مذمت ہیں، خان جمال خان

عدلیہ نے عمران خان کے قانونی اور آئینی معاملات کا فیصلہ دیگر انصاف کا تقاضا کیا، ظہور بلیدی

حافظ حبیب اللہ بازئی کی ہمشیرہ انتقال کرگئیں

بلوچ خواتین اور بچوں پر لاٹھی چارج اور گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں، نیشنل پارٹی

بلوچستان کے مختلف اداروں میں 10 ایسوسی ایشن کی رجسٹریشن منسوخ کردی

سردار اختر جان مینگل کے بھائی میر مظفر اللہ مینگل کی وفات پر کاشف حیدری کی تعزیت

عدالتی فیصلوں پر قبل از وقت مباحثے سمجھ سے بالاتر ہیں، سید صادق آغا

محمد مراد کاکڑ کی دادی انتقال کرگئیں

اتحاد کے بغیر ترقی ممکن نہیں، مولانا سمیع اللہ آغا

زبیح اللہ ترین کے والد محمد ترین طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے

اسمٰعیل کاسی کا وزیر صحت کے خلاف بیان

اشتہار برائے فراہمی ثبوت برائے دعویداران / قرض دہندگان

بیٹیشن JCM No. 29 OF 2019
... Winding up
... IDBL ...
idbl@idbl.com.pk
kasimnawaz@yahoo.com
(92-21) 99213615

وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی کارکردگی قابل تعریف، ہسپتالوں میں بہتری آئی ہے، کریم خان

جی ای او باسم کاکڑ عبدالغفور بابر کی وفات پر اظہار تعزیت

انسانیت کی خدمت عبادت سے کم نہیں، محمد صادق آغا

کوئٹہ میں پیدل چلنا محال ہوچکا ہے، ہر جگہ تجاوزات کی بھرمار ہے، نذیر بڑیچ

محمد گل کاکڑ انتقال کرگئے

ملازمین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، نیاز احمد بچاری

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ڈیجیٹل لائبریری کے قیام، بجلی کی صورتحال بہتر کرنے کیلئے اقدامات کرینگے، غلام دستگیر

گرلز کالج کے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے، ایم پی اے کا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نوشکی کا دورہ

عملے کی بے لوث کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کالج کی لائبریریوں اور سائنس لیبارٹریوں کا معائنہ کیا

نوشکی (آن لائن) ایم پی اے نوشکی غلام دستگیر بادینی نے گزشتہ روز گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نوشکی کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران کالج کی پرنسپل زرینہ ملک نے انہیں کالج کی کامیابیوں اور چیلنجز سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ ایم پی اے میر غلام دستگیر بادینی نے کالج کی کارکردگی اور پرنسپل کی محنت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی قائدانہ صلاحیتوں کو خوب سراہا۔ ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے عملے کی بے لوث کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے کالج کی لائبریریوں اور سائنس لیبارٹریوں کا معائنہ کیا۔ عملے اور طلباء کے مسائل سننے کے دوران، بجلی کی قلت، عملے کی کمی، اور وسائل کی کمی جیسے اہم چیلنجز سامنے آئے جنہیں حل کرنے کے لیے انہوں نے فوری اقدامات کا یقین دلایا۔ انہوں نے ڈیجیٹل لائبریری کے قیام، بجلی کی صورتحال بہتر کرنے، اور تدریسی عملے کی کمی کو پورا کرنے کے وعدے کیے۔ طالبات و کالج عملہ کو مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گرلز کالج کے مسائل کو حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے، کالج کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہوگا۔ کالج پرنسپل نے ایم پی اے کے دورہ کالج کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ دورہ نہ صرف عملے بلکہ طالبات کے لیے بھی زبردست حوصلہ افزائی کا باعث بنا۔ تعلیم کے فروغ میں دلچسپی لیتے ہوئے ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے ان عملی وعدوں نے تعلیم کے شعبے میں بہتری کے امکانات کو روشن کر دیا۔

چوروں نے تارن محلے کے ٹرانسفارمر سے قیمتی چیزیں چوری کرلیں

دکی (یو این اے) شہر سے متصل میونسپل کمیٹی دکی کے حدود میں محلہ نصیب آباد میں گزشتہ شب نامعلوم چوروں نے تارن محلے کے سو کے وی ٹرانسفارمر کو اتار کر ٹرانسفارمر سے قیمتی سامان کو نکال اور...

بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی

مختلف مقدمات میں ملوث 4 ملزمان گرفتار کرلیا گیا

ژوب فلسطینیوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کیلئے ریلی نکالی گئی

جانوروں کے حقوق کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، جسٹس عائشہ ملک

جانوروں پر ہونیوالے ظلم پر سخت سزا ضروری، تنظیمیں اچھا کام کر رہی ہیں، مزید کام ہونا چاہیے، جج سپریم کورٹ

جہاں انسانی جانوں کے حقوق مقدم وہیں جانوروں کے حقوق کی بھی ذمے داری بنتی ہے، کانفرنس سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کی جج جسٹس عائشہ اے ملک نے کہا ہے پاکستان میں جانوروں کے حقوق کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، جانوروں پر ہونے والے ظلم پر سخت سزا ہونا ضروری ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور کے نجی ہوٹل میں ماحولیاتی تبدیلیوں اور جانوروں کے حقوق پر منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ابتدائی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس عائشہ ملک نے کہا جانور معاشرے سمیت دنیا کیلئے بہت اہم ہے، ہر جاندار چیز کو بغیر خوف کے زندگی گزارنے کا پورا حق ہے، انسانوں کے ساتھ جانوروں کے حقوق بھی بہت اہم ہیں مگر اس پر کوئی بات نہیں کرتا، جانوروں کے حقوق کی بات کریں تو معاملے پر بہت پیچھے ہیں، سب کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، پاکستان میں جانوروں کے حقوق کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، ضرورت ہے جانوروں کے حقوق پورے کئے جائیں، تنظیمیں اچھا کام کر رہی ہیں، مزید کام ہونا چاہیے جہاں انسانی جانوں کے حقوق مقدم وہیں جانوروں کے حقوق کی بھی ذمے داری بنتی ہے۔

جی ڈی اے قلعہ سیف اللہ کی 21 جنوری کو ہڑتال کی بھرپور حمایت

پاکستان اقتصادی راہداری ترقی کیلئے نہایت اہمیت کے حامل ہیں، بلال کاکڑ

جنرل کونسلر سنی سراج جتوئی پر نامعلوم افراد کا حملہ قابل مذمت، زاہد جتوئی

اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کی تعمیر و مرمت کی جا رہی ہیں، سنجے کمار پنجوانی

لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں لاقانونیت عروج پر

گرینڈ ہیلتھ الائنس کے رہنماؤں کی نظربندی انسانی حقوق کیخلاف ہے

ولی جہ ڈی کے ریاض بلوچ ایک قابل بیوروکریٹ تھے، زبیدہ جلال

گوادر جی ڈی اے کی انسداد تجاوزات مہم

برآمدات بڑھنے سے ہی پاکستانی معیشت اور ملک مضبوط ہوگا، عرفان اسلم

RF-23/2024-Arch (P&D)
GOVERNMENT OF PAKISTAN
RESEARCH & DEVELOPMENT CENTER
DEPARTMENT OF ARCHAEOLOGY AND MUSEUMS
www.doam.gov.pk

SITUATION VACANT

Department of Archaeology and Museums (DOAM) Islamabad intends to hire the services of Pakistani Nationals as Individual Consultants for the PSDP project titled "Establishment of Research & Development (R&D) Center at Department of Archaeology & Museums (DOAM) to promote Soft Image of Pakistan through Cultural Heritage" as per detail given below:

S.No	Name of Posts	No.of Posts	Qualification	Experience	ToRs	Age Limit
1	Individual Consultant (Training & Field Archaeology)	1	Ph.D. in Archaeology, Museology, or its related field from a HEC recognized university.	Minimum 15 years of experience working in government/semi-government organizations, specifically in the field of museology and archaeological explorations/ excavations, and arranging workshops, seminars, and conferences in the relevant field. Minimum 15 research articles published in national/ international journals	•Arrange trainings for capacity building of provinces in excavations, preservation techniques of artifacts, and museum curation •Prepare training curriculum on museum education service •Organize workshops on museum education and cultural heritage sites •Arrange webinars/seminars on cultural heritage and its significance •Arrange cultural caravans and guided tours to engage general public and students in interactive sessions at museums and sites •Prepare brochures, leaflets, and pamphlets for promotion of cultural heritage sites	65 Years
2	Individual Consultant (World Heritage Sites)	1	Ph.D. in Archaeology, Museology, or its related field from a HEC recognized university.	Minimum 15 years of experience working in government/semi-government organizations, working experience with UNESCO in the field of world heritage sites and in training for capacity building and experience of preparation of nomination dossiers for inscription on World heritage list. Experience in preparation of coffee table books and brochures. Minimum 15 research articles published in national/ international journals.	•Support the provincial departments for preparation of nomination dossiers to inscribe new heritage sites on the UNESCO World Heritage List •Provide trainings to the relevant provincial departments for preparation of nomination dossiers for inscribing sites on the UNESCO World Heritage List •Prepare training curriculum on criteria and guidelines in the relevant areas •Arrange webinars/seminars and workshops related to the main assignment •Prepare coffee table books, brochures, pamphlets, and other relevant publications as per requirement •Carry out research-oriented activities in fulfillment of the main task	65 Years

Terms and Conditions:
1.The hiring of individual consultants shall be made strictly on merit as per selection criteria mentioned above.
2.The interested individual consultants having expertise in above-mentioned fields may send their application, curriculum vitae, copy of all required documents to the office of Project Director, R&D Centre, Department of Archaeology and Museums, Sir Syed Memorial Building, 19-Attaturk Avenue, G-5/1, Islamabad.
3.The consultancy fee will be paid as per approved rate provided in the project document.
4.The consultancy period will be initially for one year, which will be extendable based on performance.
5.Complete applications shall reach the office of the undersigned within 15 days from the date of advertisement.
6.Late and incomplete applications will not be entertained.
7.Suitable candidates shall be called for interview after necessary short listing of applications.
8.No TA / DA will be admissible to appear for interview.

PID (I) 4857/24

PROJECT DIRECTOR
Ph: 051-9252353
Sir Syed Memorial Building, 19 Atta Turk Avenue, Sector G-5/1, Islamabad.

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 19 جنوری 2025ء

معیشت کی درست سمت اور سیاسی استحکام کی ضرورت

خبر ہے کہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران ملک کا کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل تیسری بار بھی سرپلس رہا وزیراعظم شہباز شریف نے مثبت معاشی اشاریوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کرنٹ اکاؤنٹ کے مسلسل تیسری بار سرپلس رہنے کو معاشی پالیسیوں کے درست سمت میں ہونے کی سند قرار دیا ہے اور اس بات میں کوئی شک بھی نہیں کہ موجودہ حکومت نے ورثے میں ملے مسائل کے حل اور خصوصیت کے ساتھ معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات کا جو سلسلہ شروع کیا وہ رفتہ رفتہ ثمر بار ہو رہا ہے ہر گزرتے دن کے ساتھ اچھی اور اطمینان بخش خبریں آرہی ہیں اور امید یہی کی جارہی ہے کہ آنے والے دنوں میں معاشی منظرنامہ مزید مستحکم اور اطمینان بخش ہوگا معاشی ماہرین کرنٹ اکاؤنٹ کے سرپلس رہنے پر اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں اور انہوں نے یہ قرار دیا ہے کہ اگر حکومت نے رواں مالی سال کے اختتام تک کرنٹ اکاؤنٹ کو سرپلس رکھنے میں کامیابی حاصل کی تو اس کی بدولت ایکسچینج ریٹ میں استحکام اور بہتری آئے گی اور یوں سرمایہ کاروں کو میں بھی اعتماد پیدا ہوگا گزشتہ روز ایک جماعت کے بانی چیئرمین کے حوالے سے ایک کیس میں فیصلہ آیا تو اس پر اپوزیشن جماعتیں بحث کرنے لگ گئی ہیں حالانکہ یہ خبر بھی نظرانداز نہیں کی جاسکتی جس کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے خلاف فیصلہ آنے کے بعد سٹاک ایکسچینج میں تیزی دیکھنے میں آئی اور انڈکس میں چودہ سو پینتیس پوائنٹس کا اضافہ ہوا سٹیٹ بینک نے بتایا ہے کہ نومبر میں اڑسٹھ کروڑ چالیس لاکھ ڈالر کے بڑے سرپلس کے بعد دسمبر میں بھی کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس رہا، یہ سرپلس حکومت کو اہم مدد فراہم کرتا ہے، جو تجارتی خسارے کا سامنا کرتے ہوئے بیرونی قرضوں کی ادائیگی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں کرنٹ اکاؤنٹ میں 1.210 ارب ڈالر سرپلس رہا جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں کرنٹ اکاؤنٹ کا خسارہ 1.397 ارب ڈالر تھا۔ وزارت خزانہ اور اسٹیٹ بینک دونوں نے کہا ہے کہ درآمدات پر کوئی پابندی نہیں ہے لیکن خراب شرح نمو اور پیداوار میں بڑے پیمانے پر سکڑاؤ اس کے برعکس ہے، گزشتہ دو سال میں درآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی میں تیزی نہیں آئی ہے۔ حکومت کا ماننا ہے کہ چار فیصد جیسی اعلی اقتصادی ترقی کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا باعث بنتی ہے، جس کا مطلب ہے کہ سست نمو کے نتیجے میں درآمدات میں کمی واقع ہوتی ہے اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مالی سال 2025 کی دوسری سہ ماہی میں ترسیلات زر زیادہ تھیں، اکتوبر تا دسمبر کی مدت کے دوران کرنٹ اکاؤنٹ میں 1.612 ارب ڈالر سرپلس ریکارڈ کیے گئے۔ اس کا موازنہ پہلی سہ ماہی میں چالیس کروڑ میں لاکھ ڈالر کے خالص خسارے سے کیا گیا ہے، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ دوسری سہ ماہی معیشت کے لئے بہت بہتر تھی۔ برآمدات میں اضافہ ہوا اور اب رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران ترسیلات زر میں گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں تینتیس فیصد اضافہ ہوا۔ حکومت مالی سال دوہزار چوبیس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے میں کامیاب رہی جو مالی سال دو ہزار تئیس میں بہت زیادہ تھی اقتصادی ماہرین کا خیال ہے کہ اگر حکومت رواں مالی سال کے اختتام تک کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس کو برقرار رکھ سکتی ہے تو ایکسچینج ریٹ میں استحکام میں بہتری آئے گی جو غیرملکی سرمایہ کاروں میں اعتماد پیدا کرنے کے لیے محرک کا کردار ادا کرسکتی ہے وزیراعظم شہباز شریف نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ مسلسل تیسرے ماہ سرپلس رہنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ مثبت معاشی اشاریے کاروباری برادری کے حکومت اور اس کی معاشی پالیسیوں میں بڑھتے ہوئے اعتماد کے عکاس ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ سال اکتوبر، نومبر اور دسمبر میں کرنٹ اکاؤنٹ مسلسل سرپلس رہنا معاشی پالیسیوں کی درست سمت ہونے کی سند ہے، رواں مالی سال میں سرپلس کو مزید بڑھانے کے لئے کوشاں ہیں وزیراعظم نے کہا کہ مثبت معاشی اشاریے کاروباری برادری کے حکومت اور اس کی معاشی پالیسیوں میں بڑھتے ہوئے اعتماد کے عکاس ہیں، "اڑان پاکستان" جیسے پروگرام سے ملکی معیشت کو مزید تقویت ملے گی متذکرہ بالا اعداد وشمار جو ہم نے یہاں نقل کئے ان کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ نامساعد اور انتہائی گھمبیر حالات میں عنان اقتدار سنبھالنے کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ اتحادی حکومت نے معیشت کی بحالی واستحکام کے لئے اقدامات کوششوں اور کاوشوں کا جو سلسلہ شروع کیا تھا وہ رفتہ رفتہ ثمر بار ہو رہا ہے حکومت نہ صرف معیشت کی ڈوبتی کشتی کو طوفانی تھپیڑوں سے بچانے میں کامیاب رہی بلکہ معیشت و معاشرت کو درپیش چیلنجز کے تناظر میں حکومت نے بھرپور فعالیت وتحریک کا مظاہرہ کیا جس کی بدولت نہ صرف معیشت کو درست سمت مل گئی ہے اور روز بروز بہتری آرہی ہے افراط زر میں کمی آرہی ہے اور حکومت کے بدترین سیاسی مخالفین بھی اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ گزشتہ سال فروری میں جو حالات تھے وہ نہ صرف بدل چکے اور بہتری آچکی ہے بلکہ بہتری اور بحالی و استحکام کا یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے اور قوی امید ہے کہ آنے والے دنوں میں مزید اچھی اور اطمینان بخش خبریں آئیں گی تاہم پائیدار معاشی اور ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے اس بات کی بھی بہت زیادہ ضرورت اور افادیت ہے کہ سیاسی منظرنامے پر افراتفری گومگو اور چہ میگوئیوں کے بادل نہ منڈلائیں بلکہ وہاں بھی استحکام ہو اس کے لئے حکومت کے شانہ بشانہ اپوزیشن کو بھی اپنی ذمہ داریوں کا نہ صرف کما حقہ فہم و ادراک کرنا ہوگا بلکہ ان کا فرض ہے کہ وہ سیاسی استحکام کے لئے حکومت کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کریں بدقسمتی سے ملکی سیاسی منظرنامہ گزشتہ ایک سال کے دوران بدترین عدم استحکام سے دوچار رہا ہے کبھی جلسے جلوس اور راستوں کی بندش تو کبھی پارلیمان کے اندر غیر ضروری جذباتیت پر مبنی تقاریر اور میڈیا پرائم ٹائم پر آکر اپوزیشن جماعتوں کے قائدین جو بیانات دیتے آئے ہیں وہ کوئی نیک شگون نہیں پائیدار معاشی اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے سیاسی منظرنامے پر استحکام کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے اپوزیشن کو اپنا کردار فعالیت و تحریک اور مثبت و تعمیری جوش و جذبے کے ساتھ ادا کرنا ہوگا گزشتہ روز ایک جماعت کے بانی چیئرمین کے خلاف ایک کیس میں جو فیصلہ آیا ہے اس کے بعد اپوزیشن نے غیر ضروری بیانات کا سلسلہ شروع کیا ہے جو درست نہیں ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈرز مل کر ترقی خوشحالی اور استحکام کے لئے اپنے حصے کا کردار ادا کریں اور اس بابت کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔

بھٹو اور افغان مجاہدین کا تعلق؟

لعل و گوہر

روشن لعل

برادر بزرگ، عمر فاروقی نے ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لیے، "ہمارے عہد کا سیاسی مجدد" کے عنوان سے ایک کالم لکھا جس میں کہا گیا تھا کہ بھٹو نے مسلم دنیا کو معاشی وعسکری تعاون کی طرف مائل کرنے اور پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کے لیے جو کردار ادا کیا، وہی ان کی پھانسی کا باعث بنا۔ اس کالم پر راقم نے یہ تبصرہ کیا کہ "اگر بھٹو زندہ رہتے تو نام نہاد افغان جہاد میں پاکستان کا مہرے کی طرح استعمال ممکن نہ ہو پاتا"۔ اس تبصرے پر یہ سوال اٹھایا گیا کہ جس بھٹو نے گلبدین حکمت یار، احمد شاہ مسعود اور برہان الدین جیسے مذہبی بنیاد پرست افغانوں کو پاکستان میں پناہ دی، اس بھٹو کے متعلق یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ وہ افغان جہاد میں پاکستان کا استعمال مہرے کی طرح نہ ہونے دیتا۔

ضیا دور میں لڑی گئی افغان جنگ میں نمایاں کردار ادا کرنے والے لوگوں کا نام لے کر بھٹو کی ذات پر جو سوال اٹھایا گیا ہے وہ بہت اہم ہے۔ اس سوال کا جواب تلاش کرتے ہوئے اس بات پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ جس جنگ کو افغان جہاد کا نام دیا جاتا ہے اس کے متعلق یہ بات ہر کسی پر عیاں ہو چکی ہے کہ ضیا الحق نے اس کی آڑ میں اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے پاکستان کے مفادات کو امریکی مفادات پر قربان کیا۔ ضیا الحق نے پاکستان کو جس گرم جنگ میں جھونکا وہ جنگ اس سرد جنگ کی کڑی تھی جو (مرحوم) سوویت یونین اور امریکہ کے درمیان 1947 سے 1989 تک جاری رہی۔ ضیا الحق نے امریکہ اور سوویت یونین کے درمیان جاری سرد جنگ میں امریکہ کا حلیف بن کر اسے سوویت یونین کے خلاف جس قدر بھی پاکستان کا تعاون درکار تھا فراہم کیا مگر بھٹو کے لیے ایسی کوئی بات نہیں سوچی جاسکتی کیونکہ بھٹو نے پاکستان کو غیر وابستہ ملک بنانے کی راہ پر گامزن کیا تھا۔ سابق وزیراعظم محمد علی بوگرہ نے امریکی مفادات کے تحفظ کے لیے 1954ء میں پاکستان کو "سیٹو" کا رکن بنایا۔ ذوالفقار علی بھٹو نے 1973ء میں پاکستان کو اس طرح سیٹو سے نکالا کہ کوئی بھی اس پر امریکی بلاک چھوڑ کر سوویت یونین کا حامی ہونے کا الزام عائد نہ کر سکے۔ سیٹو کو خیر آباد کہنے کے بعد بھٹو نے پاکستان کو غیر وابستہ ممالک کی تنظیم کا ممبر بنانے کے لیے درخواست دی جس کے رکن ممالک کسی بلاک کا حصہ بننے کی بجائے آزاد پالیسیاں اختیار کرنے کے دعویدار تھے۔ اس سمت میں چلتے ہوئے بھٹو نے مسلم دنیا کا ایسا اتحاد بنانے کی کوششیں شروع کیں جس میں شامل ملک سائنس و ٹیکنالوجی اور معاشی طور پر اس حد تک مستحکم ہوں کہ انہیں اپنی ضرورتوں کے لیے امریکہ یا سوویت بلاک کی طرف دیکھنے کی ضرورت باقی نہ رہے۔

اب یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جس بھٹو نے پاکستان کو سوویت بلاک کا حصہ بنائے بغیر امریکی بلاک سے باہر نکالا اور جو مسلم دنیا کا ایک الگ اور خود مختار تشخص قائم کرنے کا خواہشمند تھا، اس نے گلبدین حکمت یار، برہان الدین ربانی اور احمد شاہ مسعود جیسے ان مذہبی شدت پسندوں کو پاکستان میں کیوں پناہ دی جنہیں امریکہ نے بعد ازاں اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے استعمال کیا۔ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ پاکستان کے ٹوٹنے اور مشرقی پاکستان کے بنگلہ دیش بن جانے کے بعد بھٹو کو جس پاکستان کی حکومت ملی اس کی مزید شکست وریخت کے خدشات ختم نہیں ہوسکتے تھے۔ یہ خدشات اس لیے تھے کہ اس وقت نہ صرف افغانستان کا بادشاہ ظاہر شاہ پاک افغان سرحد (ڈیورنڈ لائن) کو تسلیم کرنے سے انکاری تھا بلکہ پاکستان کے اندر بھی پختونستان کا نعرہ لگانے والے لوگ موجود تھے۔ ایسی صورتحال میں بھٹو نے افغان حکومت کو للکارنے کی بجائے، اپنے پہلے غیر ملکی دورے کے لیے افغانستان کو چنا اور وہاں جاکر ظاہر شاہ کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھانے میں پہل کی۔ بھٹو کے بعد بیگم نصرت بھٹو نے پاکستان کی خاتون اول کی حیثیت سے افغانستان کا سرکاری دورہ کیا۔ ان دوروں کا مقصد یہی تھا کہ ظاہر شاہ کو گفتگو کے ذریعے پاک افغان سرحد تسلیم کرنے اور پختونستان کے مطالبے سے دستبرداری کی طرف مائل کیا جائے۔ بھٹو کی کوششوں سے ظاہر شاہ میں پیدا ہونے والی لچک کا کوئی نتیجہ برآمد ہونے سے پہلے ہی اس کے کزن داؤد نے اس کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔ داؤد نے ظاہر شاہ کی حکومت گرانے کے اپنے عمل کو جواز فراہم کرنے کے لیے اس پر جو الزام لگائے ان میں سب سے بڑا الزام یہی تھا کہ وہ ڈیورنڈ لائن کو مستقل پاک افغان سرحد تسلیم کرنے کے لیے تیار ہوچکا تھا۔ داؤد نے افغان صدر بننے کے بعد نہ صرف ڈیورنڈ لائن کو تسلیم کرنے سے انکار کیا بلکہ پختونستان کے قیام کے لیے زیادہ سرگرم ہونے کا عندیہ بھی دیا۔ بھٹو نے داؤد کو مذاکرات کی پیشکش کی مگر اس نے ان لوگوں کو افغانستان میں پناہ دینے کا سلسلہ شروع کردیا جو صرف بھٹو کی حکومت ہی نہیں بلکہ پاکستان کے وجود اور وحدت کے بھی اعلانیہ مخالف تھے۔ داؤد کے اس عمل کے ردعمل میں پاکستانی ایجنسیاں اس کی حکومت کے خلاف سرگرم ہوگئیں۔ اسی تسلسل میں گلبدین حکمت یار، احمد شاہ مسعود اور برہان الدین ربانی کی داؤد کا تختہ الٹنے کی کوشش ناکام ہونے کے بعد انہیں 1975ء میں پاکستان میں پناہ دے دی گئی۔ داؤد کو جب یہ نظر آیا کہ اس کی حکومت کے خاتمے کے لیے مزید حملے بھی ہوسکتے ہیں تو اس نے مذاکرات کے لیے بھٹو کی مسترد کردہ پیشکش قبول کرلی۔ داؤد نے پاکستان کے ساتھ جو پراکسی جنگ شروع کی بھٹو اس میں اسے زیر کرچکا تھا مگر اس کے باوجود بھٹو نے مذاکرات کے ذریعے کسی سمجھوتے تک پہنچنے کی راہ پر چلنے کو ترجیح دی۔ مذاکرات کے بعد ممکنہ سمجھوتے کا خاکہ یہ تھا کہ ڈیورنڈ لائن کو تسلیم کرنے کے بعد پاکستان اور افغانستان کی حکومتیں ایک دوسرے کے اندرونی معاملات میں نہ مداخلت کریں گی اور نہ ایک دوسرے کے باغیوں کو پناہ دیں گی۔ اس سمجھوتے کے بعد پاکستان اور افغانستان میں پناہ لینے والوں کی حیثیت استعمال شدہ ٹشو سے زیادہ کچھ نہ رہتی۔ یہ سب کچھ ہونا عین ممکن تھا مگر ایسا ہونے سے قبل ضیا الحق نے پہلے بھٹو کی حکومت اور پھر اس کی زندگی کا خاتمہ کردیا۔ گلبدین حکمت یار، برہان الدین اور احمد شاہ مسعود جیسے جن لوگوں کے استعمال شدہ ٹشو بن جانے کے امکانات پیدا ہوچکے تھے انہیں بعد ازاں ضیا الحق نے اپنا اثاثہ بنا لیا۔

سطور بالا میں جو تفصیل بیان کی گئی ہے اس سے بخوبی یہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ ضیا نے سرد جنگ کے دور میں عالمی دھڑے بندی کی سیاست میں امریکی بلاک کا حصہ بن کر جس طرح نام نہاد افغان مجاہدین کے لیے سہولت کاری کی بھٹو نے اس طرح کا کوئی کام نہیں کیا تھا۔ بھٹو نے امریکہ کا پٹھو بن کر گل بدین، برہان الدین اور احمد شاہ کے لیے سہولت کاری نہیں کی بلکہ پاک افغان تعلقات کے تناظر میں بہترین سٹیٹ کرافٹسمین بن کر مذکورہ تینوں شخصیات کو پاکستان کے سہولت کار اور تحفظ کی ضمانت کے طور پر استعمال کیا۔

کیا عالمی بینک کے 20 ارب ڈالر عام آدمی کی حالت بدل سکیں گے؟



دسترس

میاں عمران احمد

وزیراعظم شہباز شریف نے بتایا ہے کہ عالمی بینک اگلے 10 سال میں پاکستان کو 20 ارب ڈالرز فنڈ فراہم کرے گا۔ انھوں نے اس منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بڑی کامیابی قرار دیا ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا 10 سال میں 20 ارب ڈالرز کا حصول عام آدمی کی معاشی حالت بدل سکتا ہے؟ سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر حفیظ پاشا کے مطابق 'عالمی بینک ہر سال پاکستان کو تقریباً ڈیڑھ سے دو ارب ڈالرز فنڈز فراہم کرتا آیا ہے۔ اگر اس رقم کو جمع کرلیا جائے تو یہ تقریباً 18 سے 20 ارب ڈالرز بنتی ہے۔' عالمی بینک کا یہ اعلان کوئی نئی بات نہیں۔ جو رقم ہر سال دی جاتی ہے، اسی رقم کو جمع کر کے ایک بیان دے دیا گیا ہے۔ پچھلے سالوں میں عالمی بینک سے حاصل شدہ رقم نے عام آدمی کی زندگی پر کوئی مثبت اثر نہیں ڈالا۔' ڈاکٹر حفیظ کا کہنا ہے کہ پاکستان بننے سے لے کر آج تک عالمی بینک نے پاکستان کو 30 ارب ڈالرز قرض دیا۔ اگر اس سے پاکستان کی معاشی حالت بہتر نہیں ہوئی تو آگے بھی زیادہ امیدیں لگانا مناسب نہیں۔

'عالمی بینک پاکستان کو دو مد میں فنڈز دیتا ہے: پروگرام ڈویلپمنٹ اور پروجیکٹ ڈویلپمنٹ۔ پروگرام ڈویلپمنٹ میں اس کا مطالبہ ہوتا ہے کہ کچھ اصلاحات بھی کی جائیں، جس میں پاکستان بری طرح ناکام رہا ہے۔ پروجیکٹ ڈویلپمنٹ میں مسائل اس لیے آرہے ہیں کہ پاکستان کے پاس انفراسٹرکچر نہیں کہ وہ منصوبے مکمل کر سکے۔ ان کے مطابق 'آنے والے سالوں میں قرضوں کی ادائیگی کا بوجھ زیادہ ہوگا۔ شاید پاکستان عالمی بینک کو وقت پر قرض واپس نہ کرسکے۔ اس صورت میں ان سے فنڈز ملنے کی رفتار سست ہوسکتی ہے۔'

سابق وزیر خزانہ ڈاکٹر سلیمان شاہ کہتے ہیں کہ 'یہ بہت اچھا پروگرام ہے۔ عالمی بینک پہلے تین سال کی منصوبہ بندی کرتا تھا اب وہ اسے 10 سال پر لے گیا ہے۔' پاکستانی عوام کو جدید تعلیم اور صحت کی سہولیات چاہیے۔ یہ قرض ہے، جس کا زیادہ حصہ تعلیم اور صحت پر خرچ ہوگا۔ اٹھارویں ترمیم کے بعد تعلیم اور صحت صوبوں کی ذمہ داری ہے، اس لیے زیادہ پیسہ صوبوں کو ہی ملے گا۔ فنڈز انہوں نے دینا ہے لیکن بدقسمتی سے اسے خرچ پاکستانی بیوروکریسی نے کرنا ہے۔' ڈاکٹر سلیمان کے مطابق بیوروکریسی نے ہی منصوبے بنا کر دینے ہیں۔ اگر بیوروکریسی نیک نیتی سے کام کرے گی تب ہی اس قرض کا پاکستان کو فائدہ ہوگا۔

سابق حکومتی مشیر ڈاکٹر فرخ سلیم کے مطابق 'قرض آرہا ہے، یہ کوئی نئی بات نہیں۔ آئی ایم ایف سے سات ارب ڈالرز کا قرض منظور کروایا ہوا ہے، اسی طرح مزید قرض بھی آتے رہیں گے۔' یہ معیشت بہتر ہونے کا پیمانہ نہیں۔ عالمی بینک کے چارٹر میں درج ہے کہ اس کا مقصد ممالک کو معاشی ترقی دینا نہیں۔ انھوں نے اپنی شرائط پر قرض دینے ہیں اور سود سمیت واپس لینے ہیں۔ ملک اس وقت ترقی کرے گا جب ملک کا اندرونی معاشی ماحول بہتر ہو گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 'پانچ یا 10 سالہ ترقیاتی منصوبہ بندی سے ملک ترقی نہیں کرتے۔ ملکی معیشت اس وقت درست ہوگی جب حکومت پانچ سالہ پلاننگ کمیشن ختم کرے گی۔' انڈیا نے 2014 میں ہی پلاننگ کمیشن ختم کر دیا تھا اور مارکیٹ کے رجحان کو پلاننگ پر ترجیح دی تھی، جس کے نتائج سب کے سامنے ہیں۔'

'جنوبی کوریا، پولینڈ، ہنگری نے بھی کئی سالوں سے پلاننگ کمیشن ختم کر دیے۔ حکومت کا کام پلاننگ کمیشن بنانا نہیں بلکہ سرمایہ کاری کا ماحول بنا کر دینا ہوتا ہے۔' اس لیے ضروری ہے کہ عالمی بینک کے قرضوں پر خوش ہونے کی بجائے GrownHome اپروچ پر توجہ دی جائے۔ عالمی بینک کے 20 ارب ڈالر قرض کا فائدہ بھی اسی صورت میں ہو سکے گا۔' کرنسی ایکسچینج ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکریٹری ظفر پراچہ نے بتایا کہ 20 ارب ڈالرز ملنے کا فائدہ 'عوام کی بجائے سیاست دانوں اور بیوروکریسی کو ہوگا۔ ایک تو بھاری تنخواہوں پر سیاسی بھرتیاں ہوں گی اور دوسری طرف بجلی، گیس، پیٹرول اور ٹیکس میں اضافے کی ذمہ داری بھی عالمی بینک جیسے اداروں پر ڈال کر سیاست دان بری الذمہ ہو جائیں گے۔ ان کے مطابق 'عالمی بینک کے چیک اینڈ بیلنس کا نظام بھی موثر نہیں۔ رقم کہاں اور کیسے خرچ ہوئی، اس بارے میں رپورٹ منظر عام پر نہیں آتی۔

'عالمی بینک کو چاہیے کہ وہ حکومتی اخراجات کم کروانے کے لیے بھی کام کرے۔ پنجاب اسمبلی میں 800 فیصد تک تنخواہیں بڑھائی گئی ہیں جس کا اثر منصوبوں پر بھی پڑتا ہے۔' وعدوں اور اصل رقم کے حصول میں فرق ہوتا ہے۔ مختلف اداروں کی جانب سے پاکستان کے قیام سے لے کر 2023 تک تقریباً 202 ارب ڈالرز معاونت کے وعدے کیے گئے جن میں سے تقریباً 156 ارب ڈالرز وصول ہوئے۔' عالمی بینک سے 20 ارب ڈالرز وصول کرنے کے لیے ملکی اشرافیہ ہر حربہ استعمال کرنے کے لیے تیار ہو جائے گی کیونکہ ان کے لیے ذاتی مفاد کی اہمیت زیادہ ہے۔' انھوں نے بتایا 'عالمی بینک اور دیگر ادارے جو رقم امداد کے لیے دینے کا وعدہ کرتے ہیں، وہ مفت میں نہیں دی جاتی۔ اس پر سود وصول کیا جاتا ہے۔ یہ قرض اتارنا ضروری ہوتا ہے۔ انھیں رول اوور نہیں کیا جاتا بلکہ وقت پر ادا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ کبھی کبھار گرانٹ کی مد میں رقم مل جاتی ہے

نئی صبح طلوع ہونے کے قریب!



قرطاس

ناصف اعوان

سمجھ نہیں آرہی کہ ملک کا نظم ونسق کیسے چل رہا ہے کیونکہ سول ین ادارے (سارے نہیں) اپنے فرائض ادا کرنے میں پر جوش نظر نہیں آتے ان میں جوش اس وقت پیدا ہوتا ہے جب انہیں اپنی جیب بھاری ہونے کا یقین ہو لہٰذا عوام کی خوب درگت بن رہی ہے۔

آپ نے کوئی بھی کام کروانا ہو جب تک رشوت نہیں دیں گے وہ کام نہیں ہوگا۔ سول ین محکموں میں بیٹھے ملازمین چنے دن اپنی مرضی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ شاید ان کی اوپر تک رسائی ہوتی ہے کیونکہ ان کے خلاف شکایت بھی کی جائے تو وہ کھوہ کھاتے میں چلی جاتی ہے۔ حیرت تو یہ ہے کہ ہمارے اہل اقتدار کی ساری توجہ خود پر ہے ان اداروں کی کارکردگی پر نہیں؟

ہم دیکھتے چلے آرہے ہیں کہ حکومتیں سیاسی معاملات کو تو بڑی گہری نظر سے دیکھتی ہیں اپنے راستے میں کوئی رکاوٹ ہو تو اسے دور بھی کرتی ہیں مگر مجال ہے لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کی جانب سنجیدگی سے آئیں۔ اس وقت عوام کی بہتری سے متعلق جتنے بھی محکمے ہیں وہ بغیر کسی لالچ کے دوسرے لفظوں میں 'غیر سرکاری فیس' کے اپنے قلم کو جنبش نہیں دے رہے لہٰذا اندھیر نگری چوپٹ راج کی سی صورت حال دکھائی دیتی ہے۔ آپ محکمہ پولیس کو دیکھ لیں وہ ڈنکے کی چوٹ پر اپنا خزانہ بھرنے میں مصروف نظر آتا ہے۔ یہی حال واپڈا کا ہے ان کے خوشحال ہونے کا سفر بھی جاری ہے۔ ان سے جائز طریقے سے میٹر لگانا خاصا مشکل ہے مگر جب مٹھی گرم کر دی جائے تو مشکل آسان ہو جاتی ہے۔ یہ محکمہ وسیع پیمانے پر بجلی کو ٹیکا لگاتا ہے تا کہ اس کا ذاتی خزانہ بھر سکے۔ اسی طرح پٹوار خانہ ہے اس میں بھی اندھیر مچا ہوا ہے دھڑلے سے 'فیس' وصول کی جاتی ہے وگرنہ بندہ ساری عمر رلتا ہے۔ مذکورہ محکموں کے علاوہ جو دیگر سول ین محکمے ہیں انہوں نے بھی لوگوں کا برا حال کر رکھا ہے۔ ویسے عوام بھی ان کے طرز عمل کے عادی ہو چکے ہیں وہ شور تو مچاتے ہیں مگر قانون کا سہارا نہیں لیتے۔ یہ سب ہمارے حکمرانوں کی ناک کے نیچے ہوتا ہے مگر وہ اسے ہونے دینا چاہ رہے ہیں انہیں تو اپنے اقتدار کو محفوظ بنانا ہے اور بس۔ اگر وہ کچھ کر رہے ہیں تو حزب اختلاف کو نیچا دکھانے کے لئے۔ مقصد وہی کہ وہ اپنا عرصہ اقتدار پورا کریں اس دوران وہ اپنی پوزیشن کو بہتر بنانے کی بھی کوشش کریں مگر وہ بھول رہے ہیں کہ خالی خالی باتوں سے ایسا ممکن نہیں اس مہنگائی سے لے کر بدعنوانی کے کلچر تک کو دیکھنا ہوگا تمام محکموں کو تیر کی طرح سیدھا کرنا پڑے گا مگر اس پہلو کو بھی ملحوظ خاطر رکھنا ہوگا کہ انہیں ضروری سہولتیں دینا ہوں گی تنخواہوں میں اضافہ کرنا ہوگا وہ پچھلے پانچ چھے برس سے بری طرح سے پس رہے ہیں۔ اسی لئے بھی وہ لوگوں کی چمڑی ادھیڑ رہے ہیں کہ انہیں بھی جینا ہے مگر یہ راستہ درست نہیں کہلا سکتا۔ غریب لوگ تو پیٹ بھر کر کھانا بھی نہیں کھا سکتے ان میں سے تو ایسے بھی ہیں کہ انہیں روزانہ کی بنیاد پر محنت مشقت کرنا پڑتی ہے جو اگر انہیں میسر ہو ضروری نہیں کیونکہ صنعتیں بند ہوتی جارہی ہیں ملک کے بڑے بڑے سرمایہ کار دوسرے ملکوں میں جارہے ہیں جس سے ذرائع پیداوار کم پڑ گئے ہیں اور غربت کے پھیلاؤ کا سبب بن رہے ہیں مستقبل قریب میں بھی صنعت کاری کا کوئی امکان نہیں لہٰذا آنے والے دنوں میں جو ہونے والا ہے اس کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہمارا نوجوان طبقہ ملک چھوڑنے کو ترجیح دے رہا ہے کیونکہ اسے موجودہ نظام سے شکوہ ہے مگر ہماری حکومت اس پیدا شدہ صورت حال سے قطعی پریشان نہیں وہ تو ایسا خود چاہتی ہوگی کہ خزانے پر سے بوجھ کم ہو سکے؟

بات ہو رہی تھی سرکاری محکموں کی کہ وہ عوام کو آسانیاں فراہم کرنے کے بجائے تکالیف پہنچانے میں مصروف ہیں اور اپنی خواہشات پوری کر رہے ہیں ان کے نزدیک جب اقتداری لوگ بہتی گنگا میں ہاتھ دھو رہے ہیں اور بار بار دھو رہے ہیں تو پھر وہ کیوں پیچھے رہیں انہیں بھی پیٹ لگا ہوا ہے۔ کبھی کبھی حکومت ان کے گرد گھیرا بھی تنگ کرتی ہے تاکہ اس کی اس 'ادا' کو پزیرائی مل سکے۔ بس یہی چکر ہے جو ستتر برس سے جاری ہے اور خوشحالی آنے میں نہیں آرہی۔

بہر حال ہم سمجھتے ہیں کہ امور مملکت میں بہتری لانا اقتدار والوں کی ذمہ داری ہوتی ہے جس میں وہ ناکام رہے ہیں کیونکہ ان کا دھیان تخت پر مرکوز رہا ہے اس کے علاوہ دولت سمیٹنے پر بھی ہے لہٰذا آج آرام وسکون لوگوں کو دینا تھا وہ نہیں دے سکے۔ ان کے مسائل ختم نہیں کر سکے۔ اب تو چاروں طرف سے ان پر (عوام) الم ومصائب کا سایہ گہرا ہو چکا ہے کیونکہ انہیں جہاں مسائل کا سامنا ہے وہاں وہ ایک جانے انجانے خوف میں بھی مبتلا ہیں کہ انہیں شکوہ وشکایت کی اجازت بھی نہیں حیرانی یہ ہے کہ حکومت با آواز بلند سب اچھا کی گردان الاپے جارہی ہے اور یہ تاثر دے رہی ہے کہ اگر وہ نہ ہوئی تو ملک کنگال ہو جائے گا ترقی رک جائے گی وغیرہ وغیرہ۔ یعنی اگر عمران خان آگیا تو ان کی یہ حالت بھی ایسی نہیں رہے گی لہٰذا اس کا ساتھ دیا جائے مگر عوام ہیں کہ ان کی کسی بات کسی دلیل اور کسی منطق کا اثر نہیں لے رہے۔ ان کا نقطہ نظر یہ ہے کہ ان کے دن خان کے آنے ہی سے پھریں گے انہیں حقیقی آزادی کا احساس تب ہی ہوگا معیشت ان کے اقتدار میں آتے ہی اپنے پاؤں پر کھڑی ہوگی۔

لگتا ہے کہ آنے والے دنوں میں 'پرندہ' کھلی فضا میں سانس لے سکے گا (اگر چہ اسے سزا ہو چکی ہے مگر یہاں دیکھتے ہی دیکھتے منظر بدل جاتے ہیں) کیونکہ یہ بات ہر کسی کو معلوم ہے کہ غالب اکثریت والی سیاسی جماعت ہی ملک کو سیاسی و معاشی استحکام دے سکتی ہے مشکل سے بھی وہی نکال سکتی ہے۔ یہاں یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ یورپ و مغرب عمران خان پر پورا اعتماد کرتے ہیں اسی لئے وہ اس کی رہائی بھی چاہتے ہیں۔

بہر کیف ڈونلڈ ٹرمپ خان کو اپنا 'بیلی' سمجھتے ہیں لہٰذا وہ اسے اقتدار میں بھی دیکھنا چاہتے ہیں مگر ان کے سیاسی مخالفین انہیں پسند نہیں کرتے کہ وہ 'سٹیٹس کو' کو قائم رکھنا چاہتے ہیں لہٰذا وہ سر توڑ کوشش کر رہے ہیں کہ یہ چمن یونہی رہے مگر انہیں علم ہونا چاہیے کہ غریب عوام کی بس ہو چکی ہے وہ موجودہ نظام کو بدلنا چاہتے ہیں لہٰذا نئی صبح طلوع ہونے کے قریب ہے!

یورپ میں فکری کشمکش۔انتہا پسندی کا ظہور



پیش نظر

محمد مہدی

یورپی ممالک کو یہ کمال حاصل ہے کہ وہ احترام انسانیت کے حوالے سے اپنے ملک میں ایک بہتر ریکارڈ رکھتے ہیں۔ دیگر دنیا میں چاہے کچھ بھی ہوتا رہے مگر اپنے ملک میں ان کا طرز عمل اس بارے میں طے شدہ محسوس ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہاں پر جمہوریت کی مضبوط جڑیں موجود ہیں اور ان جڑوں کی مضبوطی کی اولین شرط یہ ہے کہ کوئی کسی اور ملک سے ان کے انتخابی عمل میں کم از کم سر عام مداخلت نہ کرے مگر جرمنی میں آنے والے عام انتخابات کے حوالے سے یہ دونوں تاثرات پر زبردست سوالیہ نشان لگ گیا ہے کیوں کہ ایلون مسک نے کھلم کھلا جرمن انتخابات میں مداخلت شروع کر دی ہے اور دنیا اچھی طرح سے جانتی ہے کہ سوشل میڈیا کا ہتھیار جس کے ہاتھ میں آجائے وہ معاملات کو کیسے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور سردست ایلون مسک سے زیادہ سوشل میڈیا پر بھلا کس کا کنٹرول ہے؟

ایلون مسک ٹرمپ انتظامیہ میں اپنی جگہ بنا چکے ہیں اور اس کے اقدامات کو بس ایک کاروباری شخص کے مفادات کے حصول کے لئے کیے گئے اقدامات تک محدود نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ایلون مسک نے ویلٹ ام سونٹاگ اخبار میں آرٹیکل تحریر کیا اور اس میں جرمنی کی انتہا پسند جماعت اے ایف ڈی کی دل کھول کر تعریف کی۔ خیال رہے کہ جرمنی کی انٹیلی جنس سروس نے اسے 2021 سے انتہا پسند جماعتوں کی فہرست میں شامل کر رکھا ہے۔ ایلون مسک نے ٹیکسوں، مارکیٹ ڈی ریگولیشن وغیرہ کے حوالے سے اے ایف ڈی کے نقطہ نظر کی تعریف کرتے ہوئے اس انتہا پسند جماعت کو جرمنی کی آخری امید قرار دے دیا یہ یاد رہنا چاہیے کہ یہ اس ملک کی آخری امید قرار دیا ہے کہ جو یورپ کی سب سے بڑی اکانومی رکھتا ہے۔

ایلون مسک کے اس مضمون اور ایکس پر اے ایف ڈی کی مسلسل حمایت اتنا سنجیدہ امر ہے کہ جرمن حکومت کے ترجمان کو اس پر باقاعدہ ردعمل دینا پڑا اور اس ردعمل میں واضح تھا کہ ایسی کھلی مداخلت کو بہت ناپسند کیا جا رہا ہے۔ جرمنی میں پارلیمانی انتخابات کا انعقاد 23 فروری کو ہونا ہے اور اس وقت تک کے کیے گئے رائے عامہ کے جائزوں کے مطابق اے ایف ڈی، سی ڈی یو کے بعد مقبولیت میں دوسرے نمبر پر پہنچ چکی ہے حالانکہ حال ہی میں تحلیل ہونے والے ایوان میں اس جماعت کی 733 میں سے 76 نشستیں تھیں۔ جرمنی میں 2013 سے سوشل ڈیموکریٹک پارٹی کی حکومت چلی آرہی ہے۔ مگر اس دفعہ اے ایف ڈی سے اس کو سخت مقابلہ درپیش ہوگا۔ اے ایف ڈی کی وجہ شہرت یہ ہے کہ یہ جماعت اسلام دشمنی کی سر عام علمبردار ہے، تارکین وطن کے حوالے سے اس کی پالیسی انتہا درجہ کی مخالفانہ ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ دل چسپ امر یہ ہے کہ یہ سامیت مخالف بھی ہے یعنی کہ آسان لفظوں میں سمجھا جائے تو نازی ازم کے قریب۔ مگر پھر بہت حیرت ہوتی ہے کہ ایلون مسک اور اگلی ٹرمپ انتظامیہ اس جماعت کی حمایت میں کمربستہ ہو چکی ہے۔

اے ایف ڈی یورپی یونین کو چھوڑ دینے کی وکالت کرتی ہے، نیٹو سے نکلنے کے نعرے لگاتی ہے، چین اور روس سے دوستی پر گفتگو کرتی ہے مگر اس سب کے باوجود امریکی با اثر حلقوں میں ٹرمپ انتظامیہ کے اہم رکن کی اس کو حمایت حاصل ہیں، اس کا باریک بینی سے مطالعہ کرنا چاہیے کہ ایسا کیوں ہے؟ ورنہ یورپی یونین، نیٹو، سامیت تو امریکا کی پالیسی کے اہم ستون ہیں پھر ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ ایک رائے یہ ہے کہ امریکا یورپی اتحاد کو بھی ایک خاص حد سے زیادہ مضبوط ہوتے نہیں دیکھنا چاہتا ہے اور اس وجہ سے ہی وہ یورپ میں انتہا پسند جماعت کی حمایت کر رہا ہے کہ داخلی تنازعات مضبوطی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہوتے ہیں۔

مگر انتہا پسندی صرف جرمنی کی سیاست میں ہی نہیں ہے بلکہ ابھی جون میں یورپی پارلیمانی انتخابات میں بھی انتہائی دائیں بازو کی جماعتوں نے ڈرامائی حد تک کامیابیاں حاصل کیں۔ سنٹرسٹ ورکنگ کو ابھی تک اکثریت حاصل ہے مگر پھر بھی تبدیلی کی ہوا محسوس ہو رہی ہے۔ بالکل اسی طرح جرمنی کے ساتھ آسٹریا میں بھی فریڈم پارٹی نے کامیابی کے جھنڈے گاڑ دیے اور اس کے نظریات بھی جرمنی کی اے ایف ڈی سے ملتے جلتے ہی ہیں۔ نیدرلینڈ میں تو گیرٹ وائلڈرز جیسا زہریلا شخص انتہائی سیاسی طاقت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا ہے جو نیدرلینڈ کو یورپی یونین سے نکلوانے کا تو بہت بڑا حامی ہے ہی مگر ساتھ ساتھ اسلام کا اس حد تک دشمن ہے کہ گستاخانہ خاکوں کی نمائش کراتا پھرتا ہے۔ اس نے انتخابات سے قبل یہ بھی ہرزہ سرائی کی کہ وہ نیدرلینڈ میں قرآن پاک پر پابندی عائد کرے گا۔

ان تمام کا تذکرہ اس لئے کیا ہے کہ یورپ میں انتہا پسندوں نے سیاست میں پنجے گاڑ دیے ہیں اور وہ دن بدن مضبوط سے مضبوط تر ہوتے جا رہے ہیں جو کہ اس بات کی دلیل ہے کہ یورپ میں اعلیٰ اخلاقی قدروں کو ایک معرکہ درپیش ہے اور دیکھنا یہ ہے

سحر امید



خیالات

رسول بخش رئیس

بڑے انقلابوں کے خواب 'صرف خواب' ہی ہم نے تاریخ کے اوراق میں دیکھے ہیں۔ ایسے خوابوں کی تعبیر میں لاکھوں انسانوں کو زندگی گنوانا پڑی اور ظلم وستم کے وہ پہاڑ ٹوٹے کہ ان کے بارے میں پرانی کتابیں کھولتے سے بھی جی گھبراتا ہے۔ ہم ان انقلابوں سے متاثر ہیں جو چھوٹے قدم اٹھانے سے ہمارے معاشرے میں برپا ہوئے ہیں۔ پوری عمران کی ابتدا سے لے کر آج تک 'ہم شاہد ہیں۔ خوش قسمت ہیں کہ اس پورے علاقے کی قسمت کو تبدیل ہوتے دیکھا ہے۔ پرانے جنگلات 'غیر آباد' زمین' محدود آبادیاں اور بہت سی محدود زراعت سے آج کی سرمایہ کار زراعت تک کا سفر تو کافی طویل ہے' مگر تبدیلیوں کا عمل گزشتہ 30 سالوں میں بہت تیزی سے ہمارے دور دراز کے علاقوں میں طے ہوا ہے۔

آج کل بچپن کے ان پرانے جنگلوں کی صرف ذہن میں تصویر ہی رہ گئی ہے' جو ابھی دھندلائی ہے نہ میلی ہوئی۔ ان کی جگہ حد نظر تک سرسوں کے پیلے مہکتے پھولوں اور سرسبز گندم کے کھیت نظر آتے ہیں۔ جس روز اسلام آباد سے پنجاب کے آخری ضلع کی آخری تحصیل تک سارا دن خود گاڑی چلا کر پہنچا تو راستے میں خیال آیا کہ سب سے پہلے اپنی جنم بھومی کی' جو گزشتہ 70 سال سے قائم اور اب ایک چھوٹی سی ڈھیری کی صورت میں اپنی جگہ موجود ہے' زیارت کروں۔ ہر مرتبہ ایک دفعہ تو ضرور وہاں جاتا ہوں' مگر اس بار خواہش تھی کہ اپنے گھر قدم رکھنے سے پہلے کم از کم ایک رات وہاں گزاروں۔ اپنے ہمدم دیرینہ محمد اقبال رئیس کے ساتھ ان کے موٹر سائیکل کی سواری نمبر دو کے طور پر وہاں تک رسائی ممکن ہوئی۔ گاڑی اپنے جنگل پر چند کلو میٹر پہلے چھوڑنا پڑی۔ شام کا وقت ویسے ہی ہمارے لیے سحر انگیز ہے' مگر یہ صبحیں اور شامیں ہمارے دیہات کی کھلی فضا اور کھیتوں کے درمیان گزریں تو سالوں کی تھکن دور ہو جاتی ہے۔ یقین کریں' ساڑھے نو گھنٹے ڈرائیونگ کرنے کے بعد بھی ایک لمحے کیلئے اپنے مسمار شدہ گھر کے گھیرے میں گھومتے پھرتے تھکن کا احساس تک نہ ہوا۔ کچھ بچپن کے بڑے درختوں کے نشانات جھاڑیوں کی صورت میں اب بھی موجود ہیں' مگر ہر طرف گندم اور سرسوں کے کھیتوں نے ان کی جگہ لے لی ہے۔

نصف صدی قبل اس کا کوئی اندازہ بھی نہیں کر سکتا تھا کہ یہ مکمل طور پر زیادہ تر غیر آباد علاقہ کسی دن اپنی زمین سے سونا اگلے گا۔ چند ٹکڑے ادھر ادھر گرمیوں میں دور ایک نہر میں پانی آنے سے آباد ہو جاتے۔ سردیوں کی فصلوں کیلئے رہٹ ہوا کرتے تھے' وہ کنوئیں جن سے بیلوں کی مدد سے پانی نکالا جاتا تھا۔ کچھ سبزیاں اور گندم کاشت ہوا کرتی تھی۔ آج کے دور کی آبادی کا دسواں حصہ ہونے کے باوجود خوراک کی یہ علاقہ کبھی خود کفیل نہ تھا۔ اس زمانے میں' خوب یاد ہے کہ جب امریکہ کے ساتھ ہمارے دفاعی معاہدے ہوئے تو وہاں سے گندم آنا شروع ہوئی' جس کا کاروبار ہمارے والد بزرگوار کیا کرتے تھے' اور ہم پابند تھے کہ دس کلو سے زیادہ کسی خاندان کو گندم فروخت نہیں کرنی۔ تب میں 'تین' چار جماعتیں پڑھ چکا تھا۔ گاہکوں کا نام لکھنا' ان کا انگوٹھا حساب کے رجسٹر پر لگوانا میرا کام تھا۔ آج کل اس علاقے کی آبادی کئی گنا پھیل چکی ہے اور مقامی ضروریات پوری کرنے کیلئے لاکھوں من گندم یہاں سے ملک کے دوسرے حصوں اور خفیہ راستوں سے افغانستان اور وسطی ایشیا تک روانہ کی جاتی ہے۔ یہاں آپ کو اپنی ہی مثال دینے میں مجھے کوئی قباحت نظر نہیں آتی۔ اس وقت میرے پاس 500 من گندم اپنے جنگل کے ذخیرے میں موجود' کسی گاہک اور معقول ریٹ کا انتظار کر رہی ہے۔ یاد ہوگا کہ گزشتہ سال انہی مہینوں میں نگران وزیر اعظم اور ایک نگران وزیر اعلیٰ' جو آج بھی پاکستانی سیاست میں کار آمد ہیں' نے لاکھوں من گندم' اس وقت جب ہماری فصل تیار تھی' باہر سے منگوائی تھی۔ حکومت کا وعدہ چار ہزار روپے من سرکاری طور پر خرید کرنے کا تھا اور ہم اس وعدے پر اعتبار کر بیٹھے تھے۔ آخر یہ انقلاب کیسے آیا کہ لاکھوں من گندم' لاکھوں من کپاس اور لاکھوں من گنا کے علاوہ پھل اور سبزیاں قدیمی بنجر زمینوں کے سینوں سے نکلنے لگیں۔ یہ ہمارے کسانوں' محنت کشوں اور چھوٹے زمینداروں کی انتھک محنت' مسلسل جدوجہد کے ساتھ جدید زرعی ٹیکنالوجی اور زرعی سائنس کا کمال ہے۔

کئی عشروں سے چھوٹے زمینداروں کو اپنی بنجر شور زدہ اور ریتلی زمینوں کو آباد کرتے دیکھ رہا ہوں۔ یہ وہ زمین ہے جہاں سے غریب لوگ مٹی کھود کر اس میں پانی حل کرنے کے بعد نمک بنا کر بازار میں فروخت کیا کرتے تھے۔ آج وہاں چاولوں' گندم اور دوسری فصلوں کو دیکھ کر دل شاد ہو جاتا ہے۔ اکثر لوگ دیگر ممالک کی مثالیں دیتے ہیں کہ کیسے جفاکشی اور فطرت کو بھول کر جنگلوں کو جدید زرعی حیثیت میں لوگوں نے تبدیل کیا ہے۔ ہم خود مایوسیوں کا شکار ہیں' اس لیے اپنی کاوشوں اور کچھ محیر العقول کامیابیوں کی طرف دھیان نہیں جاتا۔ شہروں کے لوگ ہر ملک کے' مگر ہمارے تو انتہا کی آخری حدود تک ناشکرے ہیں۔ جب یہ حد سے زیادہ کھاتے اور ہمارا اُگایا ہوا ضائع کرتے ہیں اور اس کے باوجود ہمیشہ مہنگائی کا رونا روتے ہیں تو ہمیں دکھ ہوتا ہے۔ کبھی آج کل کے مالوں اور جمعہ بازاروں میں لوگوں کو خریداری کرتے دیکھیں تو لگتا ہے کہ وہ اگلے کئی ماہ کا بندوبست کر رہے ہیں اور اگلے ہفتے اسی طرح واپس آتے ہیں۔ دیہات میں بھی خوراک کا ضیاع دیکھتا رہتا ہوں اور اندر ہی اندر کڑھتا رہتا ہوں۔

کاش ہم مشرقی پاکستان کی طرز پر ہر موسم میں زرعی سیاحت کو فروغ دے سکتے۔ یورپ کے سب ممالک اور جاپان میں بھی یہ ہوتا ہے کہ شہروں کے لوگ اختتام ہفتہ یا چھٹیوں میں دیہات کا رخ کرتے ہیں' جہاں اس مقصد کیلئے کئی ریسٹورنٹ' ہوٹل اور کرایہ داری پر مہمان خانے موجود ہوتے ہیں۔ اس کے کئی فوائد ہیں۔ سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ لوگوں کا فطرت اور زراعت سے لگاؤ پیدا ہوتا ہے۔ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ ایک گوبھی کا دستہ پیدا کرنے اور شہریوں کے باورچی خانے تک پہنچانے اور اعلیٰ ترین کھانوں کو ان کے دستر خوان پر سجانے کیلئے کاشتکاروں کو کتنی محنت کرنا پڑتی ہے اور انہیں بہت ہی قلیل معاوضہ پر گزر اوقات کرنا پڑتی ہے۔ دوسرے زراعت کے ساتھ دیہاتی سیاحت کو فروغ ملنے سے مقامی لوگوں کی آمدن میں معقول اضافہ ممکن ہو سکتا ہے۔ زرعی میلوں اور پھولوں کی نمائش کی صورت میں ایک رجحان تو پیدا ہوا ہے' مگر وہ بھی شہروں کے اندر یا ارد گرد ہونے کی حد تک ہے۔ دکھ کی بات ہے کہ ہماری حکومتیں لاہور سے لے کر ضلع اور مقامی سطح تک' نہ عوام دوست بنیں ہیں اور نہ اس کی سامراجی شکل تبدیل ہوئی ہے' جو ابھی تک انتظامی امور پہ چھائی ہوئی ہے۔ سوچیں' ہمارے جنگلات' جو ہر ضلع میں موجود ہیں' ایک نہیں کئی' وہ انگریز دور سے چلے آرہے ہیں' ان میں آباد جھیلیں ہوتیں' جو کبھی موجود تھیں' مگر اب محکمے کی بداعمالیوں کی نذر ہو چکی ہیں۔ نجی مہمان خانے کافی تعداد میں ہوتے اور ہماری ضلعی انتظامیہ ہمارے مقامی تاریخی ورثے کو' جن میں جنگلات بھی شامل ہیں' تجاوزات سے محفوظ کرتی تو ہمارے مقامی لوگ خصوصاً نوجوان بے کار اور بے روزگار نہ ہوتے۔ شہر کے لوگوں کو کیسے بتائیں اور ان کو بھی' جو دیر تک جاگتے اور دیر سے بیدار ہونے کے عادی ہیں کہ طلوع آفتاب سے پہلے مشرق میں شفق کا رنگ کیسا ہوتا ہے اور جب اس کے ساتھ جو دھندلا' چاند مغرب میں نیچے کی طرف اتر رہا ہوتا ہے تو سرسوں اور گندم کے کھیتوں کے درمیان سردی میں چلنے سے قدم تو زمین پر لگتے ہیں مگر روح کسی اور جہان میں سمو جاتی ہے۔ وہ جنگلات تو ہم کھو چکے ہیں' ان کی یادیں اور آج کھیتوں کی بہار کا لطف پورے سال کی تکان کو دور کر دیتا' اور اگلے سال کیلئے تازگی فراہم کر دیتا ہے۔

قومی دفاعی کمان (2)



انداز جہاں

اسد اللہ غالب

میں نے 2000ء میں امریکا کا ایک سرکاری دورہ کیا جس میں ہم چار ایڈیٹر پاکستان سے تھے اور چار ایڈیٹر انڈیا کے تھے۔ یہ ٹریک ٹو ڈپلومیسی کے سلسلے میں ہمارا دورہ تھا ہر جگہ جہاں بھی ہم گئے اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ، پینٹاگان، کسی تھنک ٹینک یا کسی یونیورسٹی میں گئے تو ہر جگہ جس کسی نے پاکستان کے بارے میں بات کی، ان کا لب ولہجہ انتہائی ذلت آمیز تھا۔ اگر چہ وہ نام نہیں لیتے تھے، لیکن ان کا اشارہ پاکستان کی طرف ہوتا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت دنیا میں جو دہشت گرد ہیں، ان کے ہاتھ میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیار آگئے ہیں جن میں جوہری، کیمیاوی، جراثیمی اور اس طرح کا دوسرا اسلحہ ہے جو انھوں نے یا تو چوری کرلیا ہے یا انہیں دے دیا گیا ہے۔

پینٹاگان میں امریکا کی تینوں افواج بری، بحری اور فضائیہ کے لیفٹیننٹ جنرل کی سطح کے انتہائی اعلیٰ فوجی افسروں کے ساتھ میٹنگ میں میں پھٹ پڑا۔ میں نے کہا، آپ بار بار پاکستان کو مطعون کر رہے ہیں، اور آپ کا کہنا یہ ہے کہ اسامہ جیسے دہشت گرد کو ہم نے پال رکھا ہے تو بات یہ ہے کہ اسامہ ہمارا نہیں آپ کا آدمی ہے، اسے آپ نے سوویت روس کے خلاف جہاد لڑنے کے لیے افغانستان بھیجا، اس نے مجاہدین کو ڈالرز دیے، اسلحے کے ڈھیر لگا دیے اور آپ کو اس جنگ میں فتح دلوائی اور روس کو ٹکڑے ٹکڑے کردیا، ہمارا تو اس سے کیا لینا دینا؟ اگلی بات یہ ہے کہ آپ یہ الزام لگاتے ہیں کہ اس کے ہاتھ میں یا دہشت گردوں کے ہاتھ میں ایٹمی اسلحہ آگیا ہے اور اگر چہ آپ پاکستان کا نام نہیں لے رہے لیکن چونکہ ہم یہاں چار پاکستانی ایڈیٹرز موجود ہیں، اس لیے لازمی طور پر آپ کا اشارہ پاکستان کی طرف ہی جاتا ہے، گویا آپ پاکستان کو ایک غیر ذمہ دار ملک سمجھتے ہیں جو اپنے ایٹمی اسلحے کی حفاظت نہیں کر سکتا جبکہ بھارت کے جوہری تجربے بھی ناکام رہے۔ یہی حال ان کے میزائل تجربوں کا تھا اور خود آپ کا جو خلائی پروگرام ہے اس کی ایک شٹل اڑتے ہی آگ کے گولے میں تبدیل ہو گئی اور اس میں سوار درجنوں لوگ کوئلہ بن گئے مگر آپ اپنے آپ کو مطعون کرتے ہیں نہ بھارت کو کرتے ہیں اور اشارتاً پاکستان کو نشانہ بناتے ہیں۔

اب اس بات کو 25 برس ہو چکے ہیں، آج تک کسی جنگ میں دہشت گردوں نے امریکا کے نشانے پر جو ممالک تھے مثلاً افغانستان، عراق، شام، لیبیا، کسی نے امریکا کے جواب میں کیمیائی یا جراثیمی ہتھیار استعمال نہیں کیا بلکہ اگر جوہری اسلحے کو غیر ذمہ دارانہ طور پر استعمال کرنے کا کوئی مجرم ہے تو وہ خود امریکا ہے، جس نے دوسری جنگ عظیم میں جاپان کے دو شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی میں لاکھوں معصوموں اور بیگناہوں کو چربی کی طرح پگھلا کر رکھ دیا تھا۔ میں خود ہیروشیما جا چکا ہوں اور میں نے اس علاقے کے سکولوں میں چھوٹے معصوم پھولوں جیسے بچے جو مارے گئے ان کی یادگار کا بھی دورہ کیا اور امریکا کا مکروہ چہرہ میرے سامنے نمایاں ہوگیا۔

یہ اتفاق کی بات ہے کہ جب میری ملاقاتیں جنرل غلام مصطفیٰ سے بڑھ گئیں تو میں نے امریکا کے اپنے سارے مشاہدات ان کے ساتھ شیئر کیے، وہ ہنس پڑے اور مسکرا کر کہنے لگے کہ آپ جس شخص سے مخاطب ہیں، وہ پاکستان کی سٹریٹجک ڈیفنس کمان کا بانی ہے، وہ دو سال تک اس نے اس کی سربراہی کی اور پھر اسے مزید دو سال تک توسیع دی گئی۔ میری نظر میں جنرل غلام مصطفیٰ کی عزت اور توقیر ڈاکٹر عبدالقدیر خان سے بھی زیادہ بڑھ گئی، ان کی قدر ومنزلت، ان کی علمی وجاہت، ان کی تحقیقی صلاحیت اور تجربوں سے تو میں پہلے ہی بے حد متاثر تھا مگر جب انہوں نے بتایا کہ وہ پاکستان کی قومی دفاعی کمان کے بانی ہیں تو مجھے وہ قوم کے محسن کی صورت میں نظر آئے۔

جنرل غلام مصطفیٰ سے پوچھا جائے کہ قومی دفاعی کمان کا ڈھانچہ کیا ہے اور اس کے چارٹر میں کیا لکھا ہے، کس کو کیا ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں، تو وہ لب کشائی نہیں کرتے، اس کی تفصیلات بیان نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں یہ ایک قومی راز ہے، اسے راز ہی رہنا چاہیے۔ بہر حال جنرل غلام مصطفیٰ صاحب نے ایک ایسا ادارہ کھڑا کر دیا ہے جو با کمال ہے، جس کے اندر کوئی جھانک نہیں سکتا، جس نے پاکستان کو دنیا میں ایک ذمہ دار ملک کے اعلیٰ درجے پر فائز کر دیا ہے۔ بھارت کے میزائل بھٹک کر بھی پاک چین آگرتے ہیں تو کبھی بہاول نگر جا گرتے ہیں یا میانوالی میں ان کا میزائل رستے میں پھٹ کر تباہ ہو جاتا ہے۔ یا ان کا کلبھوشن بلوچستان کی سرحد پار کرتے ہوئے پکڑا جاتا ہے۔ یا ان کا ونگ کمانڈر ابھینندن آزاد کشمیر کی فضاؤں میں شکار ہو جاتا ہے لیکن پاکستان کا کوئی میزائل آج تک اندھا نہیں ہوا نہ کسی کو علم ہے کہ ان کو کہاں ذخیرہ کیا گیا ہے۔ ان کو چلانے کا حکم کس نے دینا ہے، ان کے ٹارگٹ کیا ہوں گے؟ یہ سارا کچھ مختصر طور پہ مگر بلاغت سے نیشنل ڈیفنس کمان کے ضابطوں میں طے کر دیا گیا ہے اور اس پر عمل ہو رہا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کبھی اوجڑی کیمپ جیسے حادثوں کا شکار نہیں ہوا۔ اس کا جوہری اسلحہ ہو یا میزائلوں کا ذخیرہ ہو، دشمن اس کا سراغ لگانے میں بالکل ناکام رہا ہے، یہ سارا کریڈٹ جنرل غلام مصطفیٰ کو جاتا ہے جنہیں قوم اپنا ہیرو سمجھتی ہے۔

جنرل غلام مصطفیٰ دفاعی سٹریٹجی کی تشکیل کے ماہر ہیں اور جدید دور کے جنرل ڈیگال کی طرح ہیں جنھوں نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ میں تمہیں لڑنے کا نہیں مرنے کا حکم دیتا ہوں، جنرل مصطفیٰ نے بھی قومی دفاعی کونسل کی اٹھان اسی کال پر کی اور ہم نے دیکھا کہ پاک فوج اور ملک کی عوام نے ستر ہزار جانوں کی قربانی دے کر، دہشت گردی کو کچل ڈالا۔ ایک مرتبہ جنرل راحیل شریف نے پارلیمنٹ کو ان کیمرہ بریفنگ دی جس کا ایک لفظ بھی میڈیا میں نہ آیا جبکہ ان سے پہلے جتنے بھی فوج کے سربراہوں کی ان کیمرہ بریفنگ ہوتی تھی تو اس کا ایک ایک لفظ اخباروں میں چھپ جاتا تھا۔ میں نے اسے اپنے لیے چیلنج سمجھا اور جنرل غلام مصطفیٰ سے رہنمائی مانگی کہ جنرل راحیل شریف نے کیا کہا ہوگا۔ انھوں نے مجھے انتہائی تفصیل سے ایک دفاعی تجزیہ پیش کیا جسے میں نے راحیل شریف کے پارلیمنٹ سے خطاب کی سرخی کے ساتھ تین کالموں میں شائع کیا۔ دلچسپ بات یہ تھی کہ نہ تو جی ایچ کیو نے اس کی تردید کی نہ اس میں کسی ایک لفظ کی ترمیم کی نہ اس میں کسی ایک لفظ کا اضافہ کیا۔ اس کے بعد جنرل غلام مصطفیٰ الیکٹرانک میڈیا کی توجہ کا مرکز بنے، وہ ہر ٹی وی پر آئے اور انتہائی ذمہ دارانہ انداز میں تجزیے پیش کیے۔ انھوں نے اپنے ماہرانہ تجزیوں سے عوام کے ذہنوں کو نئی روشنی بخشی۔ (ختم شد)

مسائل کا بہتر حل



خیال حمید

حمید اللہ بھٹی

پاک بنگلہ دیش تعلقات میں بہتری کے آثار نمایاں ہیں جس کی بنیاد تو طلبا تحریک کے نتیجے میں ہونے والی تبدیلی بنی ہے جس کی وجہ سے دونوں ممالک میں نچلی سطح سے لیکر حکومتی سطح پر روابط بہتر ہوئے حالانکہ ماضی میں ایسا بھی ہوتا رہا ہے کہ پاکستان کے سفیر بنگلہ دیش میں وزراء سے ملاقات کی عرضی ڈال دیتے مگر ملاقات کے لیے وقت دینے میں بھی شیخ حسینہ واجد حکومت حیل وحجت سے کام لیتی لیکن اب صورتحال بدل چکی ہے ڈھاکہ میں پاکستانی سفیر جب چاہتے ہیں حکومت کی اہم ترین شخصیات سے مل سکتے ہیں عوامی روابط میں بہتری آنے کے ساتھ بحری تجارت کا بھی از سر نو آغاز ہو چکا ہے بنگلہ دیش نے پاکستانیوں سے نہ صرف خصوصی تضحیک آمیز سلوک کا سلسلہ ترک کر دیا ہے بلکہ پاکستان کے تجارتی وفد کا بنگلہ دیش میں پرتپاک استقبال کیا گیا دورے پر آئے وفد سے گفتگو کے دوران بنگلہ دیش کے وزیر تجارت شیخ بشیر الدین نے پاکستان کے ساتھ مل کر تجارتی مواقع تلاش کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے باہمی تجارت بڑھانے پر اتفاق کیا اور پاکستان کی تجارتی کمپنیوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے ساتھ مراعات دینے کا وعدہ بھی کیا جو خوش آئند ہے بنگلہ دیش خطے کا اہم ملک ہے، جس کی آبادی اٹھارہ کروڑ ہے یہاں فی کس آمدن پاکستان سے زیادہ ہے مرد وزن میں خواندگی کی شرح بھی پاکستان سے بلند ہے ایسے حالات میں جب یورپی یونین اور امریکہ سے مستقبل میں تجارتی مواقع محدود ہونے کا امکان ہے اور افغانستان سے سرحدی مسائل بڑھنے کی وجہ سے آئے تجارت متاثر ہونے لگی ہے بنگلہ دیش کی ایک وسیع اور متبادل منڈی ملنا ایک نعمت ہے۔

بنگلہ دیش میں آنے والی تبدیلی سے بھارتی مفاد کو دھچکا لگا ہے جس کا بدلہ وہ اب افغانستان کے ذریعے لینے کی کوشش میں ہے شیخ حسینہ کا اقتدار ختم ہوتا اور عبوری حکومت کی تشکیل پاک بنگلہ دیش تعلقات میں بہتری کا موجب بنا ہے مگر بہتر تعلقات بنانے میں وزیراعظم شہباز شریف کا کردار نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ان کی کوششوں سے مہینوں کا کام دنوں میں ممکن ہوا بلاشبہ ان کا کردار کلیدی کردار ہے جنھوں نے حالات کا ادراک کرتے ہوئے نہ صرف سفارتی ذرائع کو متحرک کیا بلکہ خود بھی تعلقات بہتر بنانے کے لیے قابل قدر اور قابل تحسین کوششیں کیں اسی بنا پر بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر ڈاکٹر محمد یونس سے مختصر وقفے کے دوران دو ملاقاتیں ممکن ہوئیں قاہرہ میں ہونے والی ملاقات سے ایک ایسا روڈ میپ بنانے میں کامیابی ہوئی جس سے دونوں برادر ممالک میں تیزی سے دوریاں ختم ہوئیں اور باہمی تعاون کا طریقہ کار بنا کر عملدرآمد ممکن ہوا شہباز شریف چاہے ملک کے مقبول رہنما نہیں لیکن اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ وہ نہ صرف ایک اچھے منتظم ہیں بلکہ معاملہ فہم بھی ہیں اگر شہباز شریف کے پاس وزارت عظمیٰ کا منصب نہ ہوتا اور سب کچھ روایتی بابوؤں پر چھوڑا گیا ہوتا تو شاید ابھی تک صرف باتیں ہی ہو رہی ہوتیں لیکن عملی طور پر کچھ نہ ہو رہا ہوتا امید واثق ہے کہ وزیراعظم نے تعلقات کی بنیاد تو رکھ دی ہے رواں ماہ اسحاق ڈار کے دورے سے دونوں ممالک مزید قریب آجائیں گے۔

پاکستان رقبے اور آبادی کے حوالے سے بنگلہ دیش سے بڑا ملک ہے مگر بنگلہ دیش تعلیم، تجارت، صحت اور فی کس آمدن جیسے ہر میدان میں پاکستان سے آگے ہے جس کی وجہ تسلسل اور نتیجہ خیز حکمت عملی ہے حالانکہ اس حقیقت کو بھی جھٹلایا نہیں جاسکتا کہ 1980 تک پاکستان کی معاشی حالت نہ صرف بنگلہ دیش سے بہتر تھی بلکہ بھارت سے بھی معاشی نمو میں آگے تھا مگر پھر نااہل، اقربا پرور اور بدعنوان قیادت کی وجہ سے ملک معاشی تباہی کی دلدل میں دھنستا گیا آج صورتحال یہ ہے کہ قرضوں کی اقساط دینے کے لیے مزید قرض لینا مجبوری ہے مگر جس طرح بنگلہ دیش سے تعلقات میں بہتری لانے کا کریڈٹ شہباز شریف کو جاتا ہے پی آئی اے کی بحالی اور معاشی اشاریے بہتر بنانا بھی انہی کا کارنامہ ہے دراصل شہباز شریف ملک کی دیگر سیاسی قیادت کی طرح اڑیل نہیں وہ نہ صرف اپنی غلطی تسلیم کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں بلکہ کسی میں کوئی خوبی ہو تو نہ صرف سراہتے ہیں بلکہ تقلید کی بھی کوشش کرتے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ بنگلہ دیش سے بلاشبہ پاکستان کے اچھے تعلقات میں کوئی ابہام نہیں رہا مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں دوبارہ خراب نہ ہونے دیا جائے نیز بنگلہ دیش کی ترقی و خوشحالی سے نہ صرف سبق لے کر ایسا طریقہ کار بنایا جائے جس سے ملک معاشی دلدل سے نکل سکے۔

بنگلہ دیش کی موجودہ ترقی میں موجودہ چیف ایڈوائزر ڈاکٹر محمد یونس کا کردار نظرانداز نہیں کیا جاسکتا انھوں نے محدود سرمائے سے نہ صرف انھوں نے ایک بڑے بینک کے خواب کو تعبیر دی بلکہ افرادی قوت کو ہنر مند بنانا بھی ان کا نا قابل فراموش کارنامہ ہے بنگلہ دیش کی خواتین بھی مردوں کے شانہ بشانہ ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں بالخصوص ریڈی میڈ گارمنٹس کی تجارت میں ہنر مند خواتین کا بڑا ہاتھ ہے اگر پاکستان کے حالات کا بنگلہ دیش سے موازنہ کیا جائے تو صورتحال مایوس کن نظر آتی ہے ہمارا ملک تعلیم اور فنی تربیت میں پس ماندہ ہے اس لیے اکثریت کا معیشت میں کردار نہ ہونے کے برابر ہیں پاکستان کے لیے بنگلہ دیش کی ترقی میں سبق یہ ہے کہ تعلیمی نظام میں اصلاحات کی جائے حقوق نسواں کی باتیں کرنے والے خواتین کو بھی معیشت کی ترقی میں مواقع بڑھائیں پاکستانیوں میں صلاحیتوں کی کمی نہیں صرف کام لینے اور مواقع دینے کا طریقہ کار بنانے کی ضرورت ہے اس میں کوئی شائبہ نہیں کہ پاک بنگلہ دیش تعلقات ہماری ضرورت ہیں مگر معاشی بحالی کے بغیر آزادی، خودمختاری اور عزت واہمیت کا دفاع ممکن نہیں اس حوالے سے اگر ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے تو بہتر ہے علاوہ ازیں مزید قابل ذکر بات یہ ہے کہ پاکستان کی بیوروکریسی کا مزاج دوستانہ نہیں غلامانہ اور حاکمانہ ہے۔ طاقتور کے آگے جھکنے اور دیگر کو دبا کر رکھنے کی کوشش تو کرتی ہے البتہ برابری کی بنیاد پر یقین نہیں رکھتی طالبان کے آنے پر کابل میں چائے پینے کی تصویر پاکستان کا جلد بازی میں اٹھایا گیا ایسا جذباتی قدم تھا جس کا خمیازہ آج تک پاکستان بھگت رہا ہے خدارا بنگلہ دیش سے بہتر ہوتے تعلقات میں احتیاط کی جائے تاکہ دوستوں میں اضافہ اور دشمنوں میں کمی ہو پاکستان میں سی ایس ایس آفیسران پر بہت انحصار کیا جاتا ہے مگر حرج یہ ہے کہ یہی سی ایس ایس آفیسرز جن شعبوں کے سربراہ ہیں وہ سب زبوں حالی کا شکار ہیں لیکن جن اداروں یا کمپنیوں کے سربراہ سویلین ہیں وہ ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں پس ثابت ہوا کہ ذہانت، صلاحیت واہلیت سی ایس ایس میں پوشیدہ نہیں یہ صرف یادداشت اور انگلش جاننے کا پیمانہ ہے

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ ابہام اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" کسی ادارے کا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

تلاش گمشدہ
میرا قومی شناختی کارڈ بنام اختر محمد ولد میرزا خان مجھ سے کہیں گم ہوگیا ہے جس کو ملے پریس کلب مسلم باغ پہنچا دیں۔
نمائندہ مسلم باغ

وقت پر کھانا متوازن غذا تمام بیماریوں کے حل کی کنجی ہے ایس ایس پی صحبت پور

ملتان کے معروف حکیم عامر رزاق اوبھایہ نے شرکا کو صحت مند طرز زندگی کے اصولوں پر آگاہی فراہم کی

تربیتی پروگرام تمام مکتبہ فکر کے لوگوں کی جسمانی و ذہنی صحت کے فروغ کی جانب اہم اقدام ہے، یوسف بھنگر

باجھی پور (آن لائن) ڈسٹرکٹ صحبت پور پولیس کی پریس ریلیز کے مطابق صحبت پور پولیس افسران کی صحت وغذائی اصولوں پر تربیت، ایس پی صحبت پور انجینئر محمد یوسف کریم بھنگر اور حکیم عامر رزاق اوبھایہ کی قیادت میں خصوصی سیشن، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس نصیرآباد رینج ایاز احمد بلوچ کی ہدایت پر اور ایس پی صحبت پور انجینئر محمد یوسف کریم بھنگر کی قیادت میں بوائز ہائی سکول صحبت پور میں صحت اور غذائی اصولوں پر ایک خصوصی آگاہی سیشن منعقد ہوا جس میں ڈی سی صحبت پور محترمہ فریدہ ترین، پولیس افسران، اساتذہ کرام اور طالبعلموں نے شرکت کی۔ اس سیشن میں ملتان کے معروف حکیم عامر رزاق اوبھایہ نے شرکا کو صحت مند طرز زندگی کے اصولوں پر آگاہی فراہم کی۔ حکیم عامر رزاق نے لیکچر کے دوران زور دیا کہ خوراک کو بطور دوا استعمال کیا جائے تاکہ صحت مند زندگی ممکن ہو اور معمولی غفلت کی وجہ سے ادویات پر انحصار کرنا پڑے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 8 گھنٹے کی مکمل نیند، وقت پر کھانا کھانے کی عادت اور متوازن غذا کو اپنانا تمام بیماریوں کے حل کی کنجی ہے۔ شرکا محفل نے اس تربیتی سیشن کو بے حد مفید قرار دیا اور کہا کہ اس قسم کی آگاہی ان کی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے لیے انتہائی فائدہ مند ہے۔ سیشن کے تمام شرکا نے ڈی آئی جی نصیرآباد رینج ایاز احمد بلوچ اور ایس پی صحبت پور انجینئر محمد یوسف کریم بھنگر کی جانب سے ایسی کاوش پر شکریہ ادا کیا۔ یہ تربیتی پروگرام پولیس افسران و دیگر مکتبہ فکر کے لوگوں کی جسمانی و ذہنی صحت کے فروغ کی جانب ایک اہم اقدام ہے، جو ان کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔

احتساب عدالت کے 190 ملین پاؤنڈ کیس کے فیصلے کا خیر مقدم

خضدار (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی خضدار کے سینئر نائب صدر میر قدیر احمد زہری، قلات ڈویژن کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری ماما رحیم خدرانی، ملک لطیف شاہوانی یوسی وائس چیئرمین فیصل زہری، میر قمر مینگل میر فیصل زہری، عبدالوہاب خدرانی، مقبول جام و دیگر نے احتساب عدالت کے 190 ملین پاؤنڈ کیس کے فیصلے کا خیر مقدم کیا انہوں نے اس فیصلے کو انصاف کے تقاضے پورا کرنے کی ایک اہم مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے سے حق و سچ کا بول بالا ہوا ہے

اوستہ محمد، فرض شناس آفیسر کی یاد ہمیشہ رہتی ہے، میر عامر خان

اوستہ محمد (آن لائن) فرض شناس آفیسر کی ہمیشہ یاد بھی رہتی ہے اور اس کی عزت بھی دل میں ہوتی ہے پی پی پی رہنما سابق میئر تفصیلات کے مطابق سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی پی پی رہنما میر عامر خان جمالی نے تبادلہ ہونے والے سٹی تھانہ کے ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی کے اعزاز میں کوٹھ علی آباد جمالی میں ظہرانہ دیا اس موقع پر سابق میئر میر عامر خان جمالی نے کہا کہ اچھے آفیسر کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے اور ان کی یاد بھی رہتی ہے عبدالرؤف جو عرصہ رہا بہترین کام کیا اور محکمہ کا بھی نام روشن کیا تبادلے ملازم کی زیور ہے جہاں بھی جائیں گے

پرنسپل عطا شاد ڈگری کالج تربت نے اپنے ایک اعلامیہ

تربت (ث ن) پرنسپل عطا شاد ڈگری کالج تربت نے اپنے ایک اعلامیہ میں بتایا ہے کہ کالج ہذا میں سردیوں کی تعطیلات کے بعد تدریسی عمل باقاعدگی سے جاری ہے۔ انٹرمیڈیٹ اور بی ایس کے تمام طلباء کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کالج میں اپنی حاضریاں یقینی بنائیں۔ غیر حاضر طلباء کے داخلے منسوخ کیے جائیں گے۔ بی ایس اسپرنگ سیشن 2025 کے فرسٹ سمسٹر کے طلباء کو خصوصی طور پر تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ بغیر کسی تعطل کے اپنے کلاسز میں حاضر رہیں۔

چمن، اے سی امتیاز علی بلوچ کوژک ٹاپ پر برفباری بارش کے دوران ٹمک چھتر کا ڈوار روڈ سے برف ہٹانے کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

غلام حسین رائس ملز ورکرز یونین اوستہ محمد کے رابطہ سیکرٹری مقرر

انشاللہ ہم سب مل کر لیبر کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے

اوستہ محمد (آن لائن) رائس ملز ورکرز یونین اوستہ محمد کے صدر رئیس گلزار احمد تمیو کی صدارت میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں عہدیداروں کے علاوہ کثیر التعداد میں جمعداروں اور ورکرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر اکثریت رائے سے جمعدار غلام حسین پنجابی کو رائس ملز ورکرز یونین اوستہ محمد کا رابطہ سیکرٹری مقرر کردیا اس موقع پر اجلاس سے رائس مل یونین کے صدر رئیس گلزار احمد تمیو سینئر نائب صدر سوتا خان جمالی نائب صدر اول محمد صدیق سیٹھار جنرل سیکرٹری سید بچل شاہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری نادر علی رند انفارمیشن سیکرٹری مور خان وائو فنانس سیکرٹری مور خان عباسی ایس سیکرٹری مشتاق علی سیٹھار سینئر رہنما خادم حسین لانگاہ و دیگر نے جمعدار غلام حسین پنجابی کو رابطہ سیکرٹری مقرر ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب لیبر اپس میں بھائی ہیں انشاللہ ہم سب مل کر لیبر کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے کیونکہ مہنگائی کے تناسب سے مزدوروں کو اجرت بہت کم مل رہا ہے ان مسائل کے حل کے لیے ہم اپس میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں کیونکہ اتحاد اور اتفاق کے بغیر کوئی بھی حقوق حاصل نہیں کرسکتے ہیں انشاللہ ہم سب مل کر ایمانداری سے اپنے لیبر کے حقوق کے لیے شعوری جنگ لڑیں گے۔

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے وفد کا خضدار پریس کلب کا دورہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار اساتذہ تنظیم گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن خضدار کے وفد کی خضدار پریس کلب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر خضدار پریس کلب کے چیئرمین محمد ایوب بلوچ صدر عبداللہ شاہوانی نائب صدر علی شیر ناز براہوئی فنانس سیکریٹری عبدالرزاق زہری و دیگر صحافی برادری موجود تھے۔ جنہوں اساتذہ کو خضدار پریس کلب آنے پر ویلکم کہا۔ وفد میں محمد اسلم نوتانی صدر، رئیس علی حیدر مینگل چیئرمین نصیر احمد سینئر نائب صدر محمد عظیم جام جوائنٹ سیکرٹری نذیر احمد جھنڈ فنانس سیکرٹری غلام نبی وائس چیئرمین محمد اسحاق وارث آفس عبدالقادر غلامانی، منیر احمد کرد، شکیل احمد کبھا تحصیل صدر عبداللہ کرد تحصیل جنرل سیکرٹری حافظ عبدالباسط موسیانی سجاد زیب حسنی، ذوالفقار علی ساسانی تحصیل فنانس سلطان احمد میراجی محمد انور ساسولی حفیظ اللہ جام و دیگر شامل تھے۔ انہوں نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے کہا کہ خضدار پریس کلب کی نئی کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں یہ ایک خوشی کا موقع ہے اور ایک نیا آغاز ہے جو صحافتی برادری کی ترقی اور فلاح و بہبود کو ممکن بنائیگی۔ نو منتخب کابینہ رہنماؤں کو خاص طور پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ان کے عہدے پر فائز ہونے سے صحافتی برادری کو نئی توانائیاں اور حوصلہ ملا ہے

میرٹی اڈہ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ محمد ریاض خان نے رات گئے دیر سے لیویز ہیڈکوارٹر قلعہ عبداللہ کا دورہ کررہے ہیں

گرینڈ ہیلتھ الائنس کی ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ہڑتال جاری

ہسپتال مکمل طور پر بند، دور دراز سے آنے والے غریب مریض رل گئے

لورالائی (آن لائن) بلوچستان بھر میں ینگ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس کے مشترکہ اتحاد گرینڈ ہیلتھ الائنس کی جانب سے پورے بلوچستان سمیت ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی ہسپتال میں بھی گزشتہ کئی دنوں سے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکس کی جانب سے مکمل ہڑتال جاری ہے ہڑتال کی وجہ سے پورا ہسپتال مکمل بند تھا دور دراز سے آنے والے غریب مریض رل گئے ہیں ہسپتالوں کو پرائیویٹ کرنے کی نوبت کیوں آرہی ہے ہر سرکاری ڈاکٹرز کی تنخواہیں لاکھوں میں ہیں سرکار سے ہر ڈاکٹر لاکھوں روپے لینے کے باوجود بھی ہسپتالوں میں ایک گھنٹہ بھی ڈیوٹیاں نہیں دیتے ہیں اور اپنے پرائیویٹ ہسپتالوں میں فل ٹائم دیتے ہیں جسکی وجہ سے سرکاری ہسپتال ویران اور پرائیویٹ ہسپتال آباد ہیں لورالائی سمیت پورے بلوچستان کے سرکاری اسپتالوں کی حالت دیکھنے کے قابل ہے

مل و گردونواح میں تیز ہواؤں کے بعد ہلکی بارش، موسم خوشگوار

مل (نامہ نگار) مل و گردونواح میں تیز ہواؤں کے بعد ہلکی ہلکی بارش جس سے موسم خوشگوار ہوگیا تفصیلات کے مطابق مل و اس سے ملحقہ علاقوں میں تیز ہواؤں کا سلسلہ دن بھر جاری رہا تیز ہواؤں کی وجہ سے نظام زندگی بری طرح متاثر رہا جبکہ تیز ہواؤں کے بعد ہلکی ہلکی بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا جو کہ رات گئے تک جاری رہا ہلکی ہلکی بارش کے بعد ہواؤں کا سلسلہ تھم گیا موسم کافی خوشگوار جبکہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے۔

نصیرآباد، ایم آئی پی کے زیر اہتمام یونیسف کے تعاون سے گورنمنٹ گرلز سکول عبدالوہاب سومرو میں طالبات کو حفاظتی ٹیکہ جات کے حوالے سے آگاہی دی جارہی ہے

سیلاب متاثرین کی امداد و یقینی بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، بلال عمرانی

ڈیرا مراد جمالی کے متاثرین کو سرکار کی جانب سے امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے ڈویژنل صدر میر محمد بلال عمرانی نے کہا ہے کہ نصیرآباد میں سال 2022 کے سیلاب متاثرین اور شدید بارشوں سے بے گھر ہونے والے لوگوں کو ہر ممکن امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی کے احکامات کی روشنی میں ڈیرامراد جمالی کی تمام متاثرین کو سرکار کی جانب سے امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا اس حوالے سے متاثرین کو کسی بھی مشکلات کا سامنا ہے ان کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں ہم عوام کی ہر قسم کی معاونت کو یقینی بنائیں گے اور انہیں جو مشکلات درپیش ہیں ان کے تدارک کے لیے بھی فوری طور پر ایکشن لیا جائے گا ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد کاکڑ کی سربراہی میں کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی ہے جو سیلاب متاثرین کی امداد کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ مراد جمالی میں اسلامک ریلیف کے ریجنل دفتر کا دورہ، پراجیکٹ سے منسلک آفیسران اور عملے سے ملاقات کے بعد صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسلامک ریلیف کے آفیسر عبدالصمد کورار و دیگر نے انہیں پراجیکٹ کے متعلق میر بلال خان عمرانی کو بریفنگ بھی دی میر محمد بلال عمرانی نے پراجیکٹ میں مکمل طور پر شفافیت اور متاثرین کو گھروں کی جلد فراہمی پر زور دیا

نصیرآباد، پیپلز پارٹی کے محمد بلال عمرانی کو اسلامک ریلیف کے عبدالصمد بریفنگ دے رہے ہیں

تجارتی سرگرمیاں معطل مال بردار گاڑیوں کی لمبی قطاریں چمن بارڈر شاہراہ بند

70 سے زائد خاندانوں کا واحد روزگار بارڈر سے وابستہ ہے، گزشتہ تین ماہ سے روزگار کے دروازے بند کیے گئے ہیں

تمام وعدے جھوٹے ثابت ہوئے، جب تک روزگار بحال نہیں کیا جاتا، بارڈر شاہراہ پر احتجاج جاری رہے گا، عبدالحمید

چمن (یو این اے) چمن انجمن معذورین کے رہنما عبدالحمید و دیگر نے چمن بارڈر شاہراہ کو احتجاجاً بند کر دیا جس سے تمام تجارتی سرگرمیاں اور ٹرانسپورٹ معطل ہوگئی ٹرانزٹ ٹریڈ امپورٹ ایکسپورٹ کا کام بند کرکے مال بردار ٹرکوں کی لمبی قطاریں لگ گئی انجمن معذورین کے رہنما عبدالحمید نے کہا کہ ہم نے بار بار احتجاج ریکارڈ کیا ہے حتی کہ اپنے منہ بھی احتجاجاً سی لئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہم 70 سے زائد خاندان ہے جس کا واحد روزگار چمن بارڈر سے وابستہ ہے لیکن گزشتہ تین مہینوں سے ہم پر روزگار کے دروازے بند کئے گئے ہیں حکومتی اور قبائلی مذاکرات نے بھی کوئی رنگ نہیں لایا بلکہ ہم سے کئے گئے وعدے محض جھوٹے ثابت ہوئے انہوں نے احکام سے مطالبہ کیا کہ جب تک بارڈر ہر معذورین کا روزگار بحال نہیں کیا جاتا اس وقت تک بارڈر شاہراہ پر احتجاج جاری رہیگا۔

اقلیتی برادری کے بنیادی مسائل حل کیئے جارہے ہیں، سنجے کمار

نوجوانوں کو سرکاری محکموں میں کوٹے کے حساب سے بھرتی کیا جارہا ہے

نصیرآباد+ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور سنجے کمار چانچوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی سربراہی میں بلوچستان میں بسنے والے اقلیت برادری مسائل حل کرنے اور عبادت گاہوں کی تزئین آرائش پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے ان خیالات کا اظہار ڈیرہ مراد جمالی میں کرسمس کے حوالے سے مسیحی برادری میں امدادی چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے کیا اس موقع پر ندیم جان مسیحی الیاس مسیحی خالد رضا قیم مسیحی اور کوٹل پرنس روشن راج سمیت دیگر موجود تھے سنجے کمار چانچوانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول زرداری بھٹو کی ہدایت وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی کوششوں سے اقلیتی برادری کے بنیادی مسائل حل کیے جارہے ہیں بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں کے مندروں مسیحی برادری کے چرچوں سمیت دیگر اقلیتی برادری کی عبادت گاہوں کی تعمیر و مرمت کی جارہی ہیں غریب خاندانوں کی مالی مدد راشن بھی فراہم کیا جارہا ہے اور کہا کہ بیروزگار نوجوانوں کو سرکاری محکموں میں کوٹے کے حساب سے بھرتی کیا جارہا ہے اور روزگار اسکیمات بھی متعارف کرائی جا رہی ہیں اقلیتی برادری کے محلوں میں بجلی پینے کے صاف پانی صحت تعلیم اور سڑکوں کی اسکیمات پر بھی کام جاری ہے

پولیو وائرس کی روک تھام کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی ہے، امتیاز بلوچ

بہترین کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی کیلئے سیمینار رکھنے کا اعلان

چمن (ث ن) اسسٹنٹ کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے ڈپٹی کمشنر چمن اسمبلی ہال میں جاری پولیو ٹریننگ کا دورہ کیا انہوں نے ڈسٹرکٹ کمیونیکیشن آفیسر اشرف خان اور ایمونائزیشن آفیسر ڈاکٹر نیاز احمد کی سربراہی میں تمام یونین کونسل کے اسٹاف کی ٹریننگ کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران اے سی امتیاز بلوچ نے ٹریننگ حاصل کرنے والے پولیو اسٹاف کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو وائرس کی روک تھام کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی ہے اس موذی مرض کی خاتمے کیلئے تمام اسٹاف کو پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خدمات سرانجام دینے کا مظاہرہ کرنا چاہیے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین کے قطرے سے محروم رہ نہ جائے۔ ٹریننگ کے آخر میں اسسٹنٹ کمشنر امتیاز احمد بلوچ نے بہترین کارکردگی دکھانے والوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ایک سیمینار رکھنے کا اعلان کیا

پریس کلب گوادر کی نو منتخب کابینہ کی حلف برداری کی تقریب

گوادر (ث ن) پریس کلب کی نو منتخب کابینہ کی حلف برداری کی تقریب محمد اسماعیل بلوچ کانفرنس ہال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران نے اپنے عہدوں کا حلف ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن سے لیا۔ اس موقع پر مختلف مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر گوادر حمود الرحمن نے اظہار رائے کی آزادی اور اس کی حدود پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ صحافتی معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ان کا فرض ہے کہ وہ حقائق پر مبنی رپورٹنگ کریں اور مثبت پہلوؤں کو اجاگر کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوادر ایک ایسا شہر ہے جہاں اظہار رائے کی آزادی نمایاں ہے، اور یہاں کے صحافی اور فنکار اپنے تخلیقی کاموں کے ذریعے معاشرے کی عکاسی کرتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تقریب میں اپنے خطاب کے دوران گوادر کے لیے ضلعی انتظامیہ کے جاری منصوبوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ ان کی کاوشوں سے شہر میں مفت ایمبولینس سروس کا آغاز کیا گیا ہے۔

این سی ایچ ڈی اور بیکس اساتذہ کو فوری مستقل کیا جائے، عبدالوہاب

ماہانہ تنخواہ 38 ہزار مقرر اور گزشتہ 3 سالوں کی تنخواہیں جاری کی جائیں، دھنی بخش

مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج پر مجبور ہوں گے، صحبت خان لاشاری و دیگر کا خطاب

صحبت پور (نمائندہ مشرق) این سی ایچ ڈی بیکس ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع صحبت پور کے صدر عبدالوحاب کھوسہ، عبدالرؤف کھوسہ، دھنی بخش کھوسہ، صحبت خان لاشاری، محمد مراد کھوسہ، احمد علی کنرانی، رحمت اللہ کنرانی، عزیز اللہ جنگلزئی، بشیر احمد کھوسہ، عبدالعزیز کنرانی، برکت علی، عطاء محمد، محمد نعمان و دیگر اساتذہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ہم تمام اساتذہ این سی ایچ ڈی کے تحت گزشتہ 24 سالوں سے سکولوں میں پڑھا رہے 18 ویں ترمیم کے تحت وفاق نے تمام کنٹریکٹ ملازمین کو صوبوں کے ماتحت کردیا گیا 2021 سے اب تمام این سی ایچ ڈی بیکس کے اساتذہ کنٹریکٹ بنیاد پر کام کررہے 18 ماہ کی تنخواہیں ادا تو کردی گئی لیکن 3 سالوں کی تنخواہیں تاحال نہیں مل سکیں ہیں بلوچستان بھر میں این سی ایچ ڈی بیکس اساتذہ کی کل تعداد 1038 جبکہ ضلع صحبت پور میں ان اساتذہ کی کل تعداد 42 ہے ہم وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی و دیگر حکام سے اپیل کرتے ہیں کہ صوبے میں این سی ایچ ڈی بیکس کنٹریکٹ پر بھرتی ہونے والے ٹیچرز کو گزشتہ 3 سال سے واجب الادا تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائیں اور انہیں دیگر صوبوں کی طرح مستقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کرکے حکومت کے مقرر کردہ ونجز کے مطابق تنخواہیں دی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ این سی ایچ ڈی بی ای سی ایس ٹیچرز گزشتہ 24 سالوں سے کنٹریکٹ کی بنیاد پر خدمات انجام دے رہے ہیں یہ اساتذہ پہلے وفاقی حکومت کے ماتحت تھے جن کو نسل آف کامن انٹرسٹ کے فیصلے کے تحت یکم جولائی 2021 کو صوبوں میں ضم کردیا گیا، باقی صوبوں میں ان اساتذہ کو باقاعدہ مستقل کرنے کی سمری منظور کرتے ہوئے 40 ہزار روپے تنخواہ مقرر کی گئی لیکن بلوچستان کی صوبائی حکومت نے 27 دسمبر 2022، کو کابینہ کے فیصلہ کے تحت ان کو کنٹریکٹ پر رکھ لیا اس بابت سیکریٹری تعلیم نے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا اور اس میں صرف ماہانہ تنخواہ 12 ہزار روپے مقرر کی گئی جو مہنگائی کے دور انتہائی کم ہے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اعلان کیا تھا کہ مزدوروں کی کم سے کم اجرت 30 ہزار روپے ماہانہ مقرر کی گئی

کوئٹہ چمن شاہراہ تا حال ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بحال ہے، امتیاز علی بلوچ

چمن کے میدانی علاقوں میں بارش اور درہ کوژک کی پہاڑوں پر برفباری کا سلسلہ جاری ہے، اے سی چمن

کوژک ٹاپ خواجہ عمران، توبہ اچکزئی روڈ اور دیگر رابطہ سڑکوں پر کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں

چمن (ث ن) اے سی چمن امتیاز علی بلوچ کی نگرانی میں انتظامیہ، این ایچ اے، اور پی ڈی ایم اے کے آفیسران و اہلکاروں نے مل کر برفباری کے دوران درہ کوژک کے مقام پر کوئٹہ چمن شاہراہ پر نمک کی چھڑکاؤ اور مشینری کے ذریعے برفباری اور کیچڑ وغیرہ سے روڈ کو کلیئر کیا۔ برفباری کے دوران تمام اہلکاروں کی انتھک محنت کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک رواں دواں ہے اس دوران اے سی چمن آپریشنل سرگرمیوں میں حصہ لینے والے انتظامیہ اور دیگر متعلقہ آفیسران اور اہلکاروں کے کام کو سراہا۔ اے سی چمن نے کہا کہ برفباری اور بارش کے دوران تمام متعلقہ اداروں کے افسران و اہلکاروں کی مشترکہ کوششوں سے قومی شاہراہ پر ٹریفک بغیر کسی رکاوٹ کے رواں دواں ہیں انہوں نے کہا کہ درہ کوژک ٹاپ خواجہ عمران اور توبہ اچکزئی روڈ اور دیگر رابطہ سڑکوں پر انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران و اہلکاران عوام کی حفاظت کے لیے مختلف علاقوں میں موجود اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں۔ ضلعی انتظامیہ چمن کی کامیاب کوششوں سے قومی شاہراہ درہ کوژک ٹاپ سرے لیکر دونوں اطراف کی آخری حد و تک کوئٹہ چمن شاہراہ اس وقت تک تاحال ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بحال ہے چمن کے میدانی علاقوں میں بارش اور درہ کوژک کی پہاڑوں پر برفباری کا سلسلہ جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر صدر امتیاز علی بلوچ کے سربراہی میں رسالدار گوہر خان نائب رسالدار محمد حنیفی الیویز فورس پی ڈی ایم اے اور این ایچ اے کی اہلکاروں کی ہمراہ شاہراہ سے برفباری ہٹانے کا عمل جاری رہے

ملین ٹری پلانٹیشن شجر کاری مہم مارچ 2025 تک جاری رہے گی

رضاکاروں نے شجر کاری مہم میں دلچسپی دکھاتے ہوئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا

چمن (ث ن) چمن میں 18 جنوری سے شروع ہونے والی ون ملین ٹری پلانٹیشن شجر کاری مہم مارچ 2025 تک جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ نے شجر کاری مہم کے آغاز کے دوران رضاکاروں کے ساتھ ملکر کوژک ٹاپ کے مختلف مقامات پر 30 کلوگرام بیج کامیابی سے بویا، اس مقصد کیلئے رضاکاروں نے شجر کاری مہم میں دلچسپی دکھاتے ہوئے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ شجر کاری مہم میں ان تمام درختوں کی بیج اور نرسری اس بات کو یقینی بناتے ہوئے لگائے جا رہے ہیں کہ ہر درخت شہر کو سرسبز اور خوبصورت بنانے میں اضافہ اور ماحولیاتی آلودگی کو کم کرنے کا سبب بنے گی اس مقصد کے لیے ڈی سی چمن نے محکمہ جنگلات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ درختوں کی بروقت شجر کاری مہم کے لیے ضلعی انتظامیہ کو پودے اور بیج فراہم کریں۔

بیلہ، محکمہ صحت لسبیلہ نے ایکشن لیتے ہوئے دو کلینکس سیل کو کردیا

اقدام عوامی صحت اور غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے کیا گیا ہے

بیلہ (ث ن) سوشل میڈیا پر وائرل نیوز کا ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت لسبیلہ نے ایکشن لیتے ہوئے دو کلینکس سیل کردی ہیں ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے جاری کردہ ہینڈ آؤٹ میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز سوشل میڈیا پر بیلہ کراس اور گڈور کراس عطائی ڈاکٹری کلینکس سے متعلق وائرل نیوز پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ کی ہدایت پر ڈی ایچ او لسبیلہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ٹیم روانہ کی جس میں اسسٹنٹ کمشنر بیلہ روبینہ جان کی سربراہی میں ڈرگ انسپکٹر لسبیلہ تحصیلدار بیلہ نے عطائی ڈاکٹری دونوں کلینکس سیل کردی ہیں ضلعی انتظامیہ لسبیلہ کی جانب سے یہ اقدام عوامی صحت اور غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے کیا گیا ہے انتظامیہ نے عوام کو متنبہ کیا ہے کہ وہ مستند اور رجسٹرڈ ڈاکٹروں سے علاج کروائیں تاکہ صحت کے مسائل سے بچا جا سکے۔

میرٹی اڈہ، حاجی ملتان اکا کی وفات پر مفتی محمود احمد حاجی محمد اعظم مسے زئی سراج الدین سیکی ماسٹر امان اللہ پیر علیزئی اسسٹنٹ ڈائریکٹر سمیع اللہ مندوخیل ملک حاجی وزیر خان کاکڑ حاجی عجب گل کاکڑ و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اوستہ محمد، سردی کی شدت میں اضافہ کیساتھ گیس ناپید ہوگئی

آل پارٹی شہری ایکشن کمیٹی نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی دھمکی دے دی

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد سردی کی شدت میں اضافہ گیس ناپید ہوگیا صارفین شدید مشکلات کا سامنا کررہے ہیں صبح سے رات گئے تک گیس کی سپلائی بند کرنا صارفین کے ساتھ ظلم و ناانصافی کے مترادف گیس کی بندش کی وجہ سے امور خانہ شدید مشکلات کا سامنا کررہے ہیں آل پارٹی شہری ایکشن کمیٹی نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کی دھمکی دے دی حکام بالا اس جانب فوری نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دیگر شہروں کی طرح اوستہ محمد میں بھی سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا ہے سخت سردی میں سوئی سدرن گیس کمپنی نے صارفین کو دور عذاب میں مبتلا کرنے کے لیے صبح سے لے کر رات گئے تک 14 گھنٹے گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کرکے گیس کی سپلائی منقطع کردی جاتی ہے اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی غنڈہ گردی ناقابل برداشت ہوچکا ہے مقامی افسران غیر قانونی عمل کرکے صارفین کی برداشت کا پیمانہ جانے کی ناکام کوشش کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے صارفین گیس کی سہولیات سے محروم ہیں اور سراپا احتجاج میں ہیں لیکن ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے گیس کی سہولیات کی عدم دستیابی اور ناپید ہونے کی خبریں اخباروں کی زینت بنے ہوئے ہیں سوئی سدرن گیس کمپنی کے جی ایم سمیت تمام اعلی حکام خواب خرگوش کے مزے لوٹ رہے ہیں اور عوام کا پرسان حال نہیں تاہم گیس کی عدم سہولیات کے خلاف آل پارٹی شہری ایکشن کمیٹی اور اوستہ محمد بچاؤ تحریک نے شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کردیا اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے حکام بالا سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ سخت موسم میں صارفین کو گیس کی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور غیر قانونی حرکات اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر مقامی افسران کے خلاف قانون کے تحت سخت کاروائی کو یقینی بنایا جائے

ضلع زیارت میں انسداد پولیو مہم تین فروری کو شروع ہوگی، ذکاء اللہ

زیارت (ث ن) ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں ڈی پیک کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر یاسر طاہر نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ضلع زیارت میں انسداد پولیو مہم تین فروری کو شروع ہوگی اور سات فروری کو اختتام پزیر ہوگی۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہ انسداد پولیو مہم ایک قومی مہم ہے اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا اس سلسلے میں میڈیا اور سول سوسائٹی اہم کردار ادا کرسکتے ہیں پاکستان میں پولیو وائرس کی موجودگی دنیا میں ہماری بدنامی کا باعث بن رہی ہے پولیو فری پاکستان ہمارا ویژن ہے اگر ایک بچہ بھی قطروں سے رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہوگا، والدین کی بھی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پانچ سال تک کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلائیں اور اپنے پھول جیسے بچوں کو معذور ہونے سے بچائیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک بچہ بھی قطروں سے محروم رہ گیا تو یہ مہم کامیاب نہیں ہو

VACANT POSTS OF LECTURERS

Applications are invited from eligible candidates having domicile of Balochistan, purely on contract basis in Cadet College Noshki.

S. No	Post / Lecturer	Grade	Age Limit	Gender	No. of Posts	Qualification / experience
1.	Chemistry	BPS-17	21-35	Male	01	M.Sc / BS or equivalent qualification (at least in Second Division in the relevant subject from a recognized university with teaching experience preferably in residential institution.
2.	Physics	BPS-17	21-35	Male	01	

How to Apply
- Interested candidates can submit their complete application along with four (04) recent passport size pictures, CV, original fee deposit slip and one attested set of copies of their education testimonials **latest by 3rd February, 2025** in Cadet College Noshki.
- Application processing fee **Rs 2000/- (non-refundable)** can be submitted at any branch of United Bank Limited (UBL) Account Title: Cadet College Noshki A/C No. **0079-281066199**

Incentives & Facilities
- To draw the pay against the post appointed along with all other admissible allowances.
- They will be entitled for Contributory Provident Fund (CPF) as per rules.
- They will be entitled to medical facilities on the pattern of other regular employees of Cadet Colleges.
- The contract appointment can be extended subject to satisfactory performance.
- Free Boarding
- Messing facilities at reasonable charges.
- Scheduled leave.

Miscellaneous Notes
- Late applications will not be entertained.
- Age limit is relaxable as per Government policy.
- No TA /DA. Shall be admissible to the candidates for Test / interview.
- Only shortlisted candidates will be called for test / interview.
- The College administration reserves the right to cancel the selection process at any stage without assigning any reason(s).
- The applicants already in service should route their application through proper channel.

Mailing Address: Cadet College Noshki Main RCD Taftan Road District Noshki
Phone No. Head Clerk: 03363050581, Office No. 0825875001

PRINCIPAL
CADET COLLEGE NOSHKI

AB No.697/18-01-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The POST GRADUATE MEDICAL INSTITUTE QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-242501627292 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee not required

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Engineering and Research and Technology Based Services (**Total Item(s) Count: 1)**	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Turn over of at least 3,000,000 PKR Amount in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan 02 Projects in-hand/completed of development of mobile (Android/Hybrid) applications integrated with Web based dashboard in last 3 Years in public / private sector. Local office establishment with field and support staff enabling local presence for support, service & maintenance. ISO 27001, ISO 9001 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from **www.bppra.gob.pk Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at **www.bppra.gob.pk Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **30 January, 2025** till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** Directorate Post Graduate Medical Institute Sandeman Provincial Teaching Hospital Jinnah Road Quetta **Phone no: 0819203163 Fax no: 9203163**
Email: pgmiquetta2003@gmail.com

DEAN/DIRECTOR,
POST GRADUATE MEDICAL INSTITUTE QUETTA

PRQ No.2895/18-1-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب مقبول احمد ناصر اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم بوری لورالائی

اشتہار برائے عوام الناس

ہر گاہ خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد اسلم نے ایک شرعی فتویٰ پیش کیا ہے کہ میرا والد حاجی فتح خان ولد ملک عبدالکریم بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے بروئے شرعی فتویٰ متوفی مذکورہ کے جائز وارثان (شال بی بی بیوہ) (مازہ بی بی) (عبدالرشید) (محمد اسلم) (محمد طارق) (محمد شریف) (ملک محمد ظریف) پسران و دختران حاجی فتح خان مرحوم ہیں اسکے علاوہ کوئی جائز وارث نہیں متوفی مذکورہ کی جائیداد موضع منارہ کلاں میں درج ریکارڈ ہے جسکا انتقال وراثت ہونا ہے اگر کسی شخص یا ادارے کو کوئی عذر اعتراض ہو تو 7 یوم کے اندر دفتر زیر دستخط حاضر ہو کر پیش کریں بصورت دیگر انتقال وراثت بحق جائز وارثان درج و تصدیق کیا جائیگا اسکے بعد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 17.1.2025 کو ہمارے دستخط و مہر سے جاری ہوا۔

نمائندہ لورالائی

بھرتی برائے فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)
لیڈیز سولجر ریکروٹ کورس -03 (68 بیچ ریکروٹ)

1۔ **بھرتی برائے لیڈیز لوکل بلوچستان:۔** لوکل بلوچستان لیڈیز کے لئے جاب کا شاندار سنہری موقع۔ فرنٹیئر کور بلوچستان نارتھ میں لوکل بلوچستان لیڈیز کے لئے مختلف زیریں آسامیاں خالی ہیں۔ فرنٹیئر کور کی ٹیم دیے گئے درج ذیل مقامات پر بھرتی کریں گی۔

بھرتی کے مقامات	تاریخ	وقت	جگہ
ہیڈکوارٹر غازہ بند سکاؤٹس			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (کوئٹہ، مچھ، بولان)	10 تا 28 فروری 2025	0800	ملیلی
ہیڈکوارٹر سبی سکاؤٹس			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (سبی، کچھی، جھل مگسی)	10 تا 28 فروری 2025	0800	سبی
ہیڈکوارٹر چمن سکاؤٹس			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (قلعہ عبداللہ، چمن)	10 تا 28 فروری 2025	0800	چمن
ہیڈکوارٹر قلعہ سیف اللہ سکاؤٹس			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (قلعہ سیف اللہ، پشین)	10 تا 28 فروری 2025	0800	مسلم باغ
ہیڈکوارٹر لورالائی سکاؤٹس			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (زیارت، لورالائی، موسیٰ خیل، ڈکی، ہرنائی)	10 تا 28 فروری 2025	0800	لورالائی
ہیڈکوارٹر میوند رائفلز			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (کوہلو، بارکھان)	10 تا 28 فروری 2025	0800	کوہلو
ہیڈکوارٹر سوئی رائفلز			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (سوئی، صحبت پور، جعفرآباد، اوستہ محمد، نصیرآباد)	10 تا 28 فروری 2025	0800	سوئی
ہیڈکوارٹر ژوب ملیشیاء			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (ژوب، شیرانی)	10 تا 28 فروری 2025	0800	ژوب
ہیڈکوارٹر بمبور رائفلز			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (ڈیرہ بگٹی)	10 تا 28 فروری 2025	0800	ڈیرہ بگٹی
ہیڈکوارٹر نوشکی ملیشیاء			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (نوشکی)	10 تا 28 فروری 2025	0800	نوشکی
ہیڈکوارٹر چلتن رائفلز			
ا۔ بھرتی برائے اضلاع (کوئٹہ، مچھ، بولان)	10 تا 28 فروری 2025	0800	کوئٹہ

2۔ آئی جی ایف سی کی بی اور ترجیحی پالیسی برائے لوکل بلوچستان کے تحت بلوچ قوم کے اضافی کوٹہ کو متعارف کرایا گیا ہے اس لئے خواہشمند غیر شادی شدہ خواتین اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے علاقے کی نزدیکی نارتھ یونٹ میں بھرتی کیلئے تشریف لائیں۔

3۔ سہولیات
ا۔ پرکشش تنخواہ پاکستان آرمی کے برابر
ب۔ مفت رہائش / کھانا
ت۔ کارکردگی کی بنا پر اقوام متحدہ کے ساتھ سروس کے مواقع
ج۔ اندرون ملک بذریعہ ریلوے سفر کرنے کی صورت میں نصف کرایہ کی سہولت
ث۔ بلوچستان کے مقامی شہریوں کے لیے اندرون بلوچستان سروس کا موقع

4۔ بھرتی کا معیار

نمبر	آسامی	تعلیم	قد	عمر
(1)	لیڈی سولجر جنرل ڈیوٹی	میٹرک	5 فٹ	18 تا 26 سال
(2)	لیڈی سولجر نرسنگ اسسٹنٹ	ایف ایس سی پری میڈیکل کم از کم 50% نمبر (نرسنگ ڈپلومہ ہولڈر اور لیبارٹری اسسٹنٹ اور سرکاری یا سرکاری اداروں سے منظور شدہ / الحاق شدہ ڈپلومہ ہولڈرز کو ترجیح دی جائے گی)	5 فٹ	18 تا 26 سال
(3)	لیڈی سولجر کلرک / ایجوکیشن سٹاف	انٹرمیڈیٹ بمعہ کمپیوٹر ڈپلومہ کم از کم ٹائپنگ سپیڈ 35 الفاظ فی منٹ زیادہ تعلیم یافتہ کو ترجیح دی جائے گی۔	5 فٹ	18 تا 26 سال

لواحقین شہدا (صرف بیٹی اور بہن) کے لئے عمر میں 2 سال کی رعایت رکھی گئی ہے۔ لواحقین شہدا ایف آر سی فارم اور پنشن بک ہمراہ لائیں۔

نوٹ:
ا۔ وہ خواتین جن کی عمر 18 سال سے کم ہے ان کا فارم (ب) قابل قبول نہیں ہوگا۔ بلکہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی ہے۔ 31 مارچ 2025 کو عمر مندرجہ بالا کی حد سے زیادہ نہ ہو۔
ب۔ بی اے، بی ایس اور اعلیٰ تعلیم یافتہ خواتین کو عمر میں 2 سال کی رعایت دی جائے گی۔
ت۔ تمام اصلی تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تمام متعلقہ اسناد کی چار عدد فوٹو سٹیٹ اور آٹھ عدد فوٹو (سفید بیک گراؤنڈ) ہمراہ لائیں۔
ث۔ جعلی تعلیمی اسناد پیش کرنے والے کو حوالہ پولیس کیا جائیگا۔ بھرتی سنٹر کے اندر موبائل فون ممنوع ہے۔ پکڑے جانے کی صورت میں امیدوار نااہل قرار دیا جائے گا۔
ج۔ تحریری ٹیسٹ کے لئے قلم اور امتحانی گتا ساتھ لائیں۔
د۔ تمام تقرریاں فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) کے مقرر کردہ قوانین و ضوابط اور طریقہ کار کے مطابق خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔
ہ۔ بلوچستان کے کسی بھی ضلع سے تعلق رکھنے والی خواتین جو دوسرے شہروں میں رہائش پزیر ہیں وہ کسی بھی ایف سی بلوچستان (نارتھ) کی یونٹ / ہیڈ کوارٹرز میں ٹیسٹ دینے کے اہل ہوں گی۔

لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ)
ٹیلیفون نمبر 081-9201542/255/
PID(Q)290/24

ویسٹ انڈین بیٹنگ نعمان اور ساجد کے ہاتھوں تہس نہس
ملتان ٹیسٹ میں پاکستان کو 202 رنز کی برتری

ساجد خان نے ٹاپ آرڈر کے پرخچے اڑا دیے، قومی ٹیم کے پہلی اننگ میں 230 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد نعمان خان اور ساجد نے بہترین بولنگ کا مظاہرہ کیا

ویسٹ انڈیز کی پوری ٹیم 137 رنز پر ڈھیر ہوگئی، سعود شکیل نے 84 رنز جبکہ محمد رضوان نے 71 رنز بنا کر ٹاپ سکورر رہے، پاکستان کی پوزیشن مستحکم ہوگئی

ملتان (آئی این پی) ملتان ٹیسٹ، ویسٹ انڈیز کیلئے ساجد خان قہر بن گئے، ٹاپ آرڈر کے پرخچے اڑا دیے۔ قومی ٹیم کے پہلی اننگ میں 230 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد ساجد خان ویسٹ انڈیز پر قہر بن کر ٹوٹ پڑے۔ ویسٹ انڈیز کے میکائیل لوئس 1 رن پر، کیسی کارٹی صفر پر، کریگ براتھویٹ 11 رنز پر اور کیون ہوج 4 رنز پر ساجد خان کا شکار بن گئے۔ بعدازاں جسٹن گریوز 4 اور ٹیون املاچ 6 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے۔ اس سے قبل ملتان ٹیسٹ کے دوسرے دن پاکستان ٹیم پہلی اننگ میں 230 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ پاکستان ٹیم کی جانب سے سعود شکیل اور محمد رضوان نے پہلی نامکمل اننگ کا دوبارہ آغاز کیا جس کے بعد پاکستان کی پانچویں وکٹ 187 اور چھٹی وکٹ 197 رنز پر گر گئی۔ سعود شکیل 84 اور سلمان آغا 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ اس دوران محمد رضوان نے ایک اینڈ سے رنز بنانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ بعدازاں پاکستان کی ساتویں اور آٹھویں وکٹ 200 رنز پر گری، نعمان علی صفر اور محمد رضوان 71 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی نویں وکٹ 225 رنز پر گری، خرم شہزاد 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ قومی ٹیم کی آخری وکٹ 230 رنز پر گری، ساجد خان 18 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ ابرار احمد صفر پر ناٹ آؤٹ رہے۔ پاکستان ٹیم نے پہلی اننگ میں مجموعی طور پر 68.5 اوورز بیٹنگ کی۔ ویسٹ انڈیز کے جیڈن سیلز اور جومیل وریکن نے 3، 3 جبکہ کیون سنکلیر 2 اور گڈاکیش موتی نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ گزشتہ روز کھیل کا اختتام پاکستان ٹیم نے 4 وکٹ پر 143 رنز کے ساتھ کیا تھا۔ پہلے روز شان مسعود 11، محمد ہریرہ 6، بابر اعظم 8 اور کامران غلام 5 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے تھے جس کے بعد محمد رضوان اور سعود شکیل نے پارٹنر شپ قائم کر کے اسکور 4 وکٹ پر 143 رنز تک پہنچایا تھا۔ پہلے ٹیسٹ میں شان مسعود، بابر اعظم، کامران غلام، سعود شکیل، محمد رضوان، سلمان علی آغا، ساجد خان، نعمان علی، خرم شہزاد، ابرار احمد اور محمد ہریرہ ٹیم میں شامل ہیں۔

ملتان ٹیسٹ کے دوسرے روز قومی ٹیم کے بیٹر شان مسعود شاٹ لگا رہے ہیں

کراچی، ساحل سمندر پر سندھ حکومت کی جانب سے سندھ بیچ گیمز میں باکسنگ کے مقابلے ہو رہے ہیں

سنیل گواسکر نے چیمپئنز ٹرافی میں پاکستانی ٹیم کو فیورٹ قرار دے دیا

فیورٹ کا ٹیگ ہوم ٹیم پاکستان کو دیا جانا چاہیے کیونکہ کسی بھی ٹیم کو ان کی ہوم کنڈیشنز پر ہرانا آسان نہیں ہے، گواسکر

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے سابق کرکٹر سنیل گواسکر نے پاکستان کو آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے فیورٹ قرار دے دیا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کا آغاز 19 فروری سے کراچی میں ہوگا جبکہ میچز پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں کھیلے جائیں گے، پاکستان اپنا پہلا میچ 19 فروری کو نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلے گا۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر سنیل گواسکر نے کہا کسی بھی ٹیم کو ان کے گھر پر شکست دینا مشکل ہے۔ گواسکر کے مطابق فیورٹ کا ٹیگ ہوم ٹیم پاکستان کو دیا جانا چاہیے کیونکہ کسی بھی ٹیم کو ان کی ہوم کنڈیشنز پر ہرانا آسان نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ون ڈے ورلڈکپ 2023 کے فائنل میں ہار گیا تھا لیکن اس سے قبل بھارت نے اپنے دس میچز جیتے تھے۔ واضح رہے کہ 15 میچوں پر مشتمل آٹھ ٹیموں کی چیمپئنز ٹرافی 19 فروری سے 9 مارچ تک پاکستان اور دبئی میں کھیلی جائے گی، پاکستان میں میچز کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں ہوں گے۔ آٹھ ٹیموں کو دو گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارت نے اسکواڈ کا اعلان کر دیا

چیمپئنز ٹرافی کے لیے بھارتی ٹیم کا روہت شرما کو کپتان اور شبمن گل کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے، کوہلی، شریاس ایئر، راہول اور پانڈیا شامل

اکشر پٹیل، واشنگٹن سندر، کلدیپ یادیو، جسپریت بمراہ، محمد شامی، ارشدیپ سنگھ، یشسوی جیسوال، رشبھ پنت اور رویندرا جڈیجا بھی اسکواڈ میں شامل ہیں

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کے لیے بھارت نے اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ چیمپئنز ٹرافی کے لیے بھارتی ٹیم کا روہت شرما کو کپتان اور شبمن گل کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما اور چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے پریس کانفرنس کے دوران اسکواڈ کا اعلان کیا۔ ویرات کوہلی، شریاس ایئر، کے ایل راہول اور ہاردیک پانڈیا اسکواڈ میں شامل ہیں۔ اکشر پٹیل، واشنگٹن سندر، کلدیپ یادیو، جسپریت بمراہ بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ اس کے علاوہ محمد شامی، ارشدیپ سنگھ، یشسوی جیسوال، رشبھ پنت اور رویندرا جڈیجا بھی اسکواڈ میں شامل ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی سے قبل کوہلی کے مداحوں کیلئے بری خبر

کوہلی کا زخمی ٹرافی کے ابتدائی 2 میچز سے ڈراپ ہونے کا امکان

لاہور (آن لائن) چیمپئنز ٹرافی 2025 شروع ہونے سے قبل بھارتی اسٹار بلے باز ویرات کوہلی کے مداحوں کیلئے بری خبر سامنے آئی ہے۔ خیال رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 19 فروری سے پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں کھیلی جائے گی۔ رپورٹ کے مطابق آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ایونٹ شروع ہونے میں ایک ماہ کا وقت کیا ہے مگر اس سے قبل ویرات کوہلی انجری کا شکار ہوگئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ کوہلی کو یہ انجری ایک ایسے وقت پر ہوئی ہے۔

گلف جائنٹس کا یو اے ای کی معروف کرکٹ اکیڈیمز کے ساتھ اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان

دبئی (آن لائن) اڈانی اسپورٹس لائن کی ملکیتی گلف جائنٹس نے دبئی کے کرکٹ کے دو ترجیحی مراکز سوا سائن کرکٹ اکیڈمی اور اسپیکنگ پوائنٹ اسپورٹس اکیڈمی (ایس پی ایس اے) کے ساتھ شراکت داری کا اعلان کیا ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب اڈانی اسپورٹس لائن نے مشرق وسطیٰ میں کرکٹ اکیڈمیوں کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ اس شراکت داری سے اڈانی اسپورٹس لائن کا مقصد اکیڈمیوں میں تربیت یافتہ کھلاڑیوں، ان کے اہل خانہ، کوچز اور دیگر کرکٹ شائقین کے ساتھ مل کر خطے میں گلف جائنٹس کی موجودگی کو مضبوط بنانا ہے۔ اس تعاون میں خصوصی برانڈنگ اور شائقین کی مصروفیت کی سرگرمیاں، کھلاڑیوں کے دورے شامل ہوں گے، اور ہونہار کھلاڑیوں کو نیٹ پلیئرز کی حیثیت سے گلف جائنٹس کے پریکٹس سیشنز میں حصہ لینے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 کا حصہ رہنے والے گلف جائنٹس کے کھلاڑیوں نے حال ہی میں اکیڈمز کا دورہ کیا اور بچوں سے بات چیت کی۔

کرکٹر سے ممبر پارلیمنٹ کی منگنی! والد کے بیان نے نیا تنازع کھڑا کر دیا

منگنی کی تقریب میں اہل خانہ اور دوستوں نے شرکت کی تھی

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی کرکٹر رنکو سنگھ سے سماج وادی پارٹی کی رکن پارلیمنٹ (ایم پی) پریا سروج کے ساتھ منگنی کی افواہوں کو انکے والد نے مسترد کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کے اسٹار پلیئر رنکو سنگھ نے 25 سالہ نوجوان ممبر پارلیمنٹ پریا سروج سے منگنی کی خبریں چلائیں تھی تاہم انکے والد طوفانی سروج نے نیا پنڈورا باکس کھولتے ہوئے خبروں کی تردید کر دی۔ نوجوان ممبر پارلیمنٹ پریا سروج کے والد کا کہنا ہے کہ دونوں خاندانوں کے درمیان کرکٹر کی جانب سے شادی کی پیشکش موصول ہوئی ہے تاہم اس پر بات چیت جاری ہے۔

کرس گیل کے بعد پولارڈ نے ٹی 20 میں چھکوں کا ریکارڈ بنالیا

دنیائے کرکٹ میں سب سے زیادہ چھکے لگانے والے دوسرے بلے باز بن گئے

دبئی (آئی این پی) ویسٹ انڈین کرکٹر کیرون پولارڈ ٹی 20 کرکٹ کیریئر میں 900 چھکے لگانے والے دنیا کے دوسرے بلے باز بن گئے۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں 16 جنوری کو انٹرنیشنل لیگ ٹی 20 میں ایم آئی ایمریٹس اور ڈیزرٹ وائپرز کے درمیان میچ میں پولارڈ نے اپنے کیریئر میں 900 چھکے لگانے کا اعزاز حاصل کیا۔ پولارڈ 19ویں اوور کی پہلی گیند پر چھکا لگا کر ٹی 20 کرکٹ میں دوسرے سب سے زیادہ چھکے لگانے والے بیٹر بھی بن گئے۔

انگلینڈ اور آئرلینڈ ویمنز ٹیموں کے درمیان ٹی 20 میچ میں انگلش بیٹر شاٹ کھیل رہی ہے

پاکستان اور امریکہ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان پہلا میچ بارش کا نذر، ایک ایک پوائنٹ مل گیا

جوہر بہرو (این این آئی) آئی سی سی ویمنز انڈر 19 ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان اور امریکہ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان پہلا میچ بارش کا نذر ہو گیا، دونوں ٹیموں کو ایک، ایک پوائنٹ مل گیا۔ تفصیلات کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان میچ جوہر کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ میں مقامی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہونا تھا تاہم گروپ بی میں پاکستان اور امریکہ کی ٹیموں کے درمیان بارش کے باعث ٹاس بھی نہ ہو سکا اور مسلسل بارش کے باعث میچ منسوخ کر دیا گیا جس کے بعد دونوں ٹیموں کو ایک ایک پوائنٹ مل گیا

انڈر 19 ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، انگلینڈ اور آئرلینڈ کا میچ سانپ نے رکوا دیا

کوالالمپور (آئی این پی) ملائیشیا میں انڈر 19 ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میچ کے دوران گراؤنڈ میں سانپ آ گیا۔ ملائیشیا کے شہر جوہر بہرو میں آئرلینڈ اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان انڈر 19 ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا میچ جاری تھا کہ انگلینڈ کی بیٹنگ کے دوران سانپ آنے کے باعث کھیل کو روکنا پڑا، انگلینڈ کی کھلاڑی جیمائمہ اسپینسر نے بلے کی مدد سے سانپ کو پچ سے ہٹایا۔

شکستوں سے پریشان بھارتی ٹیم نے کوچ بدل لیا

ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر چیمپئنز ٹرافی اسکواڈ کیلئے بلائی جانیوالی پریس کانفرنس کا بھی حصہ نہیں ہوں گے

نئی دہلی (آن لائن) مسلسل خراب پرفارمنس اور شکستوں کے بعد دنیا کے امیر ترین بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے نئے کوچ کا تقرر کر دیا۔ چیمپئنز ٹرافی سے قبل بھارتی ٹیم اختلافات اور شکستوں کے سبب تنقید کی زد میں ہے، ایسے میں بھارتی کرکٹ بورڈ نے میگا ایونٹ سے محض چند روز پہلے نیا بیٹنگ کوچ مقرر کر دیا ہے، جس نے مزید سوالات کو جنم دیا ہے اور ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ بھارتی کرکٹ بورڈ بڑے ناموں کو نظر انداز کرتے ہوئے ڈومیسٹک کرکٹ کے پرانے کرکٹر سیتانشو کوٹک کو بھارت کے نئے بیٹنگ کوچ طور پر چنا ہے، سوراشٹرا کے مشہور کرکٹر کو انگلینڈ کے خلاف ہوم وائٹ بال سیریز کیلئے ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ بھارت کے موجودہ کوچنگ اسٹاف میں ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر، بولنگ کوچ مورنے مورکل، فیلڈنگ کوچ ٹی دلیپ، اور دو اسسٹنٹ کوچ، ابھیشیک نائر اور ریان ٹین ڈوشیٹ شامل ہیں۔

پاکستانی کوہ پیما اسد علی میمن نے انٹارکٹیکا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ونسن سر کر لی

اسد علی میمن نے 7 براعظموں کی 7 بلند چوٹیوں کے سفر میں چھٹی چوٹی سر کی ہے، ماؤنٹ ونسن کی بلندی 4892 میٹر ہے جو دنیا کی سرد ترین چوٹی تصور کی جاتی ہے

اسد میمن نے ماؤنٹ ونسن سر کرنے کے بعد اپنی ویڈیو سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر شیئر کی جس میں انہیں جذباتی ہوتے دیکھا جا سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی کوہ پیما اسد علی میمن نے انٹارکٹیکا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ونسن سر کر لی۔ اسد علی میمن نے 7 براعظموں کی 7 بلند چوٹیوں کے سفر میں چھٹی چوٹی سر کی ہے۔ ماؤنٹ ونسن کی بلندی 4892 میٹر ہے جو دنیا کی سرد ترین چوٹی تصور کی جاتی ہے جبکہ کوہ پیما اسد علی میمن کے سیون سمٹ کے سفر میں آخری چوٹی ڈینالی جانا باقی ہے۔ اسد میمن نے ماؤنٹ ونسن سر کرنے کے بعد اپنی ویڈیو سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر شیئر کی جس میں انہیں جذباتی ہوتے دیکھا جا سکتا ہے اور ساتھ ہی انہوں نے اپنی کامیابی پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ واضح رہے کہ رواں ہفتے پاکستانی کوہ پیما شہر خان نے بھی جنوبی امریکا میں ایک اور چوٹی کو سر کرنے کا کارنامہ انجام دیا ہے۔

کامران غلام کے فیصلے پر مایوسی ہوئی، ویسٹ انڈین اسپنر جومل وریکن

ٹیکنالوجی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے، جومل کامران کے ناٹ آؤٹ رہنے پر ناخوش نظر آئے

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) ویسٹ انڈیز کے اسپنر جومل وریکن نے ملتان ٹیسٹ کے دوران پاکستان کے مڈل آرڈر بیٹر کامران غلام کے فیصلے پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے کے بعد مہمان ٹیم اسپنر جومل وریکن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کامران غلام کے فیصلے پر مایوسی ہوئی لیکن ٹیکنالوجی ہمارے ہاتھ میں نہیں ہے، جومل کامران کے ناٹ آؤٹ رہنے پر ناخوش نظر آئے۔ جومل وریکن کا مزید کہنا تھا کہ پچ میں 275 یا 300 رنز تک کا ہدف ہم حاصل کر سکتے ہیں۔

ویسٹ انڈیز نے اسپنر سے گیند کروا کر 113 سال پرانی روایت توڑ دی

کسی اسپنر نے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں بالنگ کا آغاز کیا، پچھلی 9 مثالیں ایشیائی گیند بازوں کی تھیں

ملتان (آئی این پی) پاکستان کیخلاف پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈیز نے اسپنر سے گیند کروا کر 113 سال پرانی روایت توڑ دی۔ ملتان میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں گڈاکیش موتی نے پہلی بار ویسٹ انڈیز کیلئے بطور اسپنر بالنگ کا آغاز کیا، انہوں نے پہلی گیند قومی ٹیم کے کپتان شان مسعود کو کروائی اور تاریخ رقم کر دی۔ اس سے قبل ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں بالنگ کا آغاز ملتان میں آخری بار اسپنر ساجد خان نے انگلینڈ کیخلاف سیریز میں 3 ماہ قبل کیا تھا۔ مجموعی طور پر یہ ٹیسٹ کرکٹ میں 30 ویں مرتبہ ہوا ہے کہ کسی اسپنر نے ٹیسٹ میچ کی پہلی اننگز میں بالنگ کا آغاز کیا، پچھلی 9 مثالیں ایشیائی گیند بازوں کی تھیں، جس میں 3 مرتبہ بنگلا دیش نے، 4 مرتبہ بھارت اور 2 بار پاکستان نے اسپنرز سے اننگز کا آغاز کیا تھا۔

ایسی پچ پر پلان ہے رنز نہیں دینے وکٹیں لینی ہیں، ساجد خان

ویسٹ انڈیز جس مائنڈ سیٹ سے کھیلے گی ہم ویسے ہی پلان بنائیں

ملتان (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی ٹیم کے اسپنر ساجد خان کا کہنا ہے کہ ایسی پچ پر پلان ہے کہ رنز نہیں دینے وکٹیں لینی ہیں۔ ملتان ٹیسٹ کے دوسرے روز کھیل کے اختتام پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آف اسپنر ساجد خان نے کہا کہ خواہش ہوتی ہے ملک کے لیے اچھا کھیلیں، سلیکٹ کرنا نہ کرنا سلیکٹرز کا کام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ انڈیز جس مائنڈ سیٹ سے کھیلے گی ہم ویسے ہی پلان بنائیں گے۔ آف اسپنر نے کہا کہ کل کھیل جلدی شروع ہوتا ہے تو 350 رنز تک بنائیں گے، ایسی پچ پر پلان ہے رنز نہیں دینے وکٹیں لینی ہیں۔ ساجد خان نے کہا کہ ہر کسی کی خواہش ہوتی ہے پاکستان سے تینوں فارمیٹ کھیلے۔ واضح رہے کہ ملتان میں کھیلے جا رہے ہے۔

بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ مستعفی ہوگئے

اسسٹنٹ کوچ نک پوتاس کا کانٹریکٹ 2026 تک تھا، انہوں نے ذاتی وجوہات کے باعث مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ نک پوتاس نے چیمپئنز ٹرافی 2025 سے قبل استعفیٰ دے دیا۔ رپورٹس کے مطابق سربراہ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ اسسٹنٹ کوچ نک پوتاس کا کانٹریکٹ 2026 تک تھا، انہوں نے ذاتی وجوہات کے باعث مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ نک پوتاس کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے ساتھ اچھا وقت گزرا، اس سفر میں ہم نے کئی ریکارڈز توڑے، تاریخ رقم کی اور کئی یادگار لمحات بنائے۔

مل ہائی سکول روستم سپورٹس ویک کے فائنل میچ کے موقع پر دونوں ٹیموں کا گروپ فوٹو

ایوشکا فرنینڈو کا ٹی 20 کی تاریخ میں تیز ترین نصف سنچری کا ریکارڈ

16 گیندوں پر نصف سنچری سکور کی مجموعی طور پر 27 گیندوں پر 81 رنز کی غیر معمولی اننگز کھیلی

دبئی (آئی این پی) ایوشکا فرنینڈو نے شاندار اننگز کھیل کر شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ کو یادگار بنا دیا اور واریئرز کو آئی ایل ٹی 20 کی تاریخ کے ایک ریکارڈ ہدف کو حاصل کرنے میں مدد دی۔ دبئی کیپیٹلز کے خلاف 202 رنز کے ہدف کے تعاقب میں فرنینڈو نے صرف 27 گیندوں پر 81 رنز کی غیر معمولی اننگز کھیلی اور 16 گیندوں پر اپنی نصف سنچری مکمل کی جو ٹورنامنٹ کی تاریخ کی تیز ترین نصف سنچری ہے۔ فرنینڈو کی اننگز میں 8 چھکے اور 6 چوکے شامل تھے جس کی بدولت واریئرز نے 18.1 اوورز میں پانچ وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کر لیا۔

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ کا تیسرا راؤنڈ پیر سے شروع ہوگا

راولپنڈی (آن لائن) پی سی بی کے زیر اہتمام پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کرکٹ ٹورنامنٹ کا تیسرا راؤنڈ 20 جنوری بروز پیر کو شروع ہوگا اور مختلف وینیوز پر چار میچ کھیلے جائیں گے۔ پی سی بی کے مطابق فرسٹ کلاس اور ہائیر ایجوکیشن کی ٹیموں کے درمیان چار روزہ میچ یو بی ایل سپورٹس کمپلیکس میں کھیلا جائے گا، او جی ڈی سی ایل اور واپڈا کی ٹیمیں اوول اکیڈمی گراؤنڈ میں مد مقابل ہوں گی۔

ہیلتھ کے شعبے میں مزید بہتری لائی جا رہی ہیں، رضوان قادر

ایم سی ایچ سینٹر کے قیام سے بروقت ڈلیوری کے کیسز ممکن ہو رہی ہیں

خاران (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر خاران رضوان قادر کے زیر صدارت پی پی ایچ آئی کا ماہانہ جائزہ اجلاس (ایم آر ایم) منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خاران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر جاگر انور سیاپاد، ڈی ایچ کیو ہسپتال کے میل آفیسر حمایت اللہ ... میں ہیلتھ کے شعبے میں مزید بہتری لائی جا رہی ہیں ...

سوراب میں ڈرائیورز کو بھتہ کے نام پر لوٹنے کا سلسلہ ختم نہ ہو سکا

سوراب (این این آئی) سوراب میں پولیس امن و امان کی بحالی پر توجہ دینے کے بجائے حسب معمول تیل بردار گاڑیوں سے بھتہ وصولی میں مشغول ...

خوشحالی کا سفر پیپلز پارٹی کی مرہون منت ہے، سردار عمرانی

صوبائی حکومت عوام کے دیرینہ مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر برائے لیبر ... سردار غلام رسول عمرانی نے کہا ... پاکستان پیپلز پارٹی کی منت مرہون ہے ...

مستونگ میں گیس پریشر میں کمی کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

مستونگ (آن لائن) مستونگ شہر میں گیس پریشر ...

لیڈی ڈاکٹرز کی کمی سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ایم ایس

ٹیکنیکل اسٹاف سمیت ڈاکٹرز اور ایل ایم اوز کی پوسٹیں خالی پڑی ہیں، ڈاکٹر منصور

گنداواہ (اے این این) ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ ڈاکٹر منصور ... لیڈی ڈاکٹرز کی کمی کی وجہ سے ہمیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ...

مستونگ زہری قبیلے کی دو شاخوں میں جاری گھمبیر تنازعہ کا تصفیہ

... مولانا یعقوب ساسولی نے فریقین کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور سناڑی زہری قبیلے کے دو شاخوں کے درمیان ایک طویل عرصہ گزشتہ 3 سالوں سے جھگڑا چلا آ رہا تھا تاہم جمعیت علمائے اسلام حب کے رہنما مولانا یعقوب ساسولی اور جمعیت علماء اسلام نال کے مولانا عبدالرحمن بزنجو نے تنازعہ کے حل کے لئے بنفس نفیس کوششوں کا آغاز کر دیا اور بالآخر اس نیک مقصد میں انہیں کامیابی ملی اور دونوں قبائلی گروہ کو ایک دوسرے کے قریب لا کر ... گزشتہ روز باقاعدہ طور پر دونوں فریقین مولانا یعقوب ساسولی کے گھر حب میں ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر شیر و شکر ہو گئے اس موقع پر جمعیت علماء اسلام گدر کے رہنما مولانا عبدالکریم جوری قاری مراد خان ساسولی جمعیت حب مولانا یونس انگو قاضی اسلم سناڑی عبدالکریم ترمزی مولانا عبدالوہاب قاری ممتاز زہری خضدار پریس کلب کے ممبر سید ثناء اللہ شاہ میر رمضان مینگل سمیت دیگر شریک تھے

قلعہ عبداللہ، حاجی عبدالشکور اچکزئی کے فرزند محمد مدثر فراز کا دستار فضیلت حاصل کرنے کے موقع پر عزیز و اقارب کے ہمراہ

چمن، ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی نیو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں شجرکاری مہم کے حوالے سے درخت لگانے کی سائٹ کا جائزہ لے رہے ہیں

اوستہ محمد، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا لیبر ہسپتال اور تحصیل ہسپتال کا دورہ

ڈاکٹر امیر علی جمالی نے عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد ارشد حسین جمالی کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی نے تحصیلدار علی گوہر گلسی کے ہمراہ پچاس بستروں پر مشتمل لیبر ہسپتال اور تحصیل ہسپتال کا دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا ڈاکٹرز نے انہیں تمام تر تفصیلات سے آگاہی فراہم کی ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر عبدالجبار سومرو اور فارماسسٹ محمد عالم ابڑو نے انہیں طبی سہولیات و ادویات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی جبکہ لیبر ہسپتال کے دورے کے موقع پر ایم ایس ڈاکٹر احمد نے عوام کو طبی امداد کے متعلق آگاہ کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر امیر علی جمالی اور تحصیلدار علی گوہر گلسی نے ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو ہدایات دیں کہ ڈاکٹر اپنی خدمات کو جاری رکھیں تاکہ عوام ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی خدمات سے مستفید ہو سکے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کا جائے تعیناتی پر موجود رہنا خوش آئند اقدام ہے اس سے غریب اور متوسط طبقے کو طبی سہولیات کی فراہمی میں مشکلات سے نبرد آزما نہیں ہونا پڑیگا۔ سول ہسپتال میں ادویات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جائے جبکہ صفائی ستھرائی کے نظام پر مزید توجہ مرکوز کی جائے طبی سہولیات کی فراہمی اور دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے اس لیے ڈاکٹرز اپنے فرائض کی ادائیگی میں ہرگز سستی نہ برتیں ان کی خدمات بیمار افراد کو بہترین سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں ضلع انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لیے ہر پلیٹ فارم پر اقدامات کر رہی ہے

... ضلع صحبت پور ... آوارہ کتوں نے روزانہ شہریوں کو کاٹنا شروع کر دیا مگر افسوس پورے ضلع صحبت پور میں کتے کے کاٹے کی ویکسین ناپید ہے ... عوامی حلقوں نے محکمہ صحت کے حکام بالا صوبائی وزیر صحت ڈی جی صحت اور سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع صحبت پور میں کتے کے کاٹے کی ویکسین فوری طور پر مہیا کریں تاکہ مریضوں کو فوری طور ویکسینیشن کی جا سکے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا نام تاریخ کے سنہرے حروف میں لکھا جائے گا، کمال خان

حب ضلع کے عوام نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ میر علی حسن زہری پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں

حب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کا حب ڈیولپمنٹ اتھارٹی اور ساکران تحصیل کا اعلان تاریخ کے سنہرے حروف میں لکھا جائے گا۔ حب کے عوام نے سی ایم بلوچستان کا فقید المثال استقبال کر کے ایک بار پھر ثابت کیا کہ حب ضلع کے عوام اپنے قائد میر علی حسن زہری پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں محسن حب صوبائی وزیر بلوچستان میر علی حسن زہری کی ولولہ انگیز قیادت میں ترقی کا نہ رکنے والا سفر جاری و ساری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین کمال خان محمد حسنی نے اپنے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود سے بات چیت کے دوران کیا جبکہ اس موقع پر پیپلز پارٹی ساکران سے تعلق رکھنے والے کونسلران بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ مختصر عرصے میں عوامی خدمات اور خصوصاً حب ضلع میں ماسٹر پلان سمیت عوام کے اجتماعی مفادات کے بڑے بڑے پروجیکٹس لانے پر پورا اہل بلوچستان رشک کرتا ہے تعلیم اور صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات روشن مستقبل کی نوید ہے جسکے دیرپا مثبت نتائج مستقل طور پر آنے والی نسلوں کو حاصل رہیں گے بلا تفریق رنگ و نسل عوامی بنیادی مسائل کو حل کرنے میر صاحب کا وژن ہے

بانبڑی مائنز پر انتظامیہ کی مبینہ غیر قانونی مداخلت، علاقے میں کشیدگی

پولیس اور انتظامیہ پر غیر قانونی مداخلت کے سنگین الزامات عائد کیے جا رہے ہیں

اوتھل (نامہ نگار) لنگلو ملو موضع بانبڑی مائنز پر پولیس اور انتظامیہ کی مبینہ غیر قانونی مداخلت، علاقے میں کشیدگی کا خدشہ، لنگلو ملو مائنز میں جاری تنازعہ نے نیا رخ اختیار کر لیا ہے، جہاں پولیس اور انتظامیہ پر غیر قانونی مداخلت کے سنگین الزامات عائد کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق یہ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے، تاہم پولیس نے مبینہ طور پر سیاسی دباؤ کے تحت مداخلت کرتے ہوئے علاقے میں موجودہ کشیدگی کو مزید بڑھاوا دیا ہے۔ معاملہ عدالت کے زیر غور ہے، اور جب تک عدالتی فیصلہ نہ آ جائے، کسی بھی قسم کی مداخلت غیر قانونی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ انتظامیہ اور پولیس نے عدالت کی کارروائی کا انتظار کیے بغیر کارروائی کی ہے، جو انصاف کے اصولوں کے خلاف ہے۔ سکن کے مقامی رہائشیوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی یہ مداخلت کسی قانونی بنیاد پر نہیں بلکہ سیاسی دباؤ کے تحت کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ کچھ بااثر افراد اپنے ذاتی مفادات کے لیے انتظامیہ کا استعمال کر رہے ہیں۔ مقامی افراد اور مائنز کے مالکان کا دعویٰ ہے

اساتذہ کرام کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر پروقار تقریب کا انعقاد

حمید آباد (آئی این پی) گورنمنٹ ہائی اسکول روجھان میں دو اساتذہ کرام کی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد ہوا جسکے مہمان خاص سابق ڈی ڈی او ہائی اسکول کرنے والے اساتذہ صدرو دوران خان کیلئی علی حسن کنزانی کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور طالب علموں نے سلامی دی تقریب سے سابق ڈی ڈی او علی مراد وٹی ہیڈ ماسٹر نصر اللہ خاران گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں محمد امین ابڑو محمد امین ...

صحبت پور، ایس ایچ ڈی اساتذہ مطالبات کے حق میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجگور ٹو چک روڈز ٹریفک کیلئے بحال عوام کا خیر مقدم

پنجگور (این این آئی) پنجگور ٹو چک روڈز دس 10 سال بعد ٹریفک کیلئے بحال، عوام کا خیر مقدم۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور کو مازین کلی ٹو چک روڈ کو دس 10 سال بعد ٹریفک کی آمد و رفت کیلئے کھول دیا گیا۔ واضح رہے کہ 23 نومبر 2024 کو ڈپٹی کمشنر زاہد لانگو کی سربراہی میں چک میں کھلی کچہری کے موقع پر عوام نے اس سڑک کو بحال کرنے کے مطالبے پر زور دیا جس کے بعد چیئرمین یونین کونسل چک علی جان کی کوششوں اور ڈپٹی کمشنر زاہد لانگو ضلعی انتظامیہ اور لوکل گورنمنٹ کے ...

نادرا سے جانشینی سرٹیفکیٹ کا حصول وبال جان بن گیا

عدالت سے جانشینی سرٹیفکیٹ کے لئے ٹرانسفر کیلئے درخواست تمام دی گئی

بیلہ (اے این این) بیلہ کمال لوگ لاجواب خدمات ... نادرا سے جانشینی سرٹیفکیٹ کا حصول وبال جان بن گیا ... جب نادرا آفس گیا تو وہاں پر موجود آفیسران ...

اے سی صحبت پور کے زیر صدارت اجلاس، تاجروں کی شرکت

شہری اتحاد کی جانب سے پیش کی گئی شکایات پر اے سی کا اظہار برہمی

انسداد پولیو مہم کی کامیابی مشترکہ ذمہ داری ہے، ذوالفقار علی کرار

پولیو کے مکمل خاتمے کیلئے مستقل کوششوں کی ضرورت ہے، ڈی سی سوراب

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا ... حسب معمول حفاظتی ٹیکوں کے ساتھ قومی انسداد پولیو مہم (NIDs) کے لیے مربوط منصوبہ بندی پر زور دیا ...

بقیہ 1 وزیراعلیٰ بلوچستان

وہ تاریخی طور پر پارلیمنٹ سے حاصل کی جاتی ہے ہمیں پارلیمنٹ نے وہ حقوق دیئے ہیں چاہے وہ ہمارا صوبہ ہوں ون یونٹ کا خاتمہ ہوں چاہے وہ اٹھارویں ترمیم ہوں، انھوں نے مزید کہا یہ جو بندوق کے ذریعے ہم پر اپنا نظریہ مسلط کی جارہی ہے اور اسے قوم پرستی کا نام دیا جارہا ہے یہ انتہائی نامناسب عمل ہے بندوق سے ہمیشہ بھوک اور افلاس وجود میں آیا ہے بندوق سے کبھی خوشحالی نہیں آسکتی ہے اگر اس بندوق کے ذریعے بلوچستان آزاد ہوسکتا ہے اسکا جواب کسی میں ہے بندوق کے ذریعے ریاستیں ٹوٹا نہیں کرتے وہ بھی ایک منظم ریاست جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا ہم بندوق کی بجائے یہ کہہ دیں کہ ہمارے پاس ترقی نہیں ہے یہ بات درست ہیں بلوچستان میں وہ ترقی نہیں ہے جو بلوچستان کا حق ہے لیکن یہ مسئلہ صرف بلوچستان کا نہیں ہے غور سے دیکھے یہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے اسکا مثال یہ ہے جو ترقی کوئی ڈیولپ ہوئی ہے کیا وہ جاتی میں ہوئی ہے اس طرح کے مسائل بہت سے دیگر ممالک میں بھی ہے اور انکے دور دراز علاقوں میں ہے جیسے بلوچستان کا سب سے لمبا وائر سپلائی لوکنڈی کا ہے جو اسی کلومیٹر ہے، انھوں نے مزید کہا بلوچستان کے پاس اس وقت جو وسائل ہے وہ دو سو دس ارب روپے کے قریب ہیں اس حکومت سے پہلے ان پیسوں کو خرچ کرنے کی قابلیت نہیں تھی وہ یہ پیسے بھی خرچ نہیں کرتے تھے، یہ پیسے بلوچستان کے ان دور دراز علاقوں کے لوگوں کے امانت تھے جو ہمارے حکمران نمائندے بیوروکریسی خرچ نہیں کرتے تھے انشاء اللہ پہلی دفعہ ہماری حکومت ان پیسوں کو خرچ کریگا سو فیصد خرچ نہ کرسکیں 90 فیصد ضرور گراونڈ پر خرچ کرینگے، انھوں نے مزید کہا ہم نے بلوچستان کے لوگوں کو وہ ترقی نہیں دی ہے جو بلوچستان کے لوگوں کا حق بنتا ہے لیکن ہماری حکومت نے ایک اسکالرشپ پروگرام شروع کیا ہے بلوچستان کا جو بچہ دنیا کے سو یونیورسٹی ہم نے سلیکٹ کی ہے وہ جہاں بھی پی ایچ ڈی کرنا چاہتا ہے جاکر کریں بلوچستان حکومت اس کے تمام اخراجات برداشت کریگی بچے جاکر وہاں پی ایچ ڈی کریں واپس آکر اپنے لوگوں کی خدمت کریں۔ انھوں نے مزید کہا اس کے علاوہ بلوچستان کے تمام اضلاع کے دس بچے اور بچیاں جو میٹرک ٹاپ کی ہے وہ ڈاکٹر بننا چاہتے ہیں انجینئر بننا چاہتی ہے انکے 16 سال تک حکومت بلوچستان اس کو اسکالرشپ دیگی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا ہماری حکومت نے بلوچستان کے تیس ہزار بچوں کو مختلف شعبوں میں پہلے ہنر سکھا کے ٹریننگ دینگے اور پوری دنیا میں انکو بھیج دینگے ایک تو دنیا دیکھ لینگے وہاں کاروبار کرکے اپنے ملک میں پیسے بھی بھیج دینگے اور باہر بھیجنے والوں کو بلوچستان بھر سے یکساں بنیاد پر سلیکٹ کرینگے۔ انھوں نے مزید کہا 80 ارب روپے حکومت بلوچستان ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو دیتی ہے کہ وہ بلوچستان کے لوگوں کا علاج کریں لیکن جب ہم ان کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ زندہ باد مردہ باد لگانا شروع کرتے ہیں اور ہڑتالیں کرتے ہیں ہم صرف یہ کہتے ہیں کہ 80 ارب روپے کے بدلے آپ لوگ بلوچستان کے لوگوں کا علاج کریں اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ والے خود اپنا علاج آغا خان میں کرتے ہیں ریکارڈ موجود ہیں کسی نے تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو ٹھیک کرنا ہے ہم نہیں چاہتے ہیں ہم اسی ارب بھی خرچ کریں اور ہمارے ہسپتال بھی ویران ہوں انھوں نے مزید کہا اب جس کسی کو سرکاری ملازمت کرنی ہے اسے سرکاری ڈیوٹی کرنی ہوگی جائے اس کی ڈیوٹی کہیں پر بھی ہوں انھوں نے مزید کہا جاتی کے جس یونین کونسل میں اسکول نہیں ہے ہم ان یونین کونسل میں پرائمری، مڈل اور ہائی اسکول بنادینگے اور اسی یونین کونسل کے لوگوں کو کنٹریکٹ بنیاد پر بھرتی کرینگے والبندین ہسپتال کا کو ایک کروڑ سے بڑھا کر دو کروڑ کردینگے، انھوں نے مزید کوئی بھی سرکاری نوکری نہیں بکے گی سب میرٹ پر ہونگے اور دانش اسکول فیڈرل بنادیگا گروہاں سے نہیں ہوا اگلے بجٹ میں سب سے پہلے دالبندین میں بنادونگا، انھوں نے ضلع کونسل کے لیے 15 کروڑ روپے کا بھی اعلان کردیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا ریکوڈک، سیندک اور بڑی بڑی ملٹی نیشنل کمپنیاں کام کررہے ہیں اب کام شروع ہوچکا ہے سب سے پہلے مقامی لوگوں کا حق ہے اور مقامی لوگ ہی مستفید ہونگے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی، ایم این اے ...

معاملہ آرمی چیف کے سامنے رکھ دیا ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ براہ راست مذاکرات خوش آئند ہیں، دوسری جانب سے مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بات چیت شروع ہوئی ہے تو یہ خوش آئند بات ہے، تمام مطالبات پیش کردیے گئے ہیں۔

بقیہ 3 وزیراعظم

آرگنائزیشن کے مشترکہ ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ انیشیٹو کا حصہ بننے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا پاکستان ورلڈ اکنامک فورم کے تحت ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ انیشیٹو کو اپنانے والا پہلا ملک ہے، پاکستان کا پہلا ڈیجیٹل ایف ڈی آئی پراجیکٹ اہداف کی نشاندہی کیساتھ ڈیجیٹل ترقی کو فروغ دینے کیلئے اہم کوششیں کر رہا ہے، وزیراعظم نے کہا منصوبے کے تحت ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، ڈیجیٹائزیشن کو اپنانے، نئی ڈیجیٹل سرگرمیوں و برآمدات کی ڈیجیٹل سروسز پر مشتمل فریم ورک ہے جو ان شعبوں پر توجہ مرکوز کرے گا جو براہ راست بیرونی سرمایہ کاری کیلئے ترغیب کا باعث بن سکتے ہیں

بقیہ 4 چینی کمپنیوں

کنا نک نیٹ کے مطابق پاکستان کی ڈینٹل اور سرجیکل انسٹرومنٹس بنانے والی سوات (Sawuat) سرجیکل نے چینی فارماسیوٹیکل کمپنی یو پی ایچ بائیو فارما کے ساتھ ایم او یوز پر دستخط کیے گئے، چائنا اکنامک نیٹ کی رپورٹ کے مطابق تعاون کا مقصد ہے طبی آلات کے شعبے میں مزید چینی کمپنیوں کیساتھ جوائنٹ وینچرز کیے جائیں

بقیہ 5 مولانا فضل الرحمان

اسلام کے نام پر لوگوں نے قربانیاں دیں مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ یہ ہمارا ملک ہے اور اس میں امن چاہتے ہیں، ہم آج تک آپ سے نرم لہجے اور دلیل سے بات کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہماری بات سمجھیں، ایسے انتخابات سے ہمیں نہ ڈرایا جائے، ایسے الیکشن تو حسینہ واجد نے بھی کیے تھے ان کا کیا حال ہوا ہے یو آئی ف کے سربراہ کا کہنا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم پر ہم سے آنکھیں بند کر کے منظوری کا مطالبہ کیا گیا، اگر وہ مسودہ پاس ہوتا تو پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت نہ رہتی، ہم نے ایک ماہ تک مذاکرات کر کے 36 شقیں نکلوائیں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہماری کوشش سے یکم جنوری 2028ء سے سودی نظام ختم ہو جائے گا، ہماری کوششوں سے پاکستان سے سود کا خاتمہ ہوجائے گا

بقیہ 6 خورشید شاہ

حکومت مدت پوری کرتی تو عمران خان کی 4 سیٹیں بھی نہ ہوتیں، آرمی چیف کی مدت ملازمت میں توسیع حالات کی ضرورت تھی، پارلیمنٹ تکلیف دہ فیصلے بھی کرتی ہے، یہی پارلیمنٹ کی بالادستی ہے، پی پی کے سینئر رہنما نے کہا وفاقی حکومت مدت پوری کرے گی یا نہیں، علم نہیں، دعا کریں، مسلم لیگ ن کے وزرا اور ایم این ایز اپنی پنجاب حکومت سے بہت پریشان ہیں۔

بقیہ 7 اسلام آباد ہائیکورٹ

کی منظوری سے وزارت قانون نے نوٹیفکیشن جاری کیا، نوٹیفکیشن کے مطابق راجہ انعام امین منہاس اور اعظم خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایڈیشنل جج تعینات ہوگئے، دونوں ججز کو ایک سال کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں تعینات کیا جاتا ہے، تقریب حلف برداری 20 جنوری پیر کو ہوگی، چیف جسٹس عامر فاروق دونوں نئے ایڈیشنل ججز سے حلف لیں گے، اعظم خان اور راجہ انعام امین منہاس حلف اٹھائیں گے۔

بقیہ 8 عطا تارڑ

پی ٹی آئی اپنی چوری چھپانے کیلئے مذہب کارڈ استعمال کر رہی ہے، کیس میں قانونی دفاع نہ ہوا تو مذہب کارڈ استعمال کرنے لگے، پی ٹی آئی والے خدا کا خوف کریں، مذہب کو درمیان میں نہ لائیں، سیاست کیلئے مذہب کارڈ کا استعمال افسوسناک ہے، عطا تارڑ نے کہا مجھے بتا دیں القادر یونیورسٹی میں کون سی مذہبی تعلیم دی جارہی ہے، 190 ملین ...

بقیہ 9 انسانی حقوق
بقیہ 10 بنوں پولیس
بقیہ 11 وزارت داخلہ
بقیہ 12 ڈی چوک احتجاج
بقیہ 13 علیمہ خان
بقیہ 14 جیلیں انڈر ٹرائل
بقیہ 15 عمران خان
بقیہ 2 حکومتی مذاکراتی کمیٹی
بقیہ 16 میر سرفراز بگٹی
بقیہ 17 بجلی صارفین
بقیہ 18 انگریزی اخبار
بقیہ 19 پاک بحریہ قذاقوں
بقیہ 20 القادر ٹرسٹ
بقیہ 21 جامعہ اشرفیہ
بقیہ 22 فرانسیسی خبر ایجنسی
بقیہ 23 نئی گریجویشن
بقیہ 24 کشتی حادثے
بقیہ 25 ریکوڈک منصوبے
بقیہ 26 عطاءاللہ لانگو
بقیہ 27 یوسف رضا گیلانی
بقیہ 28 عائشہ صدیقی
بقیہ 29 گرینڈ ہیلتھ الائنس
بقیہ 30 جان محمد روڈ
بقیہ 31 وزارت سائنس
بقیہ 32 بیرسٹر سیف
بقیہ 33 کرینہ کپور
بقیہ 34 برف باری
بقیہ 35 محمود خان اچکزئی
بقیہ 36 ڈاکٹر وہاب رضوی
بقیہ 37 ایران
بقیہ 38 تربت پولیس
بقیہ 39 مزدور جاں بحق
بقیہ 40 چوزے
بقیہ 41 ملکی ترقی
بقیہ 42 آرسی ڈی شاہراہ
بقیہ 43 حب
بقیہ 44 سندھ
بقیہ 45 بلوچستان
بقیہ 46 سابق وزیراعلیٰ
بقیہ 47 بھوانی
بقیہ 48 آئی ایم ایف
بقیہ 49 نیوگوادر
بقیہ 50 ریکوڈک
بقیہ 51 پارلیمنٹ
بقیہ 52 کیمر بلڈنگ
بقیہ 53 پاک بحریہ
بقیہ 54 عمران خان
بقیہ 55 اسلام آباد ایئرپورٹ
بقیہ 56 علی حسن زہری
بقیہ 57 ڈی سی چمن
بقیہ 58 پی ٹی آئی
بقیہ 59 گرفتار
بقیہ 60 غیر ملکی
بقیہ 61 حکومت
بقیہ 62 کراچی
بقیہ 63 عوام
بقیہ 64 خواتین
بقیہ 65 نیچر ریسٹر
بقیہ 66 ڈیرہ اللہ یار
بقیہ 67 صحت مند
بقیہ 68 کوئٹہ
بقیہ 69 سینیٹر کامران مرتضیٰ
بقیہ 70 لورالائی
بقیہ 71 ماحولیاتی نمونوں
بقیہ 72 شوکت یوسفزئی
بقیہ 73 فیصل چوہدری
بقیہ 74 موسمیاتی تبدیلیوں
بقیہ 75 نوتال
بقیہ 76 نارتھ کراچی
بقیہ 77 کشتی سانحہ
بقیہ 78 پارٹی
بقیہ 79 ڈاکٹر بہار شاہ
بقیہ 80 مریم اورنگزیب
بقیہ 81 گیس خریداری
بقیہ 82 پارلیمنٹ
بقیہ 83 بلوچستان

آئی ایم ایف نے پاکستان کی معاشی شرح نمو کا ہدف 3.2 سے کم کرکے 3 فیصد کردیا

رواں مالی سال پاکستان کے معاشی شرح نمو کا ہدف حاصل نہ ہونے کا تخمینہ لگایا، ورلڈ اکنامک آؤٹ لک رپورٹ

عالمی مالیاتی فنڈ نے اپنی رپورٹ میں گزشتہ سال کے مقابلے معاشی شرح نمو میں اضافے کی پیشگوئی بھی کردی

اسلام آباد (شاکر رحمان) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان کے معاشی شرح نمو کا ہدف 3.2 فیصد سے کم کرکے 3 فیصد کردیا، آئی ایم ایف ... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری سے مختلف شخصیات کی ملاقاتیں

خضدار (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری سے میونسپل کارپوریشن خضدار کے چیئرمین آصف جمالدینی نے کراچی میں ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی بالخصوص بلوچستان اور ضلع خضدار کے موجودہ سیاسی صورتحال .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بھوانی کے مقام پر مزدا اور موٹر سائیکل میں تصادم، ایک شخص جاں بحق

حب (یو این اے) المائدہ ریسٹورنٹ کے قریب مزدا اور موٹر سائیکل کے درمیان خوفناک تصادم میں ایک شخص جاں بحق اور دو افراد زخمی ہوگئے۔ حادثہ تیز رفتاری اور غفلت کے باعث پیش آیا۔ جاں بحق اور زخمیوں کو فوری طور پر ایدھی ایمبولینس کے ذریعے حب .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان

ملکی اور غیر ملکی ایئرلائنز کا گوادر ایئرپورٹ کیلئے پروازیں چلانے میں دلچسپی کا اظہار

کوئٹہ (اے این این) سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو 20 جنوری سے آپریشنل کرنے کا اعلان کردیا۔ ذرائع سی اے اے نے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو آپریشنل کرنے کے حوالے سے نوٹم جاری کردیا۔ نوٹم کے مطابق نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ 20 جنوری سے پروازوں کے لیے آپریشنل ہوگا۔ سی اے اے نے نوٹم جاری کرکے تمام ایئرلائنز کو آگاہ کردیا۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما زخمی

ڈی (آئی این پی) سردار درمحمد ناصر موناخت کے مقام پر مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما حاجی شیر محمد او تکیل ناصر زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق زخمی کو سول ہسپتال ڈی منتقل کردیا گیا جہاں سے مزید علاج کے لیے لورالائی ریفر کردیا گیا ہے زخمی کو چار گولیاں لگی ہے جسکی حالت خطرناک بتائی جارہی ہے۔ مسلح افراد ایکس ٹو ڈی کار میں واردات کے بعد فرار ہوگئے

ریکوڈک منصوبے کی راہ میں حائل ایک اور رکاوٹ ختم

جلد سعودی عرب سے معاہدے کا امکان، لیویز فورس میں مزید بھرتیاں ہونگی

کوئٹہ (یو این اے) ریکوڈک کے حکومتی حصص سعودی عرب کو بیچنے کے منصوبے کی تکمیل کی راہ میں حائل ایک اور بڑی رکاوٹ کے خاتمے کے بعد پاکستان اور سعودی عرب آئندہ چند مہینوں میں اس معاہدے کو حتمی شکل دینے کی طرف بڑھ رہے ہیں ایک اور متعلقہ پیشرفت میں، ریکوڈک منصوبے کی نظرثانی شدہ قیمت کا تخمینہ مکمل کرلیا گیا ہے اور دونوں فریق منصوبے کی باریکیوں کو حتمی شکل دینے کے مرحلے میں ہیں سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کوئٹہ پہنچنے پر ثقافتی انداز میں استقبال کیا جارہا ہے

کراچی میں پرامن ریلی پر پولیس کریک ڈاؤن قابل نفرت عمل ہے، لشکری رئیسانی

ماؤں، بہنوں، بزرگوں پر تشدد، سروں سے دوپٹے کھینچنا توہین آمیز رویہ، سندھ اور بلوچستان کے نمائندوں کیلئے شرمندگی کا باعث ہے

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کراچی میں پرامن ریلی پر سندھ پولیس کے کریک ڈاؤن کو قابل نفرت عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ سمی دین محمد بلوچ بلوچستان کی بیٹی ہے وہ اپنے لاپتہ والد کی ... سندھ پولیس کا بلوچستان کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں پر تشدد ان کے سروں سے دوپٹے کھینچنا توہین آمیز رویہ سندھ اور بلوچستان کے نام نہاد منتخب .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں جعلی ادویات اور لوکل کمپنی کی بھرمار، صوبائی وزیر صحت نوٹس لیں

ایم ایس کے MSK کمپنی جعلی ادویات بنانے میں ملوث ہے، مرکزی تنظیم تاجران

فارم 7 اور بغیر لائسنس ادویات انسانی جانوں کیلئے زہر قاتل ہے، سیف الدین نثار

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سیف الدین نثار نے ایک بیان میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت، ڈی جی صحت، ڈرگ انسپکٹر بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جعلی ادویات فارم 7 اور بغیر لائسنس ادویات کی بھرمار ہے جعلی ادویات......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ و طلباء معاشرے کا اہم ستون، ملکی ترقی میں کردار ادا کریں، آئی جی ایف سی نارتھ بلوچستان

لسبیلہ یونیورسٹی، اوستہ محمد، نصیر آباد، جعفر آباد، ڈی ایم جمالی ڈگری کالجز کے 250 سے زائد طلباء، فیکلٹی ممبرز کی میجر جنرل عابد مظہر سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر سے لسبیلہ یونیورسٹی، اوستہ محمد، نصیر آباد اور جعفر آباد کے ڈگری کالجز کے 250 سے زائد طلباء اور فیکلٹی ممبرز نے ملاقات کی .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

آر سی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ 2 افراد جان کی بازی ہار گئے 2 شدید زخمی

نوشکی (آن لائن) آر سی ڈی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ 2 افراد جان کی بازی ہار گئے 2 شدید زخمی کوئٹہ منتقل اسسٹنٹ کمشنر ظہور بلوچ نے بتایا ہفتے روز چار بجے کیشنگی کے علاقہ کلنگور کے مقام پر آر سی ڈی شاہراہ کے دو گاڑیوں میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

حب میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق دو زخمی

حب (این این آئی) حب میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق دو زخمی ایدھی ذرائع کے مطابق ہفتے کے روز حب کے قریب بھوانی کے مقام پر مزدہ ٹرک اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص ارشد .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بیرک گولڈ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو ثقافتی پگڑی اور شال پہنا رہے ہیں

پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کی بجائے کسی اور کا راج ہے، حافظ حمد اللہ

سیاستدانوں نے ملکر کردار ادا نہیں کیا تو آئینی بحران سے ملک مزید دلدل میں پھنس چلے گا

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سابق وزیر حافظ حمد اللہ نے کہا کہ پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کی بجائے کسی اور کا راج ہے سیاستدانوں نے ملکر کردار ادا نہیں کیا تو آئینی بحران سے ملک مزید دلدل میں پھنس چلے گا جائنگی ملی مسائل پر پارلیمنٹ کے پاس اختیارات دینا ہوگا ہوگا انہوں نے کہا کہ ملک مزید آئینی، سیاسی بحران کے متحمل نہیں ملک کی موجودہ حالات پر سیاسی جماعتوں کی متحد ہونا ناگزیر ہو چکا ہے بعض قوتیں جن .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پاک بحریہ نے کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 کی کمان رائل نیوزی لینڈ نیوی کو سونپ دی

بحریہ کی زیر قیادت کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 نے میری ٹائم سکیورٹی کے مختلف آپریشنز کیے، مجموعی طور پر 10 ٹن منشیات ضبط

فورسز میں فعال شرکت پر فخر، پاکستان نیوی میری ٹائم سکیورٹی کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، کموڈور عاصم سہیل ملک

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک بحریہ نے کمبائنڈ ٹاسک فورس (150-CTF) کی کمان رائل نیوزی لینڈ نیوی کو سونپ دی، آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کے کموڈور عاصم سہیل ملک نے کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 کی کمانڈ رائل نیوزی لینڈ نیوی کے کموڈور راجر واڈ کے حوالے کی ۔کمبائنڈ میری ٹائم فورسز کے کمانڈر وائس ایڈمرل جارج وکوف (WikoffGeorge) تقریب .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

کبیر بلڈنگ سے موٹر سائیکل چور رنگے ہاتھوں گرفتار

ہیروئینچی ہوں پہلی دفعہ غلطی ہوئی پھر کبھی ایسا نہیں کروں گا، چور کی چیخ و پکار

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے کبیر بلڈنگ سے موٹر سائیکل چور کو رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، موقع پر موجود لوگوں نے چور کی لاتوں اور مکوں سے درگت بنا ڈالی، میں ہیروئینچی ہوں مجھے مت مارو چور کی چیخ و پکار، بعد ازاں بجلی گھر پولیس تھانے کے اہلکار موقع سے چور کو اپنے ہمراہ لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے کبیر بلڈنگ سے چور موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے موقع پر موجود لوگوں کے ہاتھوں پکڑا گیا جس پر .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی پر مقدمات سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے ختم کیے جائیں، حافظ نعیم الرحمن

اسرائیل گھٹیا دشمن، معاہدہ ہونے کے باوجود بمباری کررہا، میرا برانڈ پاکستان بہترین کاوش ہے، امیر جماعت اسلامی

ملک میں سیاسی استحکام ضروری، ہر کوئی اسٹیبلشمنٹ کی جانب دیکھتا ہے، سب آئینی حدود میں کام کریں، صحافیوں سے گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے اسرائیل گھٹیا دشمن، معاہدہ ہونے کے باوجود بمباری کررہا ہے، میرا برانڈ پاکستان بہترین کاوش ہے، بانی پی ٹی آئی پر مقدمات سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے، ختم کیے جائیں، کراچی ایکسپو سینٹر میں میرا برانڈ پاکستان نمائش کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا سیاسی استحکام ضروری ہے، .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی ایف سی نارتھ میجر جنرل عابد مظہر کو تعلیمی اداروں بارے بریفنگ دی جارہی ہے

علی حسن زہری کے ساتھ تعلقات بہترین ہیں، جام کمال خان

حب کی ترقی کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رہیں گی، وفاقی وزیر

حب (یو این اے) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ حب کی ترقی کے لیے میر علی حسن زہری کی خدمات قابل تحسین ہیں اور ہم مل کر علاقے کی ترقی کے لیے کام کررہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہمارے اور میر علی حسن زہری کے درمیان تعلقات مضبوط ہیں، لیکن بعض عناصر اس اتحاد کو دیکھنا پسند نہیں کرتے اور غلط افواہیں پھیلا رہے ہیں......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

24 تا 26 جنوری عوامی جرگہ کی تیاریوں کے حوالے سے پشتونخوامیپ کا اجلاس

جرگے میں مسائل سے نجات، تجاویز پیش کرتے ہوئے خوشحال مستقبل کا لائحہ عمل طے کرینگے، سید شراف آغا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع سیکرٹری سید شراف آغا کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹریز ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی ایگزیکٹوز منان خان بزنیچ، .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت فوری طور پر گرفتار ڈاکٹروں کو رہا کرے، بلوچستان بار کونسل

ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کو جیل میں نظر بند رکھنے کی مذمت کرتے ہیں، راحب بلیدی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین راحب خان بلیدی ایڈووکیٹ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی امان اللہ خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ڈاکٹر حفیظ مندوخیل کے عدالت سے رہائی کے احکامات کے بعد ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے تھری ایم پی او کے تحت ایک ماہ جیل میں نظر بند رکھنے کے احکامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت کا یہ اقدامات .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے پائلٹ کی سنگین غفلت، جہاز غلط رن وے پر اتار دیا

لاپرواہی پر کپتان اور فرسٹ افسر کو گراؤنڈ کرکے تحقیقات شروع کردیں، پی آئی اے انتظامیہ

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے پائلٹ کی مبینہ غفلت ولاپرواہی نے مسافروں کی جانوں کو خطرے میں ڈال دیا، ذرائع کے مطابق پائلٹ نے دمام سے ملتان آنیوالی پرواز پی کے 150 طیارے کو غلط رن وے پر اتار دیا، ملتان میں موسم کی خرابی دھند کے باعث پرواز کا رخ لاہور ایئرپورٹ پر موڑا گیا، کپتان نے مرکزی رن وے پر لینڈنگ کے بجائے رن وے نمبر 36 ایل پر جہاز کو اتار دیا، لینڈنگ کے وقت رن وے کی لائٹیں بھی .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں گیس پریشر کی عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

سردی میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے بچے بوڑھے نمونیا و دیگر جان لیوا بیماریوں کا شکار ہورہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد، مولانا خدائے دوست، حافظ مسعود احمد، حاجی ولی محمد بڑیچ سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سالار مولانا سید سعد اللہ آغا، میر اسحاق ڈاکٹر شاہوانی، مولانا جمال الدین حقانی مولانا نور محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ کاکڑ، مولانا نذیر احمد مشوانی، حافظ زین الدین خیرخواہ، حاجی عطاء محمد شمشوزئی، حاجی منظور احمد بازئی، حاجی نعمت اللہ ملاخیل......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو سزا سے پاکستان کے ٹرمپ انتظامیہ سے تصادم کا امکان بڑھ گیا، برطانوی اخبار

دی گئی سزا نے ٹرمپ انتظامیہ کی ان سینئر شخصیات کیساتھ حکومت پاکستان کے تصادم کا آغاز کردیا، رپورٹ میں دعویٰ

فیصلہ ٹرمپ کی حلف برداری سے پہلے دیا گیا جن کے اتحادی رچرڈ گرینل، میٹ گیٹز رہائی کیلئے مہم چلارہے ہیں، سمن لطیف

لندن (بیورو رپورٹ) برطانوی اخبار نے دعویٰ کیا ہے تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو 190 ملین پاؤنڈ کیس میں احتساب عدالت سے سزا سنائے جانے کے بعد سے پاکستان کے ٹرمپ انتظامیہ سے تصادم کا امکان بڑھ گیا، برطانوی اخبار کے مطابق ممبئی سے سمن لطیف نے لکھتے ہوئے کہا عمران خان کو ملنے والی سزا نے ٹرمپ انتظامیہ کی ان سینئر شخصیات کیساتھ حکومت پاکستان کے تصادم .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ایئرپورٹ کو راولپنڈی کی حدود میں شامل کردیا گیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ایئرپورٹ کو مکمل طور پر راولپنڈی کی حدود میں شامل کردیا گیا، ہوم ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے اٹک کے 5 دیہاتوں کو راولپنڈی کی حدود قرار دیتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے اسلام آباد .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے خیبر پختونخوا کی طرف سونا نکالنے کیلئے غیر قانونی مائننگ کا نوٹس لے لیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پولیس نے دریائے سندھ کے قریب پہاڑی علاقوں سے سونا نکالنے کے لیے غیرقانونی مائننگ کی خبر پر ایکشن لے لیا، پولیس نے خیبر پختونخوا کی طرف کھدائی میں مصروف تمام مشینوں کو قبضے میں لے کر کھدائی کرنے والے عناصر کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔

وفاق کے سرکاری تعلیمی ادارے سولر سسٹم پر منتقل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاق کے سرکاری تعلیمی ادارے سولر سسٹم پر منتقل کردیے گئے، وفاقی نظامت تعلیمات نے نیشنل ریڈیو اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کے اشتراک سے 100 سکولوں کی سولرائزیشن کامیابی سے مکمل کرلی، تعلیمی اداروں میں سولر سسٹم کیساتھ ساتھ بیک اپ کیلئے بیٹریوں کا بھی انتظام کیا گیا۔

ٹوکنڈی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو قبائلی رہنما میر محمد عاصم سنجرانی بلوچی دستار پہنا رہے ہیں

گرفتار ڈاکٹروں کی رہائی کے بعد دوبارہ گرفتاری غیر قانونی اقدام ہے، پشتونخوامیپ

ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کے خلاف انتقامی کارروائیاں مسائل کا حل نہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کے گرفتار ڈاکٹروں کی عدالت سے رہائی کے باوجود حکومت کی طرف سے انہیں 16 ایم پی او کے تحت دوبارہ گرفتار کرنے کے غیر قانونی اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ غیر نمائندہ نام نہاد صوبائی حکومت کی جانب سے انگریز کے کالے قانون کے تحت ڈاکٹروں کی گرفتاری تعصب، بدنیتی، انتقامی کارروائی پر مبنی اور قابل افسوس اقدام قرار دیا ہے جو موجودہ .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

غیر مجاز/غیر قانونی مینوفیکچررز کیخلاف کارروائی کی جائے گی، زین العابدین

مینوفیکچررز کی جانب سے فراہم کردہ مطلوبہ ڈیٹا کی تکنیکس کیخلاف جانچ پڑتال کے مراحل سے گزارا جارہا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) اوگرا کے ریجنل آفس لاہور میں ممبر آئل اوگرا، جناب زین العابدین کی زیر صدارت ایل پی جی باؤزرز/اسٹوریج ٹینکس/سلنڈرز کے مینوفیکچررز کے ساتھ ایک اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس میں ایل پی جی اور انفورسمنٹ ڈیپارٹمنٹس کے سینئر ڈائریکٹرز اور افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران، ایل پی جی باؤزرز کے مجاز مینوفیکچررز کو ہدایت دی گئی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بھی ایل پی جی باؤزر .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سینئر ایڈووکیٹ نجم الدین مینگل کو بلوچستان ہائیکورٹ کا جج تعینات ہونے پر لوگ مبارکباد دے رہے ہیں

قلات خون جما دینے والی سردی کا راج

درجہ حرارت منفی 6 ڈگری تک گرگیا

قلات (یو این اے) قلات اور گردونواح میں شدید سردی کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث علاقے میں خون جما دینے والی سردی کا راج برقرار ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قلات میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 6 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

کراچی پریس کلب میں "مسئلہ بلوچستان" کے موضوع پر اہم سیمینار ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام اتوار 19 جنوری دن 3 بجے کراچی پریس کلب میں "مسئلہ بلوچستان" کے موضوع پر اہم سیمینار ہوگا جس کے مہمانان خصوصی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان، صوبائی امیر مولانا......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

عوام دوست سیاست ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ ہے، پشتونخوامیپ

ہمیں بالادست قوم کی سازشوں سے خبردار رہتے ہوئے نفرت سے اجتناب کرنا ہوگا، خوشحال کاکڑ

کراچی (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ سیاسی جمہوری وطن دوست، عوام دوست سیاست اور سیاسی جمہوری مسلسل جدوجہد ہی زندگی کے ہر شعبے میں خود مختاری، ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ ہے۔ سیاست اور سیاسی جمہوری جدوجہد کی مخالفت درحقیقت اقوام و عوام کو محکوم رکھنے کی عوام دشمن تدبیر ہے۔ پشتون افغان عوام کو کراچی سمیت ملک کے ہر صوبے اور ہر علاقے میں ملکی آئین و قوانین کے مطابق .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ہائیکورٹ کا آئندہ ہفتے کیلئے ججز روسٹر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کیلئے ججز کا روسٹر جاری کردیا گیا، چیف جسٹس کی ہدایت پر ڈپٹی رجسٹرار نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا ججز ڈیوٹی روسٹر جاری کردیا، آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کیلئے تمام 8 ججز دستیاب ہوں گے، 20 سے 24 جنوری تک کیسز کی .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

خواتین پر پولیس کا تشدد حکومتی پالیسیوں کا تسلسل ہے، بی این پی

بلوچ معاشرے میں خواتین کو نمایاں مقام حاصل ہے، مرکزی بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کراچی میں بلوچ خواتین وبچوں پر پولیس لاٹھی چارج، گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرامن احتجاجی ریلی پر پولیس گردی، بلوچ خواتین پر لاٹھی چارج آنسو گیس شیلنگ پولیس فورس کی غنڈہ گردی اور وحشی ہونے کا واضح ثبوت ہے بلوچ خواتین پر بہیمانہ تشدد ناقابل برداشت عمل ہے کراچی انتظامیہ و پولیس کے اس غیر انسانی عمل سے بلوچستان بھر کے عوام کی .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

لوئر کرم میں 4 مقامات پر دہشتگردوں کیخلاف آپریشن کا فیصلہ، بے گھر افراد کیلئے کیمپ قائم ہونگے

ٹی ڈی پیز کیمپ قائم ٹل ڈگری، ٹیکنیکل کالج، ریسکیو اور عدالت کی عمارت میں قائم ہوں گے، صوبائی ریلیف کو خط ارسال کردیا گیا

آپریشن بگن، مندوری اوچت، چارخیل اور چھپری میں کیا جائیگا، ڈپٹی کمشنر، بگن حملے سے امن کوششیں شدید متاثر ہوئیں، جرگہ ممبر

پشاور (بیورو رپورٹ) لوئر کرم میں دہشتگردوں کیخلاف آپریشن کا فیصلہ، ڈپٹی کمشنر نے متاثرین کیلئے ٹل اور ہنگو میں ٹی ڈی پیز (عارضی بے گھر افراد کیلئے) کیمپ قائم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، نوٹیفکیشن کے مطابق کیمپ ٹل ڈگری، ٹیکنیکل کالج، ریسکیو اور عدالت کی عمارت میں قائم ہوں گے، ٹی ڈی پیز کیمپ قائم کرنے کیلئے صوبائی ریلیف کو خط ارسال کردیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے کہا دوران......... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر



کراچی، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ عوامی جمہوریہ چین کے قونصل جنرل یانگ یون ڈونگ سے ملاقات کررہے ہیں

ملک کے 4 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر کے 4 اضلاع کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوگئی نمونے 2024ء میں جمع ہوئے جس کے بعد سال 2024ء کے پولیو کیسز کی تعداد 73 ہوگئی، رپورٹ کے مطابق لکی مروت کے ماحولیاتی نمونے پولیو .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

کشتی سانحہ، گجرات کے 2 نوجوانوں کو ہتھوڑوں سے مارا گیا

2 بھائی مرنے والوں میں شامل، کچھ نے سمندر میں کود کر جانیں بچائیں

گجرات (بیورو رپورٹ) مراکش کے سمندر میں ظلم کی داستان رقم ہوئی جب 44 پاکستانیوں سمیت 50 افراد سمندر کا نوالہ بنا دیئے گئے، سانحہ پر پاکستان کے شہر گجرات کے 3 دیہات میں سوگ کا ماحول ہے، بھالیہ اور ملکوال کے نوجوانوں کے گھروں پر بھی قیامت ٹوٹ پڑی، ڈسکہ، گجرات کے 5 نوجوان خوش قسمتی سے موت کا نوالہ بننے سے بچ گئے، واقعہ میں بے رحمی، سفاکی اور درندگی دیکھنے کو ملی، انسان نما بھیڑیوں کے سامنے بے بس تھی زندگی......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

ناردرن کراچی میں 11 روز سے لاپتہ بچے صارم کی لاش مل گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) نارتھ کراچی سے لاپتہ ہونے والے بچے صارم کی لاش مل گئی، ایس ایس پی سینٹرل کے مطابق 11 روز قبل لاپتہ ہونے والے 7 سالہ بچے صارم کی تلاش کا سلسلہ جاری تھا، بچے .... بقیہ 76 صفحہ نمبر 7 پر

سینیٹر کامران مرتضیٰ کا بانی پی ٹی آئی کے مذاکرات جاری رکھنے پر حیرانی کا اظہار

اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی کے درمیان معاملات طے ہوچکے تھے اب لائن کٹ چکی ہے، سینیٹر کامران مرتضیٰ

کوئٹہ (یو این اے) جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے بانی پی ٹی آئی کے مذاکرات جاری رکھنے کے اعلان پر حیرانگی کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ اور پی ٹی آئی کے درمیان معاملات طے ہوچکے تھے، لیکن اب لائن کٹ چکی ہے اور اسٹیبلشمنٹ 9 مئی کے واقعات سے پیچھے نہیں ہٹے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کامران مرتضیٰ نے کہا کہ حکومت کے پاس 9 مئی سے متعلق فیصلے کا کوئی اختیار .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

پہلے سے پتہ تھا سزا ہوگی، سب پی ٹی آئی کے پیچھے لگے ہیں، شوکت یوسفزئی

ملک میں سیاسی آزادی نہیں، انسانی حقوق کی پامالی ہورہی، دنیا تنقید کررہی ہے، پی ٹی آئی رہنما

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے پہلے سے پتہ تھا (عمران خان کو) سزا ہوگی، سب صرف پی ٹی آئی کے پیچھے لگے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے کہا ہر جانے کا کیس ہے جس میں مسلسل حاضری دے رہا ہوں جبکہ مخالف وکیل پیش نہیں ہورہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے تو کیسے معیشت ٹھیک ہوگئی؟ .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

فون ٹیپ، آڈیو لیکس، عمران کی درخواست پر رجسٹرار اعتراضات کیخلاف اپیل سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم ہاؤس اور آفس کے ٹیلی فون ٹیپ کرنے، آڈیو لیکس ہونے کا معاملہ، بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر رجسٹرار اعتراضات کیخلاف اپیل سماعت کیلئے مقرر ہوگئی، جسٹس امین الدین خان 21 جنوری کو چیمبر میں سماعت کریں گے

عمران خان نے کہا وہ کسی پریشر کے آگے نہیں جھکیں گے، فیصل چودھری

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) فیصل چودھری نے کہا ہے بانی پی ٹی آئی عمران خان پرعزم اور حوصلے میں ہیں، سابق وزیراعظم نے کہا وہ کسی پریشر کے آگے نہیں جھکیں گے، اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا ٹاک کرتے ہوئے فیصل چودھری نے کہا بشریٰ گھریلو خاتون ہیں، .... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

مراکش کشتی حادثہ، اسحاق ڈار کا حکام کو متاثرین کی فوری معاونت کا حکم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے وزارت خارجہ اور داخلہ کے حکام کو مراکش کشتی حادثے کے متاثرین کی فوری اور موثر معاونت کا حکم دے دیا، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ہدایات افغان باشندوں کی وطن واپسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں، اجلاس میں سیکرٹری خارجہ اور سیکرٹری داخلہ نے بھی شرکت کی

درخت کاٹنے کی سزا، حالی روڈ پر مقامی شاپنگ مال پر 1 کروڑ 70 لاکھ روپے جرمانہ عائد

مقامی شاپنگ مال انتظامیہ نے بغیر اجازت چنار کے درخت کاٹ دیئے تھے جس پر محکمہ جنگلات کے کنزرویٹر آفیسر نے فاریسٹ گارڈ کی مدعیت میں مقدمہ درج کرایا

بلوچستان یونیورسٹی اور شعبان میں بھی درختوں کی کٹائی پر ٹرسٹ 3 بلاک افسران و ایک رینج فاریسٹ افسر معطل انکے خلاف بھی مقدمہ درج کیا جائے گا، محمد نیاز کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محکمہ جنگلات نے حالی روڈ پر چنار کے درختوں کی کٹائی پر مقامی شاپنگ مال انتظامیہ کو ایک کروڑ 70 لاکھ روپے جرمانہ تفصیلات کے مطابق مقامی شاپنگ مال انتظامیہ نے حالی روڈ پر بغیر اجازت چنار کے درخت کاٹ دیئے تھے جس پر محکمہ جنگلات کوئٹہ ڈویژن کے کنزرویٹر آفیسر محمد نیاز خان کاکڑ نے فاریسٹ گارڈ نوروز خان کی مدعیت .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سردی کی شدت میں اضافہ کے بعد لوگ مچھلی خرید رہے ہیں

پاکستان میں لوگ چینی چھوڑ کر گڑ استعمال کرنے لگے

موسمیاتی تبدیلیوں نے گنے کی فصل کو متاثر کرنا شروع کردیا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) موسمیاتی تبدیلی نے گنے کی فصل کو متاثر کرنا شروع کردیا جس کے باعث چینی کی مٹھاس کم ہورہی ہے اور شہریوں میں گڑ کے استعمال کا رجحان بھی بڑھ رہا ہے، موسمیاتی تبدیلی سے جہاں انسانی صحت کو خطرات لاحق ہیں تو دوسری طرف فصلوں کو بھی نقصان ہورہا ہے، چینی کی پیداوار 25 فیصد کم ہونے پر شہریوں نے چینی کی جگہ گڑ خریدنا شروع کردیا، دکاندار کہتے ہیں گڑ کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے اور کیمیکل سے پاک گڑ قدرے .... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

نوتال قومی شاہراہ پر ڈکیتی احتجاجاً قومی شاہراہ بند کردی

ڈاکوؤں نے مسافر کوچ اور چھوٹی گاڑیوں کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کردی

مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی اور سونا لوٹ کر فرار ہوگئے، عینی شاہدین

چھتر (یو این اے) نصیر آباد کے علاقے نوتال قومی شاہراہ پر ڈکیتی کی واردات نامعلوم ڈاکوؤں نے مسافر کوچ اور چھوٹی گاڑیوں کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کردی مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی اور سونا لوٹ کر فرار ہوگئے ڈاکوؤں نے پردہ دار خواتین کی بے حرمتی کرکے متعدد سونا اتار کر لے گئے عینی شاہدین واقع کے خلاف......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

گرینڈ ہیلتھ الائنس کے رہنماؤں کی گرفتاری انتقامی کارروائی کے سوا کچھ نہیں، اصغر اچکزئی

جیل میں بند ڈاکٹروں کے ساتھ غیر انسانی سلوک قابل گرفت عمل ہے جنہوں نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے، صوبائی صدر اے این پی

بہار شاہ و دیگر ڈاکٹروں کیخلاف مقدمات ختم اور ان کے ساتھ ہونے والے غیر انسانی سلوک کی تحقیقات کی جائے، حکومت سے مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے چیئرمین ڈاکٹر بہار شاہ اور ان کے دیگر ساتھیوں کے گزشتہ 7 روز سے پابند سلاسل ہونے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدام ہے جس سے نہ صرف ان افراد کے حقوق کی پامالی بلکہ یہ ایک سنگین سیاسی انتقام کے مترادف عمل بھی ہے اصغر خان......... بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی میں کوئی اختلافات نہیں جو مسائل ہیں ان کو حل کرینگے، شعیب نوشیروانی

نظریاتی کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ، مسائل کا حل پارٹی قیادت کی ترجیحات میں شامل ہے

نواز شریف کی قیادت میں ہر فورم پر آواز بلند کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل کو حل کرنے میں سرگرم ہے

سبی (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ نظریاتی کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں ان کو درپیش مسائل کے حل اور مشکلات کا خاتمہ پارٹی قیادت کی ترجیحات میں شامل ہے پارٹی کے نظریاتی کارکنان کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے مسائل .... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی نے کسی اور کیلئے کھودا اور خود گر گئے، مریم اورنگزیب

کہتے ہیں ڈٹ کر کھڑا ہے کپتان لیکن اصل میں کرپشن کرکے کھڑا ہے کپتان، پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے ن لیگ کیخلاف ایک روپے کی کرپشن ثابت نہیں ہوئی، بانی پی ٹی آئی مکافات عمل کا شکار ہوئے، دوسروں کیلئے گڑھا کھودنے والا خود گر گیا، پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا نواز شریف نے اربوں اور کھربوں کے منصوبے لگائے، نواز شریف کو کرپشن کیس پر وزارت عظمیٰ سے نہیں ہٹایا گیا تھا، بیٹے سے تنخواہ لینے پر نواز شریف کو کرسی سے ہٹایا گیا، این سی اے .... بقیہ 80 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالخالق، فضل قادر، ملک عبدالطیف سرگرم و دیگر مسلم باغ میں مختلف لوگوں سے فاتحہ خوانی کررہے ہیں

کراچی، جماعت اسلامی کی دو روزہ تربیتی ورکشاپ سے سابق امیر سراج الحق، صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن بلوچ، مرکزی نائب امیر راشد نسیم و دیگر خطاب کررہے ہیں

بلوچستان میں لاپتہ افراد، لوٹ مار اور دہشتگردی اہم مسائل ہیں، سراج الحق

حکمران خود دہشتگردی کو دوام دے رہے ہیں مشکلات کا حل سیاسی مفاہمت، معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی میں مضمر ہے، سابق امیر جماعت اسلامی

حکمرانوں کے آنے جانے سے نظام میں تبدیلی نہیں آرہی جسکی وجہ سے عام عوام کا سیاسی جمہوری نظام سے اعتماد اٹھ رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی کے سابق امیر سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان میں سیاسی، معاشی عدم استحکام، لاپتہ افراد، دہشت گردی، بنیادی سہولیات کا فقدان اور معدنیات کی لوٹ مار جیسے مسائل ہیں بدقسمتی سے حکمران خود دہشتگردی کو دوام دے رہے ہیں مسائل ومشکلات کا حل سیاسی مفاہمت، معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی، بارڈر بندش کا خاتمہ، سہولیات .... بقیہ 83 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمنٹ اور آئین کی بالادستی کی بجائے اسٹیبلشمنٹ کا راج ہے، مولانا قادر لونی

ملک کو اس بحران کی کیفیت سے نکلنے کیلئے قومی ایشو پر تمام سیاسی جماعتیں اتفاق رائے پیدا کرے

ملک کی موجودہ حالات پر سیاسی جماعتوں کی متحد ہونا ناگزیر ہوچکا ہے، مولانا اجمل قادری و دیگر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا اجمل قادری مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا احمد علی ثانی مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نجم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز......... بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

گیس خریداری اور فروخت میں سوئی گیس کمپنیوں کی اجارہ داری ختم

تھرڈ پارٹی (نجی شعبہ) کو گیس فروخت کی اجازت، وزارت پیٹرولیم ڈویژن نے نفاذ کے فریم ورک کا اعلامیہ جاری کردیا

مقصد سرمایہ کاری بڑھانا، 100 ملین مکعب فٹ گیس پرائیویٹ کمپنیاں ایک سال میں فروخت کرسکیں گی، اوگرا نے توثیق کردی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) گیس خریداری اور فروخت کے شعبے میں سوئی گیس کمپنیوں کی اجارہ داری ختم، گیس کا سیکٹر باضابطہ طور پر کھول دیا گیا، پیٹرولیم ڈویژن نے نفاذ کے فریم ورک کا اعلامیہ جاری کردیا جس کے مطابق تھرڈ پارٹی (نجی شعبہ) کو گیس فروخت کی اجازت دیدی گئی، اوگرا نے توثیق کردی، 100 ملین مکعب فٹ گیس پرائیویٹ کمپنیاں ایک سال میں فروخت کرسکیں گی، .... بقیہ 81 صفحہ نمبر 7 پر